مجربات
قانون مفرد اعضا

مصنفہ و مرتبہ

حکیم محمد یٰسین زبدۃ الحکما
شاگرد رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانیؒ

یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ دنیاپور
یٰسین دواخانہ دربار ہوٹل نزد داتا دربار لاہور

یوتی الحکمۃ من یشاء ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیرا

حلقہ تحریک تجدید طب دُنیاپور کی علم و فن طب کیلئے ساتویں پیشکش!

مجرباتِ قانونِ مفرد اعضاء

نیا ایڈیشن

اس کتاب میں استاد محترم جناب حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی صاحب مرحوم و مغفور کے وہ تمام مجربات جو آپ نے قانون مفرد اعضاء کے تحت تحقیق کر کے شائع کئے ہیں اور جو آپ کے مطب کی زینت ہیں اور جو شائع ہونے سے رہ گئے ہیں وہ تمام تحریک وار ترتیب دے کر شائع کئے گئے ہیں تاکہ قارئین حضرات ان سے مستفیض ہو سکیں۔

مصنف و مؤلف

حکیم محمد یٰسین۔ حکیم محمد شریف دُنیاپوری

ملنے کا پتہ

○ یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ دُنیاپور ضلع لودھراں

○ یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ دربار ہوٹل، ذیلدار روڈ نزد داتا دربار لاہور

فہرست مضامین

پیش لفظ

خداوند حکیم، وحدہ لاشریک کا فرمان ہے کہ "صراط مستقیم اختیار کرو۔ اسی میں تمہارے لئے فلاح ہے"۔

ظاہر ہے کہ جو لوگ صراط مستقیم اختیار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام انہی لوگوں پر ہوتے ہیں یعنی ان کے علم و عقل، تجربات و مشاہدات اور نظریات میں کمال پیدا ہو جاتا ہے۔ انہی بزرگوں کے علم و عقل تجربات و مشاہدات کو بنی نوع انسان اپنی عملی زندگی میں اختیار کر کے ہمیشہ فوائد حاصل کرتی رہتی ہیں۔

حقیقت بھی یہی ہے کہ انسان ہر وقت ایسی راہ نمائی اور راہ کی تلاش میں رہتا ہے جو اس کو اس کی زندگی و کائنات بلکہ مابعد طبیعات کے لئے صحیح دستور العمل کامیاب ہدایت، مسلمہ حقائق۔ نظامی اصول و نظریات اور تجربہ شدہ قوانین ہوں تاکہ وہ ان پر عمل کر کے اپنا مقصد حاصل کرے اور کہیں بھی ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔

یاد رکھیں کہ زندگی کے ہر شعبہ کے لئے علیحدہ علیحدہ نظریات، اصول۔ قوانین مشاہدات، تجربات اور حقائق پائے جاتے ہیں۔ ان کے مفید و موثر ہونے میں بھی کوئی کلام نہیں۔ لیکن ان سے فائدہ اسی وقت حاصل کیا جا سکتا ہے جب یہ علم ہو کہ وہ مشاہدات و تجربات اور تحقیقات کس قاعدہ و قانون اور نظام و اصول کے تحت کام کرتے ہیں۔

یہی صورت علم علاج میں ان مشاہدات و تجربات کی ہے جن کے اصول ترتیب ادویہ اور قانون استعمال سے ایک معالج پورے طور پر واقف ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ کامیاب و کامران رہتا ہے۔

اس کے برعکس جو معالج علم و فن طب کے اصول و حقائق اور قوانین سے واقف نہیں ہیں۔ مگر ان کے پاس بے شمار مجربات ہیں وہ یقیناً مجربات کے فوائد علاً استعمال میں ناکام ہیں۔ ان کے ہزاروں لاکھوں مجربات کی مثال بالکل اس سکہ کی ہے جو ملک میں رائج نہیں ہے۔

یہی وجہ ہے کہ علم علاج کی ابتداء سے آج تک ہر طریق علاج میں مجربات کی شدید طلب رہتی ہے اور کثرت سے کتب لکھی گئی ہیں۔ مگر تا حال مجربات کی طلب ختم نہیں ہوئی۔ بلکہ یہ ایک مرض کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ جس کو ہم جوع المجربات کہہ سکتے ہیں۔

استاد محترم جناب حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی مرحوم نے جہاں اور جس کتاب میں بھی مجربات دیئے سب کو قانون مفرد اعضاء کے زریں اصول کے تحت تفصیل کے ساتھ درج کئے ہیں۔ یعنی جن جن علامات کے لئے مجربات لکھے۔ اول ان علامات کی حقیقت و ماہیت لکھی۔ بعد میں نہایت مختصر اور عام ملنے والی ادویہ کے مجربات تحریر کئے اور دعویٰ کیا کہ اگر ان مجربات سے کسی شخص کو آرام نہ ہو یا وہ غلط اور بے معنی ثابت ہوں تو ہم ہرجہ و خرچہ دینے کو تیار ہیں۔ اس کا اثر یہ ہے کہ معالجین قانون مفرد اعضاء کو مجربات کی طلب ختم ہو گئی۔ ان کو خود ضرورت کے مطابق ترکیب و ترتیب نسخہ پیدا ہو گیا ہے۔

استاد محترم مرحوم نے جو مجربات کی کتاب لکھی تھی ہر چند اس میں ان کے تمام مجربات جو رسالوں میں وقتاً فوقتاً چھپتے رہے تھے درج نہیں تھے۔ دوستوں کا اصرار تھا کہ آپ کے تمام مجربات کا خزانہ ایک جگہ اکٹھا کر کے مجربات قانون مفرد اعضاء کے نام سے کتاب کی صورت میں شائع کر کے معالجین نظریہ مفرد اعضاء تک پہنچایا جائے۔ اسی خواہش کی تکمیل کے لئے ہم نے یہ کتاب لکھی ہے۔ ہماری دعا

ہے کہ خداوند کریم کے فضل سے یہ کتاب حامیین قانون مفرد اعضاء اور دوسرے طرق علاج کے معالجین کے لئے بے حد مفید ثابت ہو۔

زیر نظر کتاب میں ہم نے قانون مفرد اعضاء کی تحریکات کے مطابق مجربات کے چھ باب قائم کئے ہیں۔ ان چھ ابواب میں تمام کتب و رسائل کے مجربات سمو دیئے ہیں جن کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے کہ ہر باب میں اول تمام محرکات۔ پھر ان کے بعد میں ملین مسہل حقویات۔ اکسیر۔ تریاق۔ طلاء۔ سرمہ شیاف۔ نمرہ۔ روغن۔ قطور اور فرزجہ وغیرہ ترتیب وار درج کئے ہیں تاکہ قارئین عنوان کے تحت ہر تحریک کے نسخے ضرورت کے مطابق تلاش کر سکیں اور تمام کتاب کی ورق گردانی نہ کرنی پڑے اور ہر عضو کی ضرورت کے مطابق نسخہ آسانی سے تلاش کر کے بنالیا جائے۔ مثلاً آنکھوں کے لئے اگر عضلاتی غدی قطور کی ضرورت ہے تو عضلاتی غدی باب میں قطور کے عنوان سے جو نسخے درج ہوں گے ان میں سے ہر حکیم ضرورت کے مطابق منتخب کر کے فوراً استعمال کرے گا۔

خادم فن:۔

حکیم محمد شریف و حکیم یٰسین

دنیا پور۔ ضلع ملتان

۱۵ر جولائی ۱۹۸۵ء

مقدمہ

مجربات کی اہمیت

کسی شے کی اہمیت کا اندازہ اس کی تخلیق اور عمل سے لگایا جا سکتا ہے۔ مجربات کی ضرورت، تخلیق، اہمیت اور فعل کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ کسی مرض میں بھی کوئی ایسی غذا، دوا اور شے دینے کی جرأت نہیں کی جا سکتی جو پہلے اس مرض میں تجربہ نہ کی گئی ہو بلکہ بار بار کے مشاہدات میں اس کے تجربات یقینی طور پر صحیح اور بے خطا ثابت ہوئے ہوں۔ کیونکہ فطری طور پر انسانی ذہن اپنے جذبہ رحم دانش کے تحت یہ کبھی گوارا نہیں کرتا کہ انسانی زندگی سے کھیلا جائے اور نقصان کا باعث بن جائے۔

اگر حقیقت کی نگاہ سے دیکھا جائے تو کوئی انسان کوئی بھی فعل یقینی و بے خطا انجام نہیں دے سکتا جو پہلے اس کا تجربہ اور مشاہدہ نہ ہو۔

ان حقائق سے ثابت ہوا کہ مجربات کا استعمال ایک فطری اور انسانی جذبہ ہے چونکہ ایک شخص دنیا بھر کی اغذیہ، ادویہ اور اشیا کو پورے طور اپنے تجربات و مشاہدات میں لا سکتا اور پھر ہر شخص اہل علم اور صاحب فن خصوصاً حکیم و فلاسفر نہیں ہوتا۔ اس لئے اپنی زندگی کی ضروریات اور رہنمائی کے لئے تجربات زندگی اور مجربات اشیا، ادویہ اور اغذیہ کا طلب گار رہتا ہے۔ اسی لئے وہ اپنے بزرگوں کی زندگی کی برکتوں کی صورت میں اور کائنات کی ہر شے سے مستفید ہونے اور اس سے تعلق پیدا کرنے کے لئے فطری طور پر ان کی پوجا کرتا ہے اور جب اس کا ذہن ترقی کرتا ہے اور شعور بلند ہوتا ہے تو وہ خداوند کریم اور قادر مطلق کی پرستش کرتا ہے۔ اسی جذبہ کے تحت وہ اللہ تعالیٰ کے فرستادہ رسولوں و پیغمبروں اور نبیوں کو قبول کرتا ہے تاکہ زیادہ سے

زیادہ یقینی اور بے خطا زندگی گزارنے کے مجربات حاصل ہو جائیں۔ پس جو لوگ بھی مجربات پر صحیح طور پر دسترس حاصل کر لیتے ہیں وہی لوگ زندگی میں کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔

مجربات کیا ہیں

ابتدائے آفرینش سے لے کر اس وقت تک بے شمار تجربات زندگی اور مجربات اشیاء سینہ بہ سینہ اور کتب کی صورت میں چلے آتے ہیں۔ بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اس وقت تک جس قدر کتب لکھی گئی ہیں چاہے وہ کسی بھی شعبہ زندگی میں لکھی گئی ہوں وہ سب زندگی کے تجربات اور مجربات اشیاء کی ہیں۔ گویا انسان کی فطرت ہے کہ وہ جب کوئی شے دیکھتا ہے یا اس کے متعلق سنتا ہے تو وہ اس کی حقیقت و خواص جاننا چاہتا ہے اور اسی طرح جب وہ کسی عمل کو دیکھتا ہے یا سنتا ہے تو اس کے اثرات و افعال کو معلوم کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ اپنی زندگی میں آنے والی ہر شے کی حقیقت و خواص اور ہر عمل کے اثرات و افعال سے آگاہ ہو جائے بس یہی مجربات ہیں جن سے انسان زندگی بھر مستفید ہوتا رہتا ہے۔

کس قدر عجیب بات ہے کہ یہ تجربات زندگی اور مجربات اشیاء انسان کے گرد و پیش کثرت سے بکھرے پڑے ہیں کہ ان کو زندگی بھر سمیٹنا تو رہا ایک طرف اگر گننا بھی چاہے تو نہیں گن سکتا۔ ہزاروں سال میں ہر شعبہ زندگی میں اس قدر کتب لکھی گئی ہیں کہ ان کا شمار بھی مشکل معلوم ہوتا ہے حیرت کی بات ہے کہ اول تو عوام اس پر توجہ ہی کم دیتے ہیں اور اگر مجبوراً ضرورت کے تحت اس طرف رجوع کرتے بھی ہیں تو ان کے پاس کوئی معیار نہیں ہے کہ کس تجربہ زندگی اور مجربہ کو اختیار کریں اور کس کو چھوڑ دیں کیونکہ ان کے پاس کوئی ایسا معیار نہیں ہے جس کو قبول کر کے وہ یہ بیش بہا خزانہ اکٹھا کریں یا قیمتی موتی ہی چن لیں اور ان سے زندگی بھر خود بھی مستفید ہوں اور دوسروں کو بھی مستفیض کریں۔ سچ ہے کہ قدر زر زرگر بداند و قدر جوہر جوہری۔

معیار مجربات

اس حقیقت کا جاننا بھی بے حد اہمیت رکھتا ہے کہ ان تجربات زندگی اور مجربات اشیاء کا معیار کیا ہوتا ہے تاکہ صحیح اور مفید تجربات

زندگی اور تجربات اشیاء سے ہم صحیح طور پر مستفید ہو کر اپنی زندگی کو کامیاب بنا سکیں
سوال پیدا ہوتا ہے کہ کامیاب زندگی کیا ہے۔ کامیاب زندگی کے متعلق یہ حقیقت ذہن نشین کر
لینی چاہیے کہ اس میں نشوو ارتقا ہو اور راستہ میں آنے والی مشکلات اور رکاوٹوں کو دور کیا جا
سکے۔ ان حقائق سے ثابت ہوا کہ اگر ہم کو معیار کامیابی کا علم ہو تو تجربات زندگی اور تجربات
اشیاء سے مستفید ہو کر زندگی کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔

معیار کامیابی کیا ہے؟

جاننا چاہیے کہ معیار کامیابی کی ضرورت کامیاب زندگی کے لئے ہے اور زندگی کا تعلق جسم انسان سے ہے۔ جسم
انسان کا مادی و عقلی اور روحانی نشوو ارتقا ہی اس کی کامیابی ہے۔ جسم انسان کے
راستہ میں سے مشکلات و رکاوٹیں دور کرنا ہی اس کی نشوو ارتقاء کو کامیاب بناتا ہے۔
ان حقائق سے ثابت ہو گیا کہ معیار کامیابی کو سمجھنے کے لئے اول انسان کو سمجھنا چاہیے انسانی
زندگی کو جاننے کے لئے اس کی جسمانی و مادی زندگی سامنے ہو یا عقلی و روحانی زندگی پیش نظر
ہو بہرحال ہماری نگاہ جسم انسان پر سب سے پہلے پڑتی ہے اور یہی اس کی ابتداء ہے۔

حقیقت انسان

جاننا چاہیے کہ ظاہر میں انسان گوشت پوست اور ہڈی و عروق کی ایک شخصیت ہے جس کے جسم میں سرخ رنگ کا خون دوڑتا
ہے یہ خون اس میں حرکت و زندگی شعور و جذبات شوق و رنج اور خیر و شر کی تمیز پیدا کرتا
ہے۔ انسان کا یہ جسم اور شخصیت یقیناً کسی اصول کے تحت بنا ہے اور کسی نظام کے تحت
جاری و ساری ہے اور یہ اصول اور نظام بھی کسی قانون پر رواں دواں ہے۔ اس
حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ انسان تمام کائنات کا مرکز اور اشرف المخلوقات
ہے۔ سچ کہا گیا ہے۔ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ!
جاننا چاہیے کہ انسان کو حتی الامکان جسمانی و عقلی اور روحانی طور پر سمجھنے کے
لئے اس کی بناوٹ و افعال اور تاثرات کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے جس قدر ہم اس کو

سمجھے جاتے ہیں اسی لئے سائنس کی ترقی و کامیابی اور نشوو ارتقا کا علم ہو جاتا ہے ان اصول و نظام پر ہم اس کی ان مشکلات اور رکاوٹوں کو بھی سمجھ سکتے ہیں جو زندگی کے راستہ میں حائل ہو جاتی ہیں۔ انہی اصولی تجربات اور مشاہدات زندگی کا نام سائنس ہے۔

انسان اور فطرت

ہزاروں سال کے تجربات و مشاہدات زندگی سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اس کائنات میں ہر شے کی تخلیق و باہمی تعلق اور زندگی و اعمال کسی قانون کے ساتھ کارفرما ہیں گویا انسانی زندگی کی ہر شکل و عمل بغیر نظام کے نہیں ہے۔ بلکہ موالید ثلاثہ میں مٹی و پتھر اور دھاتیں، پھول و پھل اور درخت و پودے اور چرند و پرند اور وحشی جانور سب کے اعمال و اثرات کسی نہ کسی اصول و نظام کے تحت کام کر رہے ہیں اور یہ اصول و نظام اپنے اندر ایک خاص قانون رکھتے ہیں۔ اس یقین کے بعد کہ اس کائنات کی ہر شے و تخلیق یا ان کا باہمی تعلق اور زندگی کے اعمال ایک خاص قانون کے تحت چل رہے ہیں تو پھر تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ کائنات میں کوئی اس کی فطرت ہے جو ایک خاص قانون کے ساتھ اپنا عمل کر رہی ہے اسی کو ہم قانون فطرت کہتے ہیں اس کا سمجھ لینا ہی مقام ضروری ہے۔

ان حقائق سے ثابت ہو گیا کہ اگر ہم انسان کو جسمانی و عقلی اور روحانی طور پر سمجھنا چاہیں تو لازم ہے کہ ہم انسانی فطرت کو سمجھیں جس پر وہ بنایا گیا ہے۔ قرآن حکیم نے چودہ سو سال پہلے کہہ دیا ہے کہ فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی فطرت وہ ہے جس پر انسان کو پیدا کیا گیا ہے۔ اب ہم کو آسان ہو جاتا ہے کہ انسان کو جسمانی و عقلی اور روحانی کسی بھی حیثیت سے سمجھنا چاہیں تو اول ہم کو اس کے اس نظام زندگی کو جانیں جو ایک خاص قانون کے ساتھ قانون فطرت پر چل رہا ہے۔ پھر ہم صحت کے ساتھ انسانی ترقی و کامیابی اور نشوو ارتقا کو سمجھ کر اس کی مشکلات اور رکاوٹوں کو دور کر سکیں گے چاہے یہ مشکلات اور رکاوٹیں کسی بھی نظام زندگی میں ہوں ہم انشاء اللہ

اس میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔

صحت کی مشکلات

انسانی زندگی میں جسم کی صحت کا قائم رکھنا اہم مشکلات میں شامل ہے۔ جس کو ہم مرض کا نام دیتے ہیں جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ تنگ دستی اگر نہ ہو غالب۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔ مرض ایک ایسی مشکل ہے جس کا تجربہ ہر مرد، عورت اور بچے بوڑھے کو ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کا سلسلہ پیدائش سے موت تک چلتا ہے۔ اس کو رفع کرنے کے لئے علم و فن طب قائم کیا گیا ہے۔ ہزاروں سال سے امراض کو دور کرنے کے لئے علم العلاج اور علم خواص الاشیا اغذیہ و ادویہ چلا آتا ہے تاکہ امراض اور مشکلات صحت کو دور کیا جائے۔ یہ علم و فن طب نہ صرف سینہ بہ سینہ چلا آتا ہے بلکہ اس پر لاکھوں کروڑوں کتب نہ صرف ہر زمانہ میں لکھی گئی ہیں بلکہ ہر ملک اور ہر طریق علاج میں لکھی گئی ہیں۔ آج کل جس کو سائنسی دور کہتے ہیں اس میں نہ صرف بے شمار کتب لکھی گئی ہیں بلکہ گذشتہ علم و فن طب پر جو کچھ لکھا گیا ہے اس پر تحقیق و تدقیق اور ریسرچ کی گئی ہے۔ تاکہ امراض اور مشکلات صحت کا مقابلہ کیا جائے۔

مجربات زندگی

انسان اپنی زندگی میں جو کچھ بھی کرتا رہا ہے وہ اس کا روزانہ کا عمل ہو یا بار بار کا مشاہدہ یا حوادثات زندگی وغیرہ یہ سب اس کے تجربات زندگی ہیں۔ انہی کو مجربات زندگی کہتے ہیں۔ جس طرح یہ مجربات زندگی انسان کے ہر شعبہ حیات میں پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح علم العلاج اور علم الادویہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔ جن کو مجربات علاج یا مجربات الادویہ کہتے ہیں جو امراض اور مشکلات صحت کے لئے خزانہ ہیں۔ حقیقت میں علم العلاج کی بنیاد اسی خزانہ پر ہے۔

مجربات کے خزانے

ہزاروں سال سے انسان نے معالج یا غیر معالج کی حیثیت سے جو مجربات اکٹھے کئے ہیں وہ سینہ بہ سینہ

یا کتب کی صورت میں لاکھوں کروڑوں کی صورت میں ہمارے گرد اگرد پھیلے پڑے ہیں اور یہ علم العلاج کی جان ہیں۔ طبی دنیا میں جو علاجات ہو رہے ہیں وہ انہی پر یقین اور فخر کے ساتھ کئے جاتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ گزشتہ زمانہ قدیم ہو یا موجودہ دور سائنس ان میں جو علاج کئے گئے ہیں یا ہو رہے ہیں یہ سب انہی مجربات کے مرہون منت ہیں۔ اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے یہ فرض کر لیں کہ مجربات ختم ہو گئے ہیں تو یقیناً کہا جا سکتا ہے کہ انسان علمی اور سائنسی علاج سے نہ صرف محروم ہو جائے بلکہ زمانہ جہالت میں پہنچ جائے اور علاج کی دنیا ہمارے سامنے اندھیر ہو جائے۔ ان حقائق سے ثابت ہوا کہ مجربات اپنے اندر زبردست اہمیت رکھتے ہیں۔

حقیقت مجربات

مجربات کے عظیم خزانے جو ہزاروں سال سے اب تک ہمارے گرد پھیلے ہوئے ہیں لیکن پھر بھی مجربات کی طلب باقی ہے بلکہ پہلے سے بہت زیادہ ہے۔ اس سلسلہ میں کسی معالج سے بات کی جائے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کو مرض جوع المجربات ہو گیا ہے۔ صرف ایورویدک اور طب یونانی کے معالجین پر ہی منحصر نہیں فرنگی طب اور ہومیوپیتھ ڈاکٹروں میں بھی یہ بیماری شدت سے ہے۔ فرنگی طب میں تلاش مجربات کے ثبوت میں ان کی نت نئی پیٹنٹ ادویات بازاروں میں آتی رہتی ہیں اور جب آتی ہیں تو یہ کہا جاتا ہے کہ یہ نئی دوا فلاں مرض کے لئے اکسیر و تریاق اور یقینی و بے خطا دوا ہے۔ کیونکہ ماڈرن میڈیکل سائنس کی تحقیقات کا نچوڑ ہے اور ہزاروں قابل ترین ڈاکٹروں کی تصدیق ہے۔ مگر تھوڑے عرصہ بعد وہی دوا ناکام ہو جاتی ہے۔ اس میں کیڑے پڑ جاتے ہیں اور نئی دوا نئے دعووں کے ساتھ بازار میں آ جاتی ہے۔ اس کا نام ریسرچ رکھا گیا ہے۔ جو ماڈرن میڈیکل سائنس کے نام سے ہو رہی ہے۔ آنکھ کے اندھے نام نین سکھ۔

فرنگی ڈاکٹروں کی پیٹنٹ ادویہ تو رہیں ایک طرف ان کی روزانہ استعمال کی

وام ادویہ جن کو "ڈرگس" کہتے ہیں جیسے سوڈا و پوٹاس، کیلشیم وغیرہ اور سلفر و سالٹ وغیرہ کے افعال و اثرات کا بھی یقینی علم نہیں ہے اور نہ وہ ان کو کسی مرض میں یقینی طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ اسی لئے ہر روز اکسیر و تریاق قسم کے مجربات کی تلاش ہے معلوم یہ ہوتا ہے کہ یا تو ان کا افعال و اثرات ادویہ و اغذیہ اور اشیاء لینے کا طریق کار غلط ہے یا تشخیص الامراض و علامات ہی صحیح نہیں جس سے وہ دونوں کو تطبیق دے سکیں اور مرض رفع ہو جائے۔ اس لئے مجربات کی تلاش جاری ہے۔

ہومیو پیتھی میں علاج علامات کے تحت ہوتا ہے۔ ان کے ہاں مرض کا تصور نہیں ہے لیکن اکثر ان رسالوں اور کتب میں لکھا ہوتا ہے کہ فلاں بیماری کے لئے فلاں دواں فلاں طاقت کی بہت مفید ہے اور اکثر یہ تلاش رہتی ہے کہ خاص خاص امراض خصوصاً پیچیدہ اور عسیر علاج امراض میں کونسی ادویہ یقینی اثر رکھتی ہیں۔ تقریباً تمام ہومیو پیتھک رسالوں میں امراض کے نام لکھ کر ان کے تحت مجرب ادویہ لکھ کر ان کے اشتہار دیئے جاتے ہیں تاکہ عوام منگوا کر استعمال کریں اور خود گھر میں علاج کر لیں۔ یہاں پر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ہومیو پیتھی میں امراض تسلیم نہیں کئے جاتے بلکہ علامات کے تحت علاج کیا جاتا ہے۔ ایک عام انسان اپنے گھر میں علامات کو کیسے قابو کر سکتا ہے اس سے بھی عجیب بات یہ ہے کہ ہمارے بہترین دوست ہومیو ڈاکٹر جناب محمد اسماعیل صاحب نامی نے سانپ کاٹے کی ایک ہومیو پیتھک دوا ایجاد کی ہے جس کی تعریف ہمیشہ ان کے رسالے میں شائع ہوتی رہتی ہے۔ ہمیں پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ وہ ایک اچھے قسم کے ہومیو پیتھ لیڈر ہیں اور اس قسم کے اشتہار شائع کراتے ہیں جو ان کے طریق علاج کے بنیادی عقیدے کے خلاف ہیں۔

ہمیں دوا کے مجرب اور بے خطا ہونے سے انکار نہیں ہے بلکہ صرف یہ ظاہر کرنا ہے کہ مجربات کی تلاش و طلب سے کس قدر فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ یہاں پر

ایمان اور عقیدے سب دھرے رہ جاتے ہیں۔
البتہ عوام کی معلومات کے لئے یہاں پر یہ لکھ دینا ضروری ہے کہ ہر قسم کے سانپ کاٹے کا ایک ہی علاج نہیں ہو سکتا بلکہ مختلف قسم کے سانپ ہوتے ہیں اور ان کے زہر بھی مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔ ان کی علامات بھی مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ پھر ایک قسم کی دوا ہر قسم کے سانپ کے زہر اور علامات کو کیسے دور کر سکتی ہے اس لئے ماڈرن سائنس اس وقت تک کوئی ایسی دوا یا ٹیکہ ایجاد نہیں کر سکی جو ہر قسم کے سانپ کے زہر کا تریاق ثابت ہو سکے۔ بہر حال مجربات کی تلاش ہے۔
یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ ایورویدک اور طب یونانی میں مجربات و مرکبات اور مفردات کے افعال و اثرات ایک قانون کے تحت حاصل کئے جاتے ہیں اور اسی طرح امراض و علامات کی تشخیص بھی بالکل اسی قانون کے تحت ہے جس قانون کے تحت مجربات و مرکبات اور مفردات کے افعال و اثرات حاصل کئے جاتے ہیں۔ یہ قانون کیفیات و مزاج اور اخلاط کا ہے ساتھ ہی کے مطابق امراض و علامات انہی کیفیات و مزاج اور اخلاط کے افعال و اثرات رکھنے والی مفردات و مرکبات و مجربات سے تطبیق دے کر علاج کیا جاتا ہے اور یقینی شفا حاصل کی جاتی ہے اور جو ادویہ، اغذیہ اور اشیاء اس قانون کے تحت نہیں ہوتے وہ بالکل مفید نہیں چاہے وہ کتنے بھی دعوؤں کے مجربات کیوں نہ ہوں۔ اس کتاب میں ہم انہی قوانین کو بیان کریں گے جن کے تحت مجربات کو یہ سمجھا جا سکے کہ کیا واقعی وہ مجربات میں شامل ہیں اور کن امراض کے لئے مفید ہیں جب تک مجربات کی صحیح شناخت نہ ہو اس وقت تک مجربات کا استعمال نہیں کیا جا سکتا اور اگر بغیر صحیح شناخت کے مجربات کا استعمال کیا گیا تو اول نقصان ہونے کا خطرہ ہے اگر نقصان نہ بھی ہوا تو اس کا مفید ہونا یقینی نہیں ہے۔ اسی ضرورت کے تحت ہم تحقیقات المجربات پیش کر رہے ہیں۔

مجربات اور بنیادی قوانین

عام طور پر یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ مجربات کے لئے بنیادی قوانین کی ضرورت نہیں ہے وہ بالخاصہ خاص خاص امراض کے لئے مفید بلکہ اکسیر وتریاق اور یقینی شفا کا حکم رکھتے ہیں۔ ایسا خیال نہ صرف غلط ہے بلکہ بے بنیاد بھی ہے۔

یاد رکھیں کہ امراض کے لئے بالخاصہ مجربات چاہے وہ مرکبات ہوں یا مفردات انہی کو کہتے ہیں جن کے اصول شفا کا بنیادی قوانین کے مطابق علم نہیں ہوتا جن کو انگریزی میں "ریشنل ادویات" کہتے ہیں۔ ان کو اصولی ادویات "امپیریکل" سے جدا سمجھا جاتا ہے جیسے فرنگی طب میں پارے کو آتشک کا یقینی علاج سمجھا جاتا ہے۔ اس سے کیوں فائدہ ہوتا ہے اس کا فرنگی طب کو بالکل علم نہیں ہے۔ اس طرح فرنگی طب نے بہت سے امراض میں مجربات پیش کئے ہیں جن کے قوانین شفا سے وہ بالکل واقف نہیں ہے۔ اس سے علم العلاج میں بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں۔

فرنگی طب کی غلط فہمی

فرنگی طب میں خواص الادویہ کہیں جراثیم کے تحت حاصل کئے جاتے ہیں، کہیں فزیکلی بالاعضاء افعال دیکھے جاتے ہیں اور کہیں کیمیکلی خون کے اجزاء (ایلیمنٹس) کی کمی بیشی کو مدنظر رکھا جاتا ہے اس لئے کوئی واحد بنیادی قانون استعمال نہیں کیا گیا یہی صورتیں تحقیقات ماہیت امراض میں بھی سامنے رکھی جاتی ہیں۔ نتیجہ ظاہر ہے۔ ادویہ اور امراض کی تطبیق بہت مشکل ہو جاتی ہے بلکہ ان کی ایک صورت دماغی بھی ہے۔

فرنگی طب چونکہ کیفیات و مزاج اور اخلاط کو تسلیم نہیں کرتی اس لئے اس کے مجربات نے اور بھی غلط فہمیاں پیدا کر دی ہیں۔ اس لئے متلاشی مجربات اور سہل پسند معالجوں نے طب مجربات کے لئے فرنگی طب کے تجربات کی طرف یلغار کر دی۔ اس گروہ میں عوام اور عطائی قسم کے اطباء ہی شریک نہیں ہیں بلکہ بڑے بڑے جگادری لیڈر قسم کے

اطبا بھی ملوث ہیں، بلکہ اس وقت ملک بھر میں ہی نہیں دنیا بھر کے معالجین کی یہ حالت ہے کہ وہ فرنگی مجربات ہی سے علاج معالجہ کرتے ہیں۔ کیونکہ ان میں کیفیات و مزاج اور اخلاط کی بندشیں نہیں ہیں وہاں پر واحد مرض کا واحد علاج رائج ہے اور معالج کی ذہنی جدوجہد جو تطبیق مرض و دوا اور غذا میں کی جاتی ہے وہ ختم ہو گئی ہے اس لئے روز بروز فرنگی طب کو اپنایا جا رہا ہے۔

بعض اطبا اس میں یہ توجیہہ پیش کرتے ہیں کہ فرنگی طب ماڈرن میڈیکل سائنس ہے اس کے مجربات یقینی اور تحقیق شدہ ہیں۔ ان سے مستفید ہونا چاہئے۔ ایک گروہ اطبا کا یہ کہنا ہے کہ طب یونانی قدیم طریقہ علاج ہے۔ اس کا احیاء اور تجدید اسی طرح ہو سکتی ہے کہ اس میں فرنگی طب اور ماڈرن سائنس کی تحقیق شدہ معلومات امراض یعنی مجربات اور مفید آلات کو ضرور داخل کر لینا چاہئے ورنہ طب قدیم ختم ہو جائے گی۔ ایک تیسرا گروہ یہ تصور پیش کرتا ہے کہ سائنس کا زمانہ ہے اور دنیا سائنس پسند ہے۔ اس لئے ماڈرن میڈیکل سائنس کو طب قدیم میں جذب کر کے اس کو ماڈرن بنانا ضروری ہے۔ ورنہ اس کو رفتہ رفتہ نظر انداز کر کے ختم کر دیا جائے گا گویا اب ایک ایسا وقت آ گیا ہے کہ عوام اور اطبا فرنگی طب کی فوقیت کو تسلیم کر کے اس کے طریق علاج اور ادویات احسن اور مفید خیال کرتے ہیں اور اس کے مقابلے میں طب قدیم کو کوئی مقام نہیں دیتے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت بھی طب قدیم کو اس کا مقام نہیں دیتی جس کا ثبوت طبی رجسٹریشن کے قانون میں دنیا کے سامنے آ گیا ہے۔

طب قدیم میں انقلاب

ایورویدک اور طب یونانی کے متعلق بنیادی طور پر یہ فیصلہ کر لینا چاہئے کہ (۱) کیا وہ غلط طریقہ علاج ہے (۲) کیا اس کی بنیاد قانون پر قائم ہے یا وہ عطایانہ طریقہ علاج پر مشتمل ہے (۳) کیا میڈیکل سائنس اور ماڈرن سائنس نے فن علاج کی جو خدمت کی ہے وہ اس قدر علمی اور

سائنسی ہے کہاں کے مقابلے میں طب قدیم ایک وحشیانہ طریقہ علاج ہے۔ ان سوالات کا
فیصلہ کن جواب یہ ہے کہ (۱) آجکل دنیا بھر کی کوئی سائنس طب قدیم کو غلط طریق علاج ثابت
نہیں کر سکی بلکہ یورپ و امریکہ میں بھی قدیم طریقہ علاج کسی نہ کسی رنگ میں قائم ہے
تک چین میں موجودہ سائنسی کمالات کے باوجود طب قدیم کو حکومت کی سرپرستی اسی طرح
قائم ہے جس طرح فرنگی طب حکومت کی سرپرستی میں کام کر رہی ہے (۲) طب قدیم کو غیر
کامیاب طریقہ علاج تسلیم کرنا اس کی قوت شفا پر نہیں ہے بلکہ اس کے تمام بیس (۲۰) پر قائم
اور قوت شفا دوسرے فن پر ہے۔ وہ بھی اس میں دیگر طریق علاج سے بہت زیادہ ہے
طب قدیم علمی و سائنسی طریقہ علاج بھی ہے اور اس میں انتہائی قوت شفا بھی پائی جاتی
ہے (۳) ان حقائق سے ثابت ہے کہ طب قدیم اس وقت تک فرنگی طب سے بہت زیادہ
خدمات نہ صرف انجام دے رہی ہے بلکہ اکثر امراض کا علاج جو فرنگی طب (ماڈرن میڈیکل سائنس)
ہنوز نہیں کر سکی ان کا کامیاب علاج طب قدیم میں موجود ہے جس کو اکثر یورپ و امریکہ
چین کے چوٹی کے ڈاکٹروں نے تسلیم کیا ہے۔

ان حقائق کو تسلیم کرنے کے بعد ایک اہل نظر اور صاحب علم کے ذہن میں فوراً یہ
حقیقت آجاتی ہے کہ اگر طب قدیم بالکل علمی سائنسی اور قانونی طریقہ علاج ہے اور فرنگی
طب بھی اپنے آپ کو سائنسی اور تحقیقی علاج کہتی ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ دونوں
ایک دوسرے کے مخالف بھی ہوں اور صحیح طریقہ ہائے علاج بھی ہیں۔ کیونکہ زندگی و
کائنات کے انتظام کے لئے ایک قانون مقرر ہے جس کو قانون فطرت کہتے ہیں۔ دو
ایک ہی قانون پر کیسے صحیح کیے جا سکتے ہیں۔ یہ حقیقت بالکل مسلمہ ہے اس کے لئے ہم
نے ثابت کیا ہے کہ طب قدیم بالکل صحیح فطرت کے مطابق اور علمی و سائنسی طریق علاج
ہے اور اس کے مقابلے میں فرنگی طب غیر صحیح غیر فطری اور غیر سائنسی بلکہ عطایانہ علاج ہے
اس کے لئے دیکھیں ہماری کتاب "فرنگی طب غیر علمی اور غلط ہے"۔

احیائے فن اور تجدید طب

قانون فطرت ہے کہ جب دنیا میں سچائی و صدق اور حقیقت پر خواہش و کذب اور نفس پرستی کے غبار و پردے اور خس و خاشاک پڑ جاتے ہیں اور دنیا کی اکثریت گمراہی اور اندھیرے میں سرگرداں و پریشان اور صحیح راہ سے دور چلی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے اس سچائی و صدق اور حقیقت کو دنیا میں روشن کر دیتے ہیں تاکہ اہل نظر صاحب علم اور ماہر فن ہدایت اور روشنی سے منور ہو کر اصل راہ اختیار کر لیں۔

بالکل اسی قانون کے تحت اللہ تعالیٰ نے ہم سے یہی کام لیا ہے اور یہ کام ہم سے ایک معالج کی حیثیت سے لیا ہے جس کا مقام ایک حکیم سے زیادہ نہیں ہے اور نعوذ باللہ اس میں کسی مسیح اور مہدی کا تصور تک نہیں اور نبوت تو بالکل ختم ہو چکی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قانون فطرت کو بالکل واضح کر دیا ہے جس پر زندگی اور کائنات رواں دواں ہے کیونکہ اس کے بعد کوئی بھی قانون فطرت نہیں ہو سکتا اس لئے ختم نبوت لازم آتی ہے۔

ہماری خدمات صرف احیائے فن اور تجدید طب تک محدود ہیں ہم نے ثابت کیا ہے کہ طب قدیم نہ صرف بالکل صحیح اور قانون فطرت کے مطابق علاج ہے بلکہ دنیا کا کوئی بھی طریقہ علاج جو قانون فطرت کے مطابق نہیں ہے وہ غلط ہے اس مقصد کے لئے ہم عرصہ نو سال سے دنیا کے سامنے اپنی تحقیقات پیش کر رہے ہیں۔

نظریہ مفرد اعضاء

کسی فن کو اس وقت تک زندہ نہیں کیا جا سکتا جب تک اس میں تجدید نہ کی جائے۔ تجدید کے معنی ہیں قدیم علم و فن کو نیا مقام اور نیا زندگی بخشنا یاد رکھیں تجدید کے معنی کسی نئے علم و فن کا پیدا کرنا نہیں ہے بلکہ قدیم علم و فن کی سچائی و صداقت اور حقیقت کو روشن اور نمایاں کرنا ہے۔ سو ہم نے بھی فن کو زندہ کرنے کے لئے طب میں تجدید کی ہے۔ کوئی نئی طب نہیں پیش کی جس کو طب جدید کہا جائے۔ تجدید طب اور طب جدید دو مختلف

صورتیں ہیں۔ ہم احیائے فن اور تجدید طب کے داعی ہیں۔

یاد رکھیں کہ کسی فن کے احیاء اور تجدید کے لئے اس وقت تک کوئی صورت پیدا نہیں ہو سکتی جب تک فطرت کا کوئی ایسا قانون و کلیہ اور اصول و قاعدہ پیش نہ کر دیا جائے جس کی بنیادوں پر اس میں احیاء اور تجدید کی جا سکے اور اس قانون و کلیہ اور اصول و قاعدہ کو فطرت کے مطابق ثابت کرنے کے لئے تجربہ و مشاہدہ پیش کیا جائے یا کسی علمی اور سائنسی قانون و کلیہ اور اصول و قاعدہ کو سامنے رکھ کر فطرت کے مطابق کر دیا جائے۔ بس یہی اس کی نظری اور عملی صورت ہوگی ہم نے بھی اسی طرح کا ایک نظریہ پیش کیا ہے۔ جس کا نام نظریہ مفرد اعضاء رکھا ہے۔

نظریہ مفرد اعضا کی تشریح

یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ جسم کی مشین چند اعضاء کے پرزوں سے مرکب ہے۔ جو مفرد اعضاء سے مرکب ہیں۔ یہ مفرد اعضاء اخلاط سے بنتے ہیں اور اخلاط اس غذا سے پیدا ہوتے ہیں جو ہم روزانہ کھاتے ہیں۔ یہ روزانہ کھانے والی اغذیہ اپنے اندر چند مخصوص کیمیائی کیفیات اور مزاج رکھتی ہیں۔

ماڈرن سائنس اور میڈیکل سائنس بھی یہ تسلیم کرتی ہیں کہ جسم کی مشین جن اعضاء کے پرزوں سے مرکب ہے وہ تمام انسجہ (ٹشوز) سے مرکب ہیں اور ہر نسیج ہزاروں خلیات (حیوانی ذروں) سے مرکب ہے جن کو سیل کہتے ہیں۔ ہر سیل (حیوانی ذرہ) اپنے اندر ایک جداگانہ زندگی رکھتا ہے یعنی سانس و غذا لیتا ہے اور اپنے فضلات خارج کرتا ہے پھر اپنے جیسے خلیات (سیلز) پیدا کرتا ہے۔ انہی سے ٹشوز (انسجہ) مرکب ہیں۔ یہ انسجہ (ٹشوز) چار قسم کے ہوتے ہیں ان میں سے تین اعضائے رئیسہ (دل دماغ جگر) بنتے ہیں جن کو (۱) عضلی نسیج (۲) عصبی نسیج (۳) غدی نسیج کہتے ہیں اور (۴) الحاقی نسیج سے جسم کی بنیادیں تیار ہوتی ہیں۔ یہ تمام انسجہ خون سے بنتے ہیں جو ایک

کیمیاوی مرکب ہے اور یہ بھی مسلمہ حقیقت ہے کہ خون غذا سے بنتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ طب قدیم تسلیم کرتی ہے کہ جسم چار اخلاط سے مرکب ہے۔ اور ماڈرن سائنس یہ تسلیم کرتی ہے کہ جسم چار ٹشوز قسم کے اعضاء سے مرکب ہے۔ اور ہر ٹشو اپنا ایک مختلف مزاج اور کیفیت رکھتا ہے۔ یعنی ہر ایک کا مزاج ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ جیسے طب یونانی کے اخلاط ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن اگر ان چاروں خلطوں اور چار انسجہ (ٹشوز) کو تطبیق دیا جائے تو ایک ہی معلوم ہوتے ہیں (۱) خلط بلغم سے نسیج اعصابی بنتا ہے اور یہی اس کی غذا اور جزو بدن ہے۔ (۲) خلط خون (سرخی) سے نسیج عضلاتی بنتا ہے اور یہی اس کی غذا اور جزو بدن ہے (۳) خلط صفراء سے نسیج غدی بنتا ہے اور یہی اس کی غذا اور جزو بدن ہے (۴) خلط سوداء سے نسیج الحاقی بنتا ہے اور یہی اس کی غذا اور جزو بدن ہے۔ گویا اخلاط اور انسجہ لازم و ملزوم ہیں۔ یہ وہ حقائق ہیں جن سے کوئی سائنس انکار نہیں کر سکتی۔ جب ان حقائق پر مسلسل سالہا سال غور و فکر کیا گیا تو ان میں سے بے شمار حقائق کے چشمے ابلنے لگے ہیں۔ جن سے بحر ذخار اور بے پایندہ کنار پیدا ہو گیا۔ یہی وہ مقام اور موڑ (ٹرن) تھا جس سے احیائے فن اور تجدید کی روئیں پیدا ہوئیں۔

نظریہ مفرد اعضا کی عملی صورت

طب قدیم میں صحت کا قیام اعتدال اخلاط و مزاج اور کیفیات پر ہے۔ یہ اعتدال قائم نہیں رہتا تو مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ پھر مرض کا علاج یہ ہے کہ ان میں اعتدال قائم کر دیا جائے۔ مرض کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب اخلاط و مزاج اور کیفیات کا اعتدال بگڑتا ہے تو اس کا اولین اثر اعضاء پر پڑتا ہے۔ کیونکہ انہی سے پہلے اعضاء بنتے ہیں جیسا کہ شیخ الرئیس بوعلی سینا نے لکھا ہے۔ وھی (اعضاء) اجسام متولدۃ من اول مزاج الاخلاط کما ان الاخلاط اجسام متولدۃ من اول مزاج الارکان (اور یہی اعضاء

اجسام ہیں جو اخلاط کی ابتدائی ترکیب سے پیدا ہوتے ہیں جیسا کہ اخلاط جیسے اجسام ارکان کی ابتدائی ترکیب سے پیدا ہوتے ہیں۔

شیخ الرئیس نے نہ صرف اعضاء کی پیدائش کی ابتدائی صورت بیان کر دی ہے بلکہ مثال بھی دے دی ہے کہ جیسے ارکان سے اخلاط پیدا ہوتے ہیں جس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ اخلاط ہمیشہ ارکان سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس میں خوبی اور کمال یہ ہے کہ ارکان و اخلاط اور اعضاء کا ایک مسلسل تعلق پیدا کر دیا ہے۔ ان تینوں کو ایسا جوڑ دیا ہے کہ وہ تینوں نہ صرف ایک دوسرے کے بعد ہیں بلکہ ایک ہی سے معلوم ہوتے ہیں۔ البتہ ان میں ارتقائی صورت قائم ہے۔ یعنی اول ارکان پھر اخلاط اور آخر میں اعضاء ہیں۔ انہی اعضاء کے افعال کے بگڑنے کو امراض قرار دیا گیا ہے چاہے ان کا بگاڑ سادہ (کیفیاتی) ہو یا مادی (اخلاطی) ہو۔ بس یہیں سے احیائے فن اور تجدید طب کا مقام پیدا ہوتا ہے۔

نظریہ مفرد اعضاء کا نکتہ عروج

جب یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ اخلاط سے اعضاء بنتے ہیں۔ دوسرے اعضاء یقیناً اخلاط کی ارتقائی صورت ہیں تیسرے اعضاء ہی کے بگاڑ کو مرض قرار دیا جاتا ہے۔ یعنی جب تک اعضاء کے افعال میں افراط و تفریط اور خرابی واقع نہ ہو اس وقت تک اس کو مریض نہیں کہہ سکتے۔ پھر اگر اخلاط کی بجائے اعضاء کو قیام صحت اور سبب مرض قرار دیا جائے تو ہم اخلاط کے چکر سے نکل کر اعضاء پر پہنچ جاتے ہیں۔ جس سے نہ صرف تشخیص میں آسانیاں اور علاج میں سہولتیں پیدا ہوتی ہیں بلکہ احیائے فن اور تجدید طب کی صورتیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں اور ہم ماڈرن سائنس کے بالمقابل خم ٹھونک کر کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اس سے ایک طرف طب قدیم کا کمال ظاہر ہو جاتا ہے اور دوسری طرف ماڈرن میڈیکل سائنس کی غلط صورتیں اور تحقیقات کو نمایاں کر کے دنیائے طب میں اپنا نام و مقام بلند کر سکتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ اخلاط چاہے ہوں یا اعضاء کو اول تسلیم کر لیا جائے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یعنی چالیس سیر کا من تسلیم کر لیا جائے یا ایک من کے چالیس سیر مان لئے جائیں بات تو ایک ہے۔ لیکن حساب میں سہولت من کو تسلیم کرنے سے ہی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ من میں چالیس سیر ایک جگہ اکٹھے ہوتے ہیں اور اس کو قابو رکھنا آسان ہے۔

ایک بات اور قابل غور ہے کہ جن اخلاط سے جو اعضاء بنتے ہیں۔ اگر انہی اعضاء کے افعال میں تیزی پیدا کر دی جائے تو جسم میں وہی اخلاط کثرت سے بننے لگتے ہیں مثلاً اگر جگر کے فعل میں تیزی پیدا کر دی جائے تو جسم میں صفراء کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ یہی صورت دیگر اعضاء کے افعال میں تیزی پیدا کرنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔ گویا اعضاء کا تسلیم کرنا ایک ایسا لفظ کمال ہے۔ ایک طرف ہم اپنی مرضی کے اخلاط و مزاج اور کیفیات پیدا کر سکتے ہیں اور دوسری طرف ان کے افعال کے اعتدال سے صحت کو قائم رکھ سکتے ہیں اور امراض دور کر سکتے ہیں۔ اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مفرد اعضاء (ٹشوز) کو بنیاد صحت و مرض تسلیم کر کے سائنس دنیا سے اپنی برتری تسلیم کرا سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ اخلاط سے تو انکار کر سکتے ہیں۔ مگر مفرد اعضاء (ٹشوز) کی ہستی سے ہرگز انکار نہیں کر سکتے جب کہ ہم نے مفرد اعضاء کے ساتھ اخلاط و مزاج اور کیفیات کو تطبیق دے دیا ہے۔ اس طرح ماڈرن میڈیکل سائنس ان کی حقیقت سے بھی انکار نہیں کر سکتی۔ بس یہی نظریہ مفرد اعضاء کی حقیقت ہے جس کے ذریعے احیائے فن اور تجدید طب کی صورتیں پیدا کی گئی ہیں (از تحقیقات المجربات مصنف حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی صاحب مرحوم)

نوٹ:۔ تفصیل کے لئے تعارف نظریہ مفرد اعضاء اور "نمبر نظریہ مفرد اعضاء" کا مطالعہ کریں۔

اصطلاحات

۱۔محرک:۔ محرک ایسی دوا کو کہتے ہیں جو کسی مفرد عضو کو سکون سے فعل میں لے آئے یہ تیزی اس عضو کے جسم میں انقباض سے پیدا ہوتی ہے۔

۲۔شدید:۔ محرک دوا سے ذرا تیز اثر رکھنے والی دوا کو شدید کہتے ہیں۔

۳۔ملین:۔ ملین وہ دوا ہوتی ہے جس میں محرک و شدید اثرات کے ساتھ ساتھ فضلات کے خارج کرنے کی قوت بھی ہو۔

۴۔مسہل:۔ مسہل دوا میں محرک۔شدید۔ملین اثرات کے علاوہ ادرار کی قوت بھی ہوتی ہے ہم مسہل دوا کو قلیل مقدار میں دے کر محرک۔شدید بلکہ مقوی اثرات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

فارماکوپیا کے مجربات میں اس امر کو خاص طور پر مدنظر رکھا گیا ہے کہ ان کی تیاری میں ان کی ترتیب اور قوت میں مناسبت قائم رہے۔ تاکہ ایک طرف ان کے اثرات کی الگ الگ حیثیت قائم رہے اور دوسری طرف ان کی تیاری میں کسی قسم کی کوئی مشکل پیش نہ آئے۔

علاج کی صورت میں اول ہلکی ادویات استعمال کریں۔ بعد میں ضرورت کے مطابق شدید۔ملین اور مسہل استعمال میں لائیں۔

۵۔مقوی:۔ مقوی ایسی اشیاء کو کہتے ہیں جو کسی عضو کی طرف خون کو آہستہ آہستہ جذب کرانا شروع کر دیں۔ ان میں اغذیہ، ادویہ اور زہر تک شامل ہیں۔ مثلاً اغذیہ میں گوشت ادویہ میں فولاد اور زہروں میں سنکھیا اور کچلہ مقویات میں شامل ہیں چونکہ ہر عضو رئیس کا علیحدہ علیحدہ مزاج ہوتا ہے۔ اس لئے ان کی طبیعت

رکھنے وال اشیاء ہی مقوی ہو سکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نظریہ مفرد اعضاء میں ہر تحریک کے مطابق مقویات پائے جاتے ہیں۔

۶۔ اکسیر:۔ اکسیر اس دوا کو کہتے ہیں جو نہ صرف فوراً خون میں جذب ہو کر اپنا اثر شروع کر دے بلکہ مدت مدید تک اپنا شفائی اثر جسم میں قائم رکھے۔

ایسی ادویہ کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے جب کوئی مرض مستقل یا دائمی صورت اختیار کر جائے۔ مثلاً شوگر، دائمی قبض، چھپاکی، سوزاک، خارش اور چنبل وغیرہ ایسی علامات اس وقت ظاہر ہوتی ہیں جب کوئی خلط خون میں جمع ہو جائے اور پھر تکلیف کا سبب بن جائے۔

۷۔ تریاق:۔ تریاق اس دوا کو کہتے ہیں جو کسی زہر کو باطل کر دے۔ یا پہلی حالت کو یکدم نئی حالت میں تبدیل کر دے۔ ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی میں اسے اینٹی ڈوٹ کہتے ہیں۔

مثلاً کھار (الکلی) کے مقابلہ میں ترشی (ایسڈ) ہے۔ اسی طرح افیون کے زہر کو کچلہ زائل کر دیتا ہے۔ تریاق قسم کی ادویہ کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے جب کسی زہر سے یا کسی عضو کی شدید تحریک سے موت واقع ہونے کا خطرہ ہو مثلاً ہیضہ، نمونیا، سرسام اور خونی قے وغیرہ۔

۸۔ لبوب:۔ لبوب لب کی جمع ہے۔ لب کے معنی مغز، گری یا گودا کے ہیں۔ لبوب میں نہ صرف ادویہ کے مغز (مغز بادام، مغز پستہ، مغز فندق) پائے جاتے ہیں۔ بلکہ پرندوں کے مغز جن میں مغز سر گنجشک سرفہرست ہے، شامل کیا جاتا ہے لبوب کی بناوٹ بھی معجون کی طرح ہی ہوتی ہے۔ فرق صرف ادویہ کی کیفیت کا ہے۔ جوارشوں میں اگر غدی ادویہ شامل ہوتی ہیں تو لبوب میں غدی اعصابی گرم تر ادویہ، اغذیہ اور اشیاء شامل ہوتی ہیں۔ ہر قسم کا لبوب غدی اعصابی اثرات

کا حامل ہوتا ہے۔

۹۔حلوہ:۔ حلوے کے لغوی معنے شیرینی یا مٹھائی کے ہیں۔لیکن دواسازی کی اصطلاح میں اس خاص دوائے غذائی کو کہتے ہیں جس کا جزو اعظم میدہ گھی اور شکر ہوتے ہیں۔ان میں مغزیات وغیرہ بھی شامل کر دیئے جاتے ہیں۔ان حلوؤں کو زیادہ تر موسم سرما میں بطور ٹانک استعمال کیا جاتا ہے۔ہر قسم کے حلوے اعصابی غدی اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔

۱۰۔خمیرہ:۔خمیرہ جیسا کہ اس کے نام سے واضح ہے ایک ایسا مرکب ہے۔جس میں کچھ عرصہ بعد کسی قدر خمیر پڑ جاتا ہے۔خمیر اسی شے میں پڑتا ہے جس میں تری کا غلبہ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ خمیرہ جات کے کل اجزاء اعصابی عضلاتی اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔جو بالفعل مولد بلغم و رطوبات ہوتے ہیں۔

ان کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب جسم میں رطوبات کی کمی ہوتی ہے۔جن میں جوش خون خفقان قلب۔بلڈ پریشر ہائی۔تقطیر بول۔عسرت طمث اور سوزش گردہ و مثانہ وغیرہ شامل ہیں۔

۱۱۔اطریفل:۔ اطریفل دراصل ایورویدک کا مرکب ہے۔جس کا نام ترپھلہ ہے جس میں تین ادویہ ہلیلہ۔بلیلہ اور آملہ ہموزن پڑتی ہیں۔اس مرکب کے نام کو معرب کر کے اطریفل بنا لیا گیا ہے۔

یاد رکھیں کہ اطریفل قلب و عضلات کو تحریک دیتا ہے اور عضلاتی اعصابی اثرات کا حامل ہوتا ہے۔اس نسخہ میں ہلیلہ ملین۔بلیلہ محرک اور آملہ مقوی عضلات ہے۔تینوں عضلات میں اس قدر تحریک اور انقباض پیدا کرتے ہیں جس سے نچوڑ کی صورت پیدا ہو جاتی ہے اور تمام بلغم خارج ہو جاتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اسے دماغی اور بلغمی امراض کے لئے تریاق سمجھا جاتا ہے۔

۱۲۔ معجون :۔ معجون وہ نیم منجمد اور غلیظ القوام مرکب ہے۔ جو صرف عضلاتی غدی ادویہ کو کوٹ چھان کر سہ چند ادویہ کے شہد یا قند سفید کے قوام میں ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس کو اس قدر نرم رکھتے ہیں کہ انگلی یا چمچ سے کھایا جا سکے۔

۱۳۔ جوارش :۔ جوارش ایک فارسی لفظ گواریدن (یعنی ہضم ہونا) کا حاصل مصدر ہے۔ جوارش کی ترکیب معجون کی طرح ہوتی ہے لیکن اکثر جوارشیں غدی عضلاتی ادویہ سے تیار کی جاتی ہیں۔ جوارش کے اجزاء عموماً موٹے اور کسی قدر ذرذرے رکھے جاتے ہیں تاکہ زیادہ دیر تک معدہ و امعاء میں ٹھہر کر اپنا اثر کر سکیں۔

۱۴۔ جوشاندہ :۔ جوشاندہ سے مراد چند ادویہ کے آمیزے کو پانی میں جلا کر جوش دیا (ابالنا) دینا ہے۔ جوشاندوں میں ایسی ادویہ شامل کی جاتی ہیں جن کے اجزائے موثرہ پانی میں جوش کھانے سے فوراً علیحدہ ہو جاتے ہیں۔

ان کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب مریض کسی قسم کی خشک دوا، گولی یا کیپسول نہ کھا سکتا ہو یا نفرت کرتا ہو، یا جب مریض کے گلے میں خراش یا سوزش ہو جو نزلہ زکام وغیرہ سے ہو جاتی ہے۔

۱۵۔ فرزجہ :۔ فرزجہ وہ مخصوص شافہ یا دوا کی بتی ہے۔ جسے عورت اپنی اندام نہانی میں رکھے۔ اس کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب عورت کے اندرونی اعضاء میں سوزش وغیرہ ہو۔

۱۶۔ طلا :۔ طلا وہ روغن دار ملائم دوا ہوتی ہے جو کسی عضو پر پتلی پتلی لگائی جاتی ہے۔ ایسی ادویہ کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب کسی عضو پر چوٹ لگ جائے یا اس میں استرخا یا ڈھیلا پن پیدا ہو کر اس کے مفوضہ افعال صحیح طور پر صادر نہ ہوتے ہوں۔

مجربات محرک دماغ و اعصاب

اعصابی غدی مجربات (تر گرم)

اعصابی غدی تمام نسخہ جات دماغ و اعصاب کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں۔ ان نسخہ جات کا مزاج تر گرم ہے خلط بلغم پیدا کر کے جسم میں جمع کرتے ہیں۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر، تریاق پندرہ پندرہ منٹ کے بعد دیئے جائیں تاکہ مرض پر فوری کنٹرول کیا جا سکے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جائے دوا کا وقفہ تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

اعصابی غدی اغذیہ (تر گرم)

مندرجہ ذیل غذائیں غدی اعصابی تحریک کو ختم کرنے اور اعصابی غدی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح :۔ دودھ۔ مربہ ادرک۔ مربہ سیب۔ نشاستہ گندم۔ گھی میں تر بہ تر حلوہ جس میں مغزیات شامل ہوں۔ دلیا۔

دوپہر :۔ مولی۔ کدو۔ توری۔ گندم کی روٹی۔ ماش کی دال۔ گاجر۔ مونگرے اور گھی دیسی اعصابی غدی۔

رات :۔ دوپہر والی غذا۔

پھل :۔ کیلا۔ امرود۔ ناشپاتی۔ خربوزہ۔ گرما۔

نوٹ :۔ مندرجہ بالا میں سے جو مناسب سمجھیں تجویز کریں۔

اعصابی غدی محرک

ھوالشافی :۔ سہاگہ بریاں ، تولے۔ ملٹھی ، تولے۔

ترکیب تیاری :۔ دونوں کو ملا کر باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات :۔ اعصابی غدی ہے۔ اعصاب و دماغ کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتا ہے۔ اس سے جسم میں رطوبات بڑھ جاتی ہیں۔ دماغ سوزش گردہ و مثانہ، امعاء اور دماغ حرارت ہے۔ بندش بول اور سوزاک میں بے حد مفید ہے۔ کثرت طمث تپ دق۔ غدی نزلہ خشک کھانسی۔ غدی دمہ۔ سرعت انزال اور چھپاکی کے لئے زود اثر ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

محرک دماغ (قابض)

ھوالشافی :۔ کشنیز ۴ تولے زیرہ سفید ۲ تولے تخم خشخاش ۲ تولے تخم کدو ۴ تولے

ترکیب تیاری :۔ سب کو باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ۳ ماشہ تا ۱ تولہ ہمراہ آب تازہ یا چائے نیم گرم۔
افعال و اثرات :۔ اعصابی غدی ہے۔ یہ مرکب ایسے مریضوں کے لئے مفید ہے جن کو اسہال آتے ہوں۔ اس کے علاوہ سوزاک حاد اور نیند نہ آنے میں بے حد مفید ہے۔ جن مریضوں کو ہر وقت کھانے کا خیال رہتا ہو۔ اس سے کاذب بھوک بند ہو کر اسہال بھی رک جاتے ہیں۔ جن کے بعد مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ بچوں کے مرض عطاش جس میں دست اور شدید پیاس کے ساتھ قے بھی ہوتی ہے کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی غدی شدید

ھوالشافی :۔ سہاگہ بریاں ۲ تولہ، ملٹھی ۲ تولہ، شیر مدار ۶ ماشے
ترکیب تیاری :۔ پہلے سہاگہ اور ملٹھی کو باریک کر لیں۔ پھر شیر مدار ملا کر کم از کم ایک گھنٹہ کھرل کر کے حب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ دودھ یا پانی۔
افعال و اثرات :۔ اعصابی غدی ہے۔ اعصاب و دماغ کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتا ہے۔ اس کے استعمال سے رطوبات کا ترشح شروع ہو جاتا ہے جس سے قبض۔ پیشاب کی جلن۔ تقطیر البول۔ درد گردہ و مثانہ اور پیشاب میں خون آنا رک جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سوزاک اور تپ دق و سل جیسے موذی امراض کے لئے بے حد مفید اور انتہائی موثر ہے۔ اس کے استعمال سے فوری افاقہ ہوتا ہے۔

اعصابی غدی شدید

هوالشافی:۔ بادام مغز ۵ تولہ، ست ملٹھی ۱ تولہ، گوند کیکر ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ گلے کی سوزش، خشک کھانسی، بند نزلہ، پیشاب کی جلن، تپ دق کی کھانسی، ہچکی کے لئے مفید ہے۔

عسرت طمث کیلئے

هوالشافی:۔ سمندر جھاگ ۴ تولہ، زیرہ سفید ۲ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ

ترکیب تیاری:۔ تینوں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ دودھ یا پانی۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ عسرت طمث، حیض کا کمیت سے رک رک کر آنا، سوزش خصیۃ الرحم، سوزش غدد گردہ و مثانہ کے لئے بے حد مفید ہے اس کے استعمال سے حیض کا درد سے آنا ختم ہو جاتا ہے۔

سیلان الرحم کیلئے

هوالشافی:۔ کہربا شمعی ۲ تولہ، مال سفید ۲ تولہ، گوند کیکر ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات :۔ اعصابی غدی ہے۔ ایسی صورت میں بے حد مفید ہے جب سیلان جلن کے ساتھ ہو اور رطوبت کا رنگ زردی مائل ہو اور قوام قدرے گاڑھا ہو۔ ایسی حالت کے لئے بے حد مفید ہے۔ سیلان الرحم کے علاوہ کثرت طمث کے لئے بھی بھروسہ کی دوا ہے۔

ھوالشافی :۔ اسگندھ ۴ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ
ترکیب تیاری :۔ سب کو باریک سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک :۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات :۔ اعصابی غدی ہے۔ ایسے سیلان میں مفید ہے جس میں رطوبت زرد اور جلن کے ساتھ خارج ہو اور لیس دار ہو۔ اس کے علاوہ بندش بول اور کثرت طمث میں کامیاب دوا ہے۔

تریاق مرگی

ھوالشافی :۔ آب توری تلخ ۳ پاؤ روغن کدو ۱ پاؤ۔
ترکیب تیاری :۔ دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے جس کی پہچان یہ ہے کہ تیل سے جھاگ اٹھنی بند ہو جائے گی تو اتار لیں۔ بس تیار ہے۔
خوراک :۔ کھانے کے لئے پانچ بوند سے پندرہ بوند تک حسب ضرورت شہد میں ملا کر چٹا دیں۔ یہ عمل دن میں چار بار کریں اور دو دو بوندیں ناک میں ٹپکائیں پیٹ اور پنڈلیوں پر روغن کی مالش کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ سے ایک تولہ تک دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر، نزلہ زکام، نیند نہ آنا، خارش کی زیادتی اور سوزاک وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ کاذب بھوک، پیچش اور عطاسش کے لئے فائدہ مند ہے۔

مقوی جسم اور دافع جریان مٹھائی

ھوالشافی:۔ ستاور ایاؤ۔ موصلی سفید اپاؤ۔ سنگھاڑا ½ سیر، شیر گائے ۵ سیر، چینی ۱ سیر، گھی گائے ۱ سیر۔

ترکیب تیاری:۔ اول ادویات کا سفوف تیار کریں۔ پھر دودھ کا کھویا بنائیں۔ جب کھویا گاڑھا ہونے لگے تو اس میں ادویات کا سفوف شامل کرلیں جب تمام ادویات یک جان ہو جائیں تو اس کے چھوٹے چھوٹے لڈو بنالیں۔ پھر گھی کو گرم کریں۔ لڈو گھی میں تل کر چینی کے قوام میں ملادیں۔ قوام جس قدر گاڑھا ہوگا مٹھائی اتنی ہی اچھی بنے گی۔

مقدار خوراک:۔ ایک سے دو لڈو صبح و شام ہمراہ دودھ۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی مقوی ہے۔ ایسی ادویات عام طور پر میکانکی اثرات کی بجائے زیادہ تر شینی اثرات زیادہ کرتی ہیں۔ یہ غذائی دوا بھی انہیں میں سے ہے۔ اس دوا کے استعمال سے جسم میں رطوبات اور خون کی زیادتی و قوت پیدا ہوتی ہے اور اس میں رفتہ رفتہ کھار این پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جس سے جسم مضبوط ہوتا ہے۔ پھولتا ہے۔ منی میں غلظت پیدا کرتا ہے۔ طالب علموں، وکیلوں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہترین غذائی دوا ہے۔ تپ دق اور سل کے مریضوں کے لئے بہت اچھی چیز ہے۔

مقوی اعصاب و مولد رطوبات

هوالشافی:۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ مغز بادام مقشر ½۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ ماشہ روغن زرد خالص گائے ½۲ تولے۔ چینی ½۲ تولے

ترکیب تیاری:۔ پہلے ثعلب مصری کا باریک سفوف تیار کریں اور گھی میں بھون کر بریاں کرکے پانی اور چینی ملا کر حلوہ تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک صبح شام ہمراہ دودھ۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی مقوی ہے۔ بے حد مقوی اعصاب و مولد رطوبات صالحہ ہے۔ دبلاپن۔ دماغی کمزوری۔ سرعت انزال کے لئے بہت مفید ہے۔ طالب علموں کے لئے بہت مفید ہے کیونکہ اس سے جذبات میں اشتعال پیدا نہیں ہوتا۔ نزلہ زکام۔ خشک کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔

معجون مقوی و ممسک

هوالشافی:۔ مغز کدو ۲ چھٹانک۔ مغز بادام مقشر ۲ چھٹانک۔ مغز فندق ۲ چھٹانک۔ خشخاش ۲ چھٹانک۔ شہد ½ سیر۔ چینی ½ سیر۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ طباشیر ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ اول الائچی اور طباشیر کو باریک کریں۔ اس کے بعد مغزیات کو باریک کرکے شہد اور چینی کا قوام بنا کر اس میں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تولہ تا ۲ تولہ دن میں دو بار ہمراہ دودھ نیم گرم یا پانی۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی مقوی ہے۔ قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ پرانی سوزشی کھانسی۔ نزلہ زکام۔ پیشاب کی جلن۔ بلڈ پریشر۔ ترشی جسم و خون۔ حافظہ کی کمزوری۔ عام جسمانی کمزوری کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی غدی اکسیرات

اکسیر دمہ غدی

ھوالشافی:۔ کشتہ چاندی ۳ تولہ۔ سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ ریٹھہ ۴ تولہ
ترکیب تیاری:۔ سب کو کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ دمہ غشائے مخاطی کی سوزش جگر و گردوں کی خرابی، پیچش، پیشاب کی جلن، ورم رحم، سوزاک وغیرہ میں مفید ہے۔

اعصابی غدی اکسیر

ھوالشافی:۔ حجر الیہود ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کہربا شمعی ۱ تولہ چینی ۴ تولہ
ترکیب تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک سفوف تیار کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ سے تین ماشہ تک دن میں دو بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ یہ دوا صفراء کی زیادتی، پیشاب کی زردی اور جلن۔ پیٹ میں مروڑ۔ غدی کھانسی۔ پتھری۔ سوزاک۔ ہر قسم کے اخراج خون تپ دق و سل کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی غدی تریاق

ھوالشافی:۔ سفوف ہلدی ۵ تولہ۔ شیر عشر تازہ ۱ تولہ
ترکیب تیاری:۔ دونوں کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم۔

افعال واثرات :- اعصابی غدی ہے۔ یہ وہی نسخہ ہے جسے استاد صاحب مرحوم
نے تپ دق وسل کے لئے دعویٰ کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اس کی چند خوراکوں
سے خون آنا فوراً بند ہو جاتا ہے۔ پھیپھڑوں اور ہر قسم کے اندرونی زخموں کے لئے
بے حد مفید ہے۔ تپ دق وسل کے لئے بھروسے کی دوا ہے۔

ھوالشافی :- شیر مدار ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۵ تولہ۔ ہلدی ۱ تولہ
ترکیب تیاری :- سب دواؤں کو کوفتہ بیختہ کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر
آگ پر رکھیں جب شیر مدار دواؤں میں جذب ہو جائے جس کی پہچان یہ ہے کہ مرکب
کا رنگ ہلکا سیاہی مائل ہو جائے تو فوراً آگ سے نیچے اتار کر باریک پیس
لیں اور حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک :- اگولی تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔ اس دوا کو پہلے ایک
گولی سے شروع کریں پھر آہستہ آہستہ مقدار خوراک بڑھاتے جائیں حتیٰ کہ قے
شروع ہو جائے۔ جب قے شروع ہو جائے تو مقدار خوراک کم کر دیں۔ اتنی مقدار
میں دیتے رہیں جس سے کبھی کبھی قے تو آئے البتہ متلی ہو جائے۔ بس یہی اس نسخہ
کی کامیابی کا راز ہے۔

افعال واثرات :- اعصابی غدی ہے۔ تریاق اصغر کے نام سے مشہور ہے۔ یہ
وہی نسخہ ہے جسے استاد محترم قبلہ صابر ملتانی مرحومؒ نے چیلنج کے ساتھ دنیائے
طب کے سامنے پیش کیا ہے۔ ہم نے اس میں چند چیزوں کا اضافہ کیا ہے۔
جس سے اس کے اثرات کئی گنا بڑھ گئے ہیں۔ خاص اثر یہ دیکھا گیا ہے کہ پھیپھڑوں
میں جمی ہوئی بلغم کو بہت جلد نکال دیتا ہے جس سے پھیپھڑے صاف ہو کر زخم بند
ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ دوسرا اثر یہ ہے کہ پہلے کی طرح اس سے بھوک بند

نہیں ہوتی بلکہ بھوک جلد بڑھ جاتی ہے۔ اسی لئے ہر قسم کی تپ دق وسل کھانسی۔ بند نزلہ۔ خون تھوکنا۔ کثرت طمث۔ بواسیر خونی وبادی۔ سوزاک۔ دائمی نبض خونی پیچش۔ ترشی معدہ اور معدہ کے زخم کے لئے آب حیات ہے۔

چونکہ محرک دماغ ہے اسی لئے جسم میں رطوبات اسی کثرت سے پیدا ہوتی ہیں کہ اسہال ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ شدید امراض میں اسی دوا سے اگر ایسی صورت پیدا کر لی جائے تو فوراً شفا کی راہیں ہموار ہو جاتی ہیں۔

تریاق نقرس وعرق النساء

ھوالشافی:۔ جلاپہ ۳ تولہ۔ سورنجان شیریں ۳ تولہ۔ سقمونیا ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ اول جلاپہ اور سورنجان کو باریک پیس کر اس میں سقمونیا ملا دیں۔ بس تیار ہے۔ حب نخودی تیار کر سکتے ہیں۔

مقدار خوراک:۔ ا تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ اعصاب و دماغ کو فوراً تحریک میں لا کر رطوبات و الکلی کی پیدائش اس حد تک بڑھا دیتی ہے کہ ترشی و تیزابیت خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ اسی لئے یورک ایسڈ کی زیادتی، نقرس، عرق النساء، درد گردہ، سنگ گردہ۔ خشک کھانسی۔ نزلہ زکام۔ یرقان اور استسقاء کے لئے بہترین دوا ہے۔

اعصابی غدی طلا

ھوالشافی:۔ روغن الائچی ۲ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔ روغن صندل ۴ تولہ۔ کچلی پارہ ۸ تولہ

ترکیب تیاری:۔ پہلے پارہ کی کچلی تیار کریں۔ پھر کافور اور کچلی ملا کر روغن ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام مرکب یک جان ہو جائے تو بس تیار ہے۔

افعال واثرات:- اعصابی غدی ہے۔ اس طلاء کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب ذکاوت حس بڑھ جائے۔ اس کے علاوہ سرعت انزال۔ کجی عضو۔ دبلاپن کے لئے مفید ہے۔

طریقہ استعمال:- تھوڑا سا طلاء لے کر عضو مخصوص پر مل دیں۔ اوپر پتے وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اعصابی غدی جوشاندہ

ھوالشافی:- منقی ۶ ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۶ ماشہ۔ گاؤزبان ۶ ماشہ۔ برگ بانسہ آلوبہ

ترکیب تیاری:- پہلے ابریشم کو کاٹ کر کیڑا نکال دیں۔ پھر باقی ادویہ کو کوفتہ بیختہ کرکے ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح آگ پر گرم کریں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر حسب ضرورت چینی یا شہد ملا کر پلائیں۔ یہ ایک دن کے لئے کافی ہے۔ ضرورت کے وقت ایسی ایک خوراک روزانہ پلائیں۔

مقدار خوراک:- ۵ تولے جوشاندہ نیم گرم پلائیں۔

افعال واثرات:- اعصابی غدی ہے۔ دماغ و اعصاب کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتا ہے۔ غدی تحریک کی تمام علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔ اگر پھیپھڑوں سے خون کثرت کے ساتھ آ رہا ہو تو اعصابی غدی تریاق کے ساتھ اس جوشاندہ کا استعمال بے حد مفید رہتا ہے۔ اس کی چند خوراکوں کے استعمال سے ہی خون بند ہو جاتا ہے۔ ضعف قلب۔ ہائی بلڈ پریشر۔ غدی کھانسی خشک کھانسی سوزش معدہ و امعاء۔ جسم میں حرارت کا بڑھ جانا اور تپ دق وسل وغیرہ کے لئے کامیاب نسخہ ہے۔

نوٹ:- دواؤں کا وزن دوگنا کرکے شربت بھی تیار کیا جا سکتا ہے۔

جوشاندہ مسہل صفراء

هوالشافی:۔ اجاسس ۵ تولہ۔ گل سرخ ½۲ تولہ، شنا مکی ½۱ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو ملا کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر چھان کر نیم گرم پلائیں۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ ایک بے ضرر مسہل ہے جو تمام صفراوی علامات کے لئے آب حیات ثابت ہوا ہے۔ تپ دق و سل کے وہ مریض جنہیں زبردست قبض رہتی ہے ان کے لئے بے حد مفید ہے چند خوراکوں سے ہی صفرا کو خارج کر دیتا ہے جس سے مریض کی بے چینی و گھبراہٹ وغیرہ درست ہو جاتی ہے۔

اعصابی غدی مشروبات

شربت مقوی قلب

هوالشافی:۔ تخم خربوزہ ½۲ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، ابریشم ۲ تولہ، تخم خیارین ۵ تولہ، سونف ۵ تولہ، چینی ۱ سیر

ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو کوفتہ بیختہ کر کے پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں جب پانی تقریباً ½ سیر رہ جائے چینی ملا کر شربت کے قوام پر لے آئیں بس شربت تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ½۲ تولہ تا ۵ تولہ پانی میں ملا کر دیں۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ صفراء کی زیادتی سے جو گھبراہٹ ہوتی ہے اس کے لئے بے حد مفید ہے۔ یرقان۔ استسقاء، مالیخولیا، مراق سوزش

بول، ہائی بلڈ پریشر ضعف قلب بوجہ تحلیل (گرمی) کے لئے مفید ہے۔

ھوالشافی:۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ تخم کھیرا ۵ تولہ۔ تخم خربوزہ ۵ تولہ۔ مکو ۵ تولہ۔
تخم خار خسک ۵ تولہ۔ چینی ۲ سیر۔
ترکیب تیاری:۔ معروف طریقے سے شربت تیار کریں۔
افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ جگر، گردہ، مثانہ کی پتھریاں اور دیگر مواد کو
بذریعہ پیشاب خارج کر دیتا ہے۔ غدی تحریک کی علامات میں بے حد مفید ہے۔
یرقان، استسقاء، ورم جسم میں بہت مفید ہے۔

اعصابی غدی کحل (سرمہ)

ھوالشافی:۔ سمندر جھاگ ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ
ترکیب تیاری:۔ دونوں کو خوب باریک کرکے سرمہ تیار کریں۔
طریقہ استعمال:۔ سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔
افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ آنکھوں کی خشکی نظر کا پھٹ جانا۔ آنکھوں
سے گاڑھا مواد خارج ہونے کے لئے بے حد مفید ہے۔

نورِ چشم

ھوالشافی:۔ ست پودینہ ۲ رتی۔ ست کافور ۲ رتی۔ ایگری فلیوین ۲ رتی گلیسرین
۵ تولہ۔ عرق گلاب ۱ بوتل۔
ترکیب تیاری:۔ پہلے ست اور ایگری فلیوین ملا کر کھرل کریں جب یک جان
ہو جائیں تو گلیسرین ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر عرق گلاب ملا کر چھان کر

بوتل میں ڈال لیں بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ دو، دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔
افعال و اثرات میں اعصابی غدی ہے آنکھوں پر بوجھ محسوس ہونا۔ موتیا گرنا میں نظر کا پھٹ جانا۔ آشوب چشم، ضعف بصر، آنکھوں میں کسی چیز کے پڑ جانے کیلئے مفید ہے

اعصابی غدی مرہم

ھوالشافی:۔ کافور اصل ½ تولہ، موم زرد ۲ تولہ۔ روغن زیتون ۲ تولہ، سہاگہ ۱ تولہ
ترکیب تیاری:۔ پہلے سہاگہ اور کافور کو باریک پیس لیں۔ پھر روغن اور موم کو پگھلائیں
جب نرم ہو جائیں تو پسی ہوئی ادویہ ڈال دیں۔ بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ مقام ماؤف کو صاف کرکے کسی کپڑے پر لگا کر استعمال کریں۔
افعال و اثرات میں اعصابی غدی ہے۔ ایسے زخم یا پھوڑے جن میں جلن اور سوزش
بہت زیادہ ہو اس کے لگتے ہی آرام آجاتا ہے۔
نوٹ:۔ اس نسخہ میں روغن زیتون دوگنا کرکے بطور شافہ ورم رحم میں استعمال کر سکتے ہیں۔

فرزجہ ورم رحم

ھوالشافی:۔ ریوند خطائی ۱ تولہ، ہلدی ۱ تولہ، روغن زیتون یا دیسی گھی ۱۵ تولہ
ترکیب تیاری:۔ ریوند خطائی اور ہلدی کو سرمہ کی طرح باریک پیس کر روغن
میں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ تھوڑی سی دوائی کپڑے پر لگا کر رحم میں رکھوائیں۔
افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ ورم رحم، صلابت رحم، زخم رحم، خشکی رحم کے لئے
اکسیر ہے جن عورتوں کو ورم یا خشکی رحم کی وجہ سے حمل نہ ہو ان کے لئے بے حد مفید ہے

اعصابی عُضلاتی سرد تر مجرّبات

اعصابی عضلاتی تمام نسخہ جات دماغ و اعصاب کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں۔ ان نسخہ جات کا مزاج سرد تر ہے۔ خلط بلغم پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ خارج بھی کرتے ہیں۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورتوں میں ملین۔ مسہل، اکسیر اور تریاق دس پندرہ منٹ کے بعد دیئے جائیں تاکہ مرض پر فوری طور پر کنٹرول کیا جا سکے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جائے، دوا کا وقفہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

اعصابی عضلاتی سرد تر اغذیہ

مندرجہ ذیل غذائیں اعصابی غدی تحریک کو ختم کرنے اور اعصابی عضلاتی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح:۔ انڈے کی سفیدی۔ ساگو دانہ۔ چاول۔ دودھ۔ دلیا۔ مغزیات کا شیرہ۔

دوپہر:۔ کھیرا۔ ککڑی۔ شلغم۔ چقندر۔ اروی۔ بھنڈی توری۔ بھری کا گوشت۔

رات :۔ دوپہر والی غذا۔
پھل :۔ تربوز۔ انار شیریں۔ خربوزہ۔ سردا۔
نوٹ :۔ ان میں سے جو مناسب سمجھیں تجویز فرمائیں۔

اعصابی عضلاتی محرک

ھوالشافی :۔ قلمی شورہ ۳ تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری :۔ باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال واثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ اعصاب ودماغ کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ حرارت کو جسم سے فوراً خارج کر دیتا ہے۔ عضلات میں انتہائی سکون پیدا کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن چند منٹ میں دور ہو جاتی ہے۔ جب جوش خون سے چھپاکی ہو جائے تو اس کے استعمال سے فوراً ٹھیک ہو جاتی ہے۔ صفراوی پتھریوں کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔

فرنی دماغ سوزش

ھوالشافی :۔ ساگودانہ ۱ تولہ۔ اسپغول ۶ ماشہ۔ تخم ریحان ۶ ماشہ۔ انڈا ۱ عدد۔ دودھ نیم سیر
ترکیب تیاری :۔ پہلی تینوں اشیاء کو پاؤ بھر پانی میں گھول کر آگ پر رکھیں جب ساگودانہ گل جائے تو اس میں انڈے کی سفیدی ڈال کر خوب پھینٹ لیں۔ پھر دودھ گرم کر کے ملا دیں حسب ضرورت چینی ملا کر استعمال کریں۔
مقدار خوراک :۔ مندرجہ بالا وزن ایک خوراک ہے۔
افعال واثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ معدہ وامعاء اور مثانہ کی سوزش کے

لئے غذائی دوا ہے۔ جب پیٹ میں سوزش اور جلن پائی جائے اور ترش ڈکار آئیں یا امعاء کی سوزش سے اسہال ہوں جن میں جلن پائی جائے پیشاب کی جلن۔ سوزاک۔ سرعت انزال۔ مذی اور ودی کی کثرت کو روک دیتی ہے۔ جب غدی تحریک میں خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اور ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیاں جلتی ہوں تو اس کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی عضلاتی شدید

ھوالشافی:۔ قلمی شورہ ۳ تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ جوکھار ۵ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو کوٹ کر باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات: یہ اعصابی عضلاتی ہے۔ جسم کی حرارت کو یک دم خارج کر دیتا ہے۔ سوزاک۔ پیشاب کی جلن۔ پیشاب کا بند ہو جانا چھپاکی۔ جوشش خون کی تمام علامات بلڈ پریشر وغیرہ میں مفید ہے۔

اعصابی عضلاتی ملین

ھوالشافی:۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ کاسنی ۱ تولہ۔ جوکھار ۱ تولہ۔ گل سرخ ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: یہ اعصابی عضلاتی ہے۔ جسم سے صفرا کو یک دم خارج کر دیتا ہے حرارت جسم کا بڑھ جانا۔ پیشاب کا بند ہونا۔ پیشاب کی جلن۔ سوزاک۔ خون بہنا کے لئے مفید ہے۔ غدی تحریک کی تمام علامات کو فوراً ختم کر دیتا ہے۔

ھوالشافی:۔ جوکھار ۱ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ کالا دانہ ۳ تولہ
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال واثرات:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ اعصاب و دماغ کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ غدی تحریک کی تمام علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی عضلاتی تریاق

ھوالشافی:۔ افیون ۱ ماشہ۔ لوبان کوڑیا ۱ تولہ۔ قند سفید ۱ تولہ
ترکیب تیاری:۔ تینوں ادویات کو کھرل کریں جب سرمہ کی طرح باریک ہو جائے تو تیار ہے
مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال واثرات:۔ تمام اعصابی عضلاتی ادویہ کے افعال واثرات سے تیز ہے۔ ہر قسم کے دردوں کو دیکھتے ہی دیکھتے روک دیتا ہے۔ شدید بے چینی کی صورت میں فوری طور پر اثر کرتی ہے۔ سوزاک۔ درد گردہ۔ درد جگر۔ غدی کھانسی۔ نزلہ۔ سینہ کی جلن۔ پیشاب کی جلن۔ پیچش۔ اسہال بکثرت وعسر الطمث۔ ہر قسم کے اخراج خون کے لئے بے حد مفید ہے۔ نیند آور ہے۔ مارفیا کا بدل ہے۔

اعصابی عضلاتی مقوی خمیرہ

ھوالشافی:۔ گاؤزبان ۴ تولہ۔ ابریشم ۴ تولہ۔ کشنیز ۴ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۴ تولہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ گل سرخ ۴ تولہ۔ قند سفید $2\frac{1}{2}$ سیر
ترکیب تیاری:۔ پہلے ابریشم کو کاٹ کر صاف کرلیں تاکہ کیڑے نکل جائیں۔ پھر تمام ادویہ کو بمعہ ابریشم پانی یا عرق گلاب میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب

آدھا پانی جل جائے تو اتار کر چھان کر چینی ملا کر خمیرہ کے قوام جیسے آئیں جب قوام تیار ہو جائے تو لکڑی کے دستہ سے گھوٹ لیں۔ بس خمیرہ تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں تین بار ہمراہ پانی

افعال و اثرات:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ دماغ و اعصاب میں تحریک جگر و غدد میں تحلیل، قلب و عضلات میں تسکین پیدا کرتا ہے۔ جب غدی تحریک سے دماغ میں سکون اور قلب میں تحلیل کی وجہ سے شدید ضعف قلب ہو تو ایسی صورت میں دماغ کے لئے مقوی اور دل کے لئے مفرح ہے۔ غدی نزلہ و کھانسی کے لئے بہترین چیز ہے۔ ثقل سماعت اور ضعف بصارت بوجہ گرمی خشکی، سرعت انزال۔ ہائی بلڈ پریشر میں بے حد مفید ہے۔ زخم امعاء بہت جلد ختم ہو جاتے ہیں۔ خفقان قلب میں فائدہ مند ہے۔

برفی دافع سوزش

ھوالشافی:۔ کھویا ۱ پاؤ، مغز بادام شیریں مقشر ۱ پاؤ، مغز کدو ½ پاؤ، خشخاش ½ پاؤ، الائچی خورد ۶ ماشہ، چینی ۱ سیر، ورق نقرہ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ چینی میں پانی ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی ابلنے لگے تو اس میں کھویا ڈال دیں۔ پھر یہاں تک آگ پر رکھیں کہ برفی کا قوام پک جائے آگ سے اتار کر اس میں بادام، مغز کدو، خشخاش باریک شدہ ڈال دیں اور اچھی طرح ملا دیں بس تیار ہے۔ ورق لگا کر برفی کاٹ لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ تا ۲ تولہ دن میں چار بار۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ بے حد مقوی بدن غذا ہے۔ نزلہ زکام، سوزش، کھانسی کے لئے مفید ہے۔ ہلکا ملین ہے۔ جسم کی خشکی کو دور کرنے کے علاوہ مقوی دماغ بھی ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔

اعصابی عضلاتی اکسیر

ھوالشافی:۔ کشتہ تلی ۱تولہ کشتہ چاندی ۱تولہ طباشیر ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ الائچی اور طباشیر کا باریک سفوف تیار کرکے کشتہ جات ملالیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ مکھن یا بالائی

افعال واثرات:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ اعصاب وعضلات کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ سرعت انزال کے لئے مایہ ناز دوا ہے۔ چند دن میں منی کی حدت کم کرکے قوام میں گاڑھاپن پیدا کرتا ہے۔ اگر غدی تحریک سے ضعف باہ ہو تو اس کے لئے شرطیہ دوا ہے۔ سوزاک کے لئے کامیاب دوا ہے۔

اعصابی عضلاتی جوشاندہ

ھوالشافی:۔ بہدانہ ۳ ماشہ۔ تخم خبازی ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۶ ماشہ۔ تخم خیارین ۶ ماشہ چینی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ سب ادویات کو ایک پاؤ پانی میں ڈال کر ابال لیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر چھان کر کام میں لائیں۔

ترکیب تیاری:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ دماغ واعصاب میں تحریک۔ جگر اور غدد میں تحلیل۔ قلب وعضلات میں تسکین پیدا کرتا ہے۔ سوزشی نزلہ میں بیحد مفید ہے۔ غدی تحریک کی وجہ سے قلب (دل) میں تحلیل کے اثرات کو فوراً ختم کردیتا ہے۔ غدی تحریک کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔ اس تحریک کی ہر علامت کو فوراً ختم کردیتا ہے۔

اعصابی عضلاتی شربت

ھوالشافی: صندل سفید ½ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ خس ۵ تولہ۔ چینی ۱ سیر

ترکیب تیاری: معروف طریقے سے شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ سے ۴ تولے تک دن میں تین مرتبہ۔

افعال و اثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ دماغ و اعصاب کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ دل کی گھبراہٹ و بے چینی، تلخی قلب بوجہ تحلیل، پیاس کی زیادتی اور سوزش معدہ و امعاء کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی عضلاتی روغن

ھوالشافی: کافور ۲ تولہ۔ روغن تارپین ۴ تولہ۔ کسٹرائل ۱ پاؤ۔ بیش ½ تولہ

ترکیب تیاری: پہلے بیش کو کسٹرائل میں جلالیں۔ جب بیش جل کر کوئلہ ہو جائے تو آگ سے اتار کر چھان لیں۔ پھر کافور کو روغن تارپین میں حل کریں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو جلے ہوئے کسٹرائل میں ملالیں۔ بس تیار ہے۔

افعال و اثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ دماغ و اعصاب کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ جگر و غدد میں تحلیل اور قلب و عضلات میں تسکین پیدا کرتا ہے۔ مقامی طور پر غدی سردرد کے لئے بے حد مفید ہے۔ چند قطرے پیشانی پر مالش کرنے سے سردرد کو آرام آجاتا ہے۔ دبلے پتلے اعضاء پر مالش کرنے سے موٹاپا پیدا کرتا ہے۔ جلے ہوئے مقام پر لگانے سے جلن اور درد کو فوری طور پر تسکین ہو جاتی ہے۔

اعصابی عضلاتی قطور

ھوالشافی:۔ افیون ۳ ماشہ۔ ہلدی ۲ تولہ۔ عرق گلاب ۱ بوتل

ترکیب تیاری:۔ پہلے افیون اور ہلدی کو باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا عرق ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب اچھی طرح یک جان ہو جائیں تو تھوڑی دیر پڑا رہنے دیں پھر چھان کر بوتل میں ڈال لیں۔

استعمال:۔ آنکھوں میں قطرہ قطرہ ڈراپر سے ڈالیں۔

افعال واثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ آنکھوں کی جلن سوزش اور خشکی وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ کان کے درد میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اعصابی عضلاتی مرہم

ھوالشافی:۔ آب کمو سبزہ ۲ تولے۔ آب کاسنی سبز ۵ تولہ۔ روغن زیتون ۱ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال:۔ روئی یا تھوڑے سے کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

افعال واثرات میں اعصابی عضلاتی ہے۔ ورم رحم اور صلابت رحم کے لئے ایک بہترین مرکب ہے۔ جلن دار ورم پر لگانے سے جلن اور درد کو فوراً آرام آجاتا ہے۔

عضلاتی اعصابی مجربات (خشک سرد)

مجربات محرک قلب و عضلات

عضلاتی اعصابی تمام نسخہ جات دل و عضلات کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں۔ عضلاتی اعصابی تمام نسخہ جات کا مزاج خشک سرد ہوتا ہے غلط سودا پیدا کر کے جسم میں رد عمل کرتے ہیں۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورت میں طبین۔ مسہل اکبیر اور تریاق دس دس منٹ کے وقفہ سے دیئے جائیں تاکہ مرض پر فوری طور پر کنٹرول کیا جا سکے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جائے دوائی کا وقفہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

مندرجہ ذیل غذائیں اعصابی عضلاتی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی اعصابی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح :- مربہ آملہ۔ مربہ ہریڑ۔ مونگ پھلی۔ ناریل۔ دہی۔ دہی کی لسی۔ قہوہ۔ کشمش۔

دوپہر :- آلو۔ گوبھی۔ مٹر۔ بینگن۔ تازہ چنے (سبز) مچھلی۔ بڑا گوشت۔ مکئی۔ باجرہ۔ جوار

ی، روٹی، کچا انڈہ قہوہ میں پھینٹ کر۔ اچار آملہ، لیموں۔

رات :۔ دوپہر والی غذا اور قہوہ۔

پھل :۔ جامن۔ فالسہ۔ سیب۔ مالٹا۔ رس بھری۔ آڑو ترش۔ بیر۔ ترش انار آلوچہ۔ املی اور آلو بخارا۔

نوٹ :۔ مندرجہ بالا غذاؤں میں سے جو مناسب سمجھیں تجویز کریں۔

عضلاتی اعصابی محرک

ھوالشافی :۔ آملہ ۱ تولہ۔ کرنجوہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ دونوں کو باریک سفوف بنالیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات :۔ یہ عضلاتی اعصابی ہے۔ عضلات و قلب کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے۔ جس سے جسم میں خشکی بڑھنی شروع ہو جاتی ہے۔ اس لئے بلغمی امراض جیسے بلغمی دمہ، کھانسی، زکام، دردسر، سرسام، جریان، چھینک، ملیریا بخار، خسرہ، کالی کھانسی اور سلسل بول کے لئے مفید ہے۔ معین حمل ہے۔

دق الاطفال

ھوالشافی :۔ پوست آملہ ۱ تولہ۔ دہی ۴۰ تولہ

ترکیب تیاری :۔ اول دہی کو کسی کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیں۔ جب سب پانی نکل جائے تو باقی مواد جو گاڑھا سا ہوتا ہے اس میں باریک شدہ آملہ ملا کر کھرل کریں۔ پھر جب نخودی تیار کرلیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ بچوں کے دق الاطفال سوکڑا، دست و قے کے لئے بے حد مفید ہے۔

چیچک کے داغ دُور کرنے کے لئے

ھوالشافی:۔ پرانی ہڈی لے کر پانی میں رگڑ کر داغوں پر لگائیں۔ دن میں تین بار لگاتے رہیں۔ کم از کم دو ہفتے میں اثر کرتا ہے۔ داغ بالکل صاف ہونا شروع ہو جاتے ہیں (عضلاتی اعصابی)

جریان کیلئے

ھوالشافی:۔ رتنوں کے پھول ایک تولہ گھوٹ کر بطور سردائی پلانے سے چند روز میں جریان درست ہو جاتا ہے (عضلاتی اعصابی)

بال کالے کرنے کے لئے

ھوالشافی:۔ روغن ناریل اور کسٹر آئل دونوں ہم وزن ملا کر بالوں پر لگانے سے بال آہستہ آہستہ کالے ہو جاتے ہیں (عضلاتی اعصابی)

باری کا بخار

ھوالشافی:۔ کرنجوہ ۱ تولہ۔ پھٹکڑی سفید بریاں ۱ تولہ۔ جبلہ سیاہ بریاں ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب ادویہ کو باریک کر کے لیموں کے رس میں کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ یا آب نیم گرم۔
افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔ اعصابی تحریک کے بخاروں کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

خضاب

ھوالشافی :۔ آملہ حسب ضرورت لے کر خوب باریک کر لیں۔ بوقت ضرورت لیموں کے عرق میں حل کر کے بطور مہندی و وسمہ لیپ کر لیں۔ پہلے ہفتہ میں تین بار لگائیں۔ پھر کم کر دیں۔ بال سیاہ ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ہفتہ میں صرف ایک بار لگاتے رہیں (عضلاتی اعصابی)

پچکاری سوزاک

ھوالشافی :۔ رال سفید ۱ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری :۔ دونوں کو ملا کر پانی میں گرم کریں۔ جب پانی میں حل ہو جائیں۔ تو پچکاری سے استعمال کریں۔ سوزاک کے لئے بہترین دوا ہے۔
افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔

عضلاتی اعصابی شدید

ھوالشافی :۔ آملہ ۱ تولہ، کرنجوہ ۱ تولہ، پھٹکڑی بریاں ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری :۔ پہلے پھٹکڑی بریاں کر لیں پھر باقی دوائیں باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔ بس تیار ہے۔
مقدار خوراک :۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ جسم کی رطوبات کو فوراً خشک کر دیتا ہے اس لیے نزلہ زکام، لیکوریا، شاپا، کھانسی رقیق بلغم والی، سلسل بول، ذیابیطس، جریان، جلد خروج کا رکنے کے لئے مفید ہے۔ تمام رطوبتی علامات کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے اعصابی تحریک والی عورتوں کے لئے معین حمل ہے۔

عضلاتی اعصابی ملین

اعصابی سوزش سے ہونے والی ہلکی حرارت کیلئے

ہوالشافی:۔ آملہ ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ بریاں ۳ تولہ، گندھک آملہ سار ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب دوائیں پیس کر باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ عضلات و قلب کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتا ہے۔ جسم میں بلغم کی زیادتی، شاپا، اسہال، زکام، دردِ سر، منہ کا ذائقہ کھاری رہنا، نزلہ زکام وبائی کے لئے بے حد مفید ہے۔ معین حمل ہے۔

ہوالشافی:۔ ہلیلہ سیاہ بریاں، کالا دانہ ہم وزن۔

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ جسم کی رطوبات کو خشک کرتا ہے۔ اس لئے نزلہ زکام اور کھانسی وغیرہ جیسے امراض کے لئے جب کہ بلغم کی سفیدی مائل خارج ہوتی ہو تو بے حد مفید و موثر ہے۔

ذیابیطس کبدی

ھوالشافی:- کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱ تولہ

ترکیب تیاری:- دونوں کشتے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:- ۱ رتی تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی مقوی ہے۔ سلسل بول، جریان، پیشاب کی جلن، لیکوریا اور ضعف باہ کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

سدا جوانی

ھوالشافی:- تال مکھانہ، بیج بارہ مغز، کشمش، مغز اخروٹ، چینی ہم وزن

ترکیب تیاری:- سب کو باریک پیس لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:- ۵ تا ۱۰ گرام ہمراہ پانی یا چائے۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی ہے۔ جریان، لیکوریا، ضعف باہ، کثرت بول، سلسل بول، شوگر، عام جسمانی کمزوری کے لئے بھی مفید ہے۔

عضلاتی اعصابی مسہل

ھوالشافی:- کرنجوہ ۱ تولہ، آملہ ۱ تولہ، پھٹکری ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ بریاں ۴ تولہ، جمال گوٹہ مدبر ۲ تولہ

ترکیب تیاری:- سب کو باریک پیس کر حب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک:- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی ہے۔ عضلات و قلب کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے۔ غلط خون کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ شانہ، نزلہ زکام، کھانسی جب کہ بلغم

رقیق ہو۔ سلسل بول۔ ذیابیطس۔ بستر پر پیشاب کرنا اور بخار وغیرہ علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

کوکونٹ مقوی دماغ و اعصاب

ھوالشافی: ۔ نارجیل ۱ پاؤ۔ پستہ ۱ پاؤ۔ چینی ½ سیر۔ ورق نقرہ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: ۔ اول نارجیل کو باریک کرلیں۔ پھر پستہ کو کوٹ کر باریک کرکے دونوں کو ملا دیں۔ چینی کا قوام کرکے دونوں باریک شدہ ملا دیں اور کسی کھلے برتن میں پھیلا کر ورق نقرہ لگا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر برفی کی طرح کاٹ لیں۔

مقدار خوراک: ۔ ۱ تولہ تا ۵ تولہ دن میں تین بار ہمراہ چائے۔

افعال و اثرات: ۔ عضلاتی اعصابی مقوی ہے۔ جریان اور ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔ سیلان الرحم کے لئے اعلیٰ درجے کی دوائے غذائی ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے انتہائی مفید ہے۔

مقوی طحال اور مُولد خُون

ھوالشافی: بکشتہ فولاد ۱ تولہ۔ افسنتین ۲ تولہ۔ رائی ۶ تولہ۔

ترکیب تیاری: ۔ سب کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ یا سکنجبین۔

افعال و اثرات: ۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ عظم طحال اور ضعف طحال کی صورت میں جسم میں تیزابیت بہت کم ہو جاتی ہے اور خون کی سرخی کی بجائے رطوبات بڑھ جاتی ہیں۔ جس سے کمی خون اور خرابی خون کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ جسم پھول جاتا ہے اور خون کی پیدائش رک جاتی ہے۔ ایسی حالت میں کامیاب دوا ہے۔

عضلاتی اعصابی مقویات

لڈو قیام شباب

ھوالشافی:۔ مغز اخروٹ ۱ سیر، مغز پستہ ۱ پاؤ، کشمش ½ سیر، بیسن ۱ سیر، گھی ۱ سیر

ترکیب تیاری:۔ پہلے مغز اخروٹ اور پستہ کو باریک کریں اس کے بعد کشمش کا اس میں ملا کر ... یک جان ہو جائیں پھر بیسن کو گھی میں بھون لیں اس کے بعد سب کو اچھی طرح ملا کر لڈو بنا لیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک سے تین لڈو صبح نہار منہ کھائیں۔ اگر رات کو بھی پسند کریں تو کھا سکتے ہیں۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ رطوبتی امراض نزلہ زکام کھانسی۔ دمہ خشک بیماریوں میں بچوں کیلئے بے حد مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔

برفی شباب آور

ھوالشافی:۔ بادام ۵ تولہ، ناریل تازہ ½۱ سیر، چینی ۲ سیر

ترکیب تیاری:۔ پہلے بادام کو نہایت باریک پیس لیں پھر ناریل کو باریک کریں دونوں کو ملا کر خوب اچھی طرح کھرل کریں جب یک جان ہو جائیں تو چینی کا قوام تیار کر کے اس میں ملا کر کھلی پلیٹ میں ڈال دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر برفی کاٹ لیں۔

مقدار خوراک:۔ ½۲ تولہ تا ۵ تولہ دن میں تین بار۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ تمام رطوبتی امراض و علامات کیلئے مفید ہے ان لوگوں کے لئے خاص تحفہ ہے جن کے بال سفید ہو چکے ہیں۔

اطریفل شباب آور

هوالشافی:۔ بلادر ۱ تولہ۔ ہلیلہ ۲ چھٹانک۔ بلیلہ ۲ چھٹانک۔ آملہ ۲ چھٹانک۔ چینی ۲ سیر
ترکیب تیاری:۔ پہلے بلادر کو نہایت باریک پیس لیں۔ پھر باقی دوائیں باریک
کریں۔ چینی کا قوام تیار کرکے دوائیں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔
مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ مقوی ہونے کے
ساتھ ملین بھی ہے۔ دائمی نزلہ کا یقینی علاج ہے۔ کھانسی جس میں بلغم سفیدی مائل
خارج ہوتی ہو۔ دمہ۔ جریان۔ لیکوریا۔ بلغمی و رطوبتی امراض و علامات۔ بالوں کا قبل از
وقت سفید ہونا کے لئے تجربے کی دوا ہے۔

عضلاتی اعصابی مقوی اطریفل

هوالشافی:۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ
آملہ ۱ تولہ۔ بسفائج ۱ تولہ۔ اسطوخودوس ۱ تولہ۔ کشمش ۲ تولہ۔ مویز منقیٰ ۲ تولہ۔
کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ چینی ۱ سیر۔
ترکیب تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔ چینی کا قوام
تیار کرکے اس میں ملا کر اطریفل تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ دائمی نزلہ زکام۔ کھانسی۔ دمہ۔ جریان۔ لیکوریا
رطوبتی امراض و علامات۔ بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا کے لئے بے حد مفید ہے
بھلانے درد سر کے لئے مجرب ہے۔

اطریفل مقوی دماغ اور دافع جریان

هوالشافی:- مربہ ہرڑ ۱ سیر، مربہ آملہ ۱ سیر، بلیلہ ۱ پاؤ، بہمن سرخ ½ پاؤ، بہمن سفید ½ پاؤ، چینی دو سیر، پانی ۱ سیر۔

ترکیب تیاری:- اول مربہ جات کو صاف کرکے باریک کرلیں۔ پھر خشک ادویات کا سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد چینی اور پانی کا قوام کرکے آگ سے نیچے اتار لیں اور مربہ جات و خشک ادویات کا سفوف قوام میں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:- ۱ تولہ تا ۲ تولہ دن میں دو بار ہمراہ پانی نیم گرم۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی مقوی ہے۔ دائمی نزلہ زکام۔ کھانسی تر۔ بلغم کی زیادتی ضعف دماغ و اعصاب، خفقان القلب۔ مادہ منویہ کی کمزوری۔ جریان۔ پرانے اسہال اور قدرتی امساک پیدا کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔

عضلاتی اعصابی اکسیر

عضلاتی اعصابی اکسیر

هوالشافی:- سم الفار ۱ ماشہ، کشتہ فولاد ۱½ تولہ، سفوف بلیلہ سیاہ بریاں ۱½ تولہ

ترکیب تیاری:- پہلے سم الفار کو غبار کی طرح باریک پیس لیں۔ پھر دوسری دوائیں ملا کر کم از کم ۴ گھنٹے تک کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔

مقدار خوراک:- ایک گولی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی ہے قلب و عضلات کو مشینی طور پر تحریک دینے کے لئے بڑی اثر دوا ہے۔ رطوبتی امراض و علامات۔ لیکوریا۔ جریان۔ چھینک۔ نزلہ زکام و دمہ بلغمی۔ شوگر۔ سلسل بول کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ سم الفار کو کشتہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ویسے ہی کھرل کریں۔

اکسیر جریان

ھو الشافی:۔ ستاور ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ پہلے ہلیلہ کو بریاں کریں۔ پھر ستاور باریک کر کے ملا دیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ محرک قلب۔ حابس رطوبات۔ محرک معدہ و امعاء۔ مقوی مثانہ۔ دافع قبض۔ ضعف دماغ۔ دل ڈوبنا۔ رطوبات کی زیادتی۔ لیکوریا اور جریان منی کے لئے کامیاب دوا ہے۔

عضلاتی اعصابی تریاقات

عضلاتی اعصابی تریاق

ھو الشافی:۔ ۱۰ در ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ۱۰ تولہ۔ ہرڑ جلابہ ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ تمام رطوبتی امراض و علامات کے لئے بھرپور دوا ہے۔ لیکوریا۔ جریان۔ ضعف باہ۔ شوگر۔ سلسل بول۔ اکثار۔ چھپاکی۔ دمہ۔ نامردی۔ نزلہ زکام کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ اگر اس نسخہ سے خارش یا سوزش یا کوئی بھی کمی علامت ظاہر ہو تو فوراً غدی عضلاتی ملین کھلائیں اور بیرونی طور پر غدی عضلاتی مسہل کی تیل میں ملا کر مالش کریں۔ فوراً آرام آجائے گا۔

تریاق سیلان الرحم

ھوالشافی:- مازو ۳ تولہ، مائیں ۳ تولہ، سپاری کا سخی ۳ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:- سب کو باریک کرکے سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۲ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ قہوہ۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی ہے۔ کثرت سے سفید رطوبت کا بہنا، سیلان، دل کا گھبرانا۔ خاص طور پر لیکوریا کا مریضہ۔ تاہم سفید دنوں میں زیادہ اعصابی کمزوری اور خون کی کمی میں مفید ہے۔ رحم میں بطور شافہ بھی رکھا سکتے ہیں۔

طبی دنیا کیلئے ایک تحفہ

جوارش املی

ھوالشافی:- املی ۱ پاؤ، آلو بخارا ۱ پاؤ، پودینہ دیسی ۵ تولہ، سونٹھ ۵ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، زرشک ۱ تولہ، منقی ۱ تولہ، ادرک ۵ تولہ، ست لیموں ۵ تولہ، چینی ۲ سیر

ترکیب تیاری:- املی اور آلو بخارا کو پانی میں بھگو دیں۔ کچھ عرصہ بعد جب نرم ہو جائیں تو ہاتھ صاف کرکے خوب ملیں اور موٹی چھاننی سے چھان لیں۔ دوسری تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کریں۔ املی آلو بخارا کے زلال میں چینی ملا کر قوام تیار کر لیں۔ پھر زرشک اور منقی کو کوٹ کر قوام میں شامل کر دیں۔ پھر باقی پسی ہوئی ادویات کا سفوف ملا دیں۔ بس تیار ہے۔ ست لیموں پکتے ہوئے قوام میں ملائیں۔

مقدار خوراک:- ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ یا ویسے ہی چاٹ لیں۔

افعال و اثرات:- عضلاتی اعصابی ہے۔ بے حد مقوی و محرک قلب ہے۔ صرف ایک خوراک سے ہی دل خوش ہو جاتا ہے۔ ہیضہ جیسی موذی مرض میں جب پیاس

کی کثرت اور قے کا زور ہوتا ہے اس سے بڑھ کر کوئی دوا مفید نہیں ہو سکتی گھونٹ بھر
پیتے ہی پیاس ختم کر دیتی ہے۔ حاملہ کی قے کے لئے تو آب حیات ہے۔
بچوں کے دست و قے کے لئے فوری اثر ہے۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے
بچے اور عورتیں خوشی سے کھا لیتے ہیں۔

عضلاتی اعصابی جوشاندہ

هو الشافی:۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ، عناب ۹ دانہ، خوب کلاں ۶ ماشہ، منقیٰ ۹ دانہ
چینی یا شہد حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو پانی میں بھگو دیں۔ پھر آگ پر گرم کریں
جب نصف پانی رہ جائے آگ سے اتار کر چھان کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

افعال و اثرات:۔ قلب و عضلات کو تحریک دیتا ہے۔ تمام رطوبتی امراض نزلہ زکام
کھانسی بخار خصوصاً محرقہ بخار کے لئے کامیاب دوا ہے۔

شربت محرک قلب

هو الشافی:۔ رس مالٹا یا کنو ½ پاؤ۔ رس لیموں ۱ پاؤ نہ ملنے کی صورت میں ست
لیموں ۲ تولہ۔ زرشک ۵ تولہ۔ چینی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ معروف طریقے سے شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ تولہ ہمراہ پانی یا ویسے ہی چٹائیں۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ دل کو فوراً تحریک دیتا ہے۔ موسم
گرما میں بچوں کے ہیضے، پیچش، دست، قے وغیرہ کے لئے بہترین چیز ہے
بچے بڑے شوق سے پی جاتے تھے۔

عضلاتی اعصابی روغن

ھوالشافی:۔ رتن جوت ۵ تولہ۔ روغن کنجد ا پاؤ۔
ترکیب تیاری:۔ رتن جوت کو روغن کنجد میں ملا کر آگ پر گرم کریں جب رتن جوت جل جائے تو اتار کر چھان لیں اور کام میں لائیں۔ خیال رہے کہ رتن جوت تیار کرتے وقت برتن چھوٹا نہ ہو ورنہ باہر نکل جائے گا۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ بیرونی طور پر ورم، چوٹ، درد، ریگی درد و ارکان کے درد میں مفید ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑتا ہے۔

قطور آشوب چشم

ھوالشافی:۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ، افیون ۴ ماشہ، چھلکا ہڑ زرد ا تولہ۔ عرق گلاب ایک نیلا خوشنا ا۔ تی۔
ترکیب تیاری:۔ تینوں دواؤں کو باریک کر کے تھوڑے سے عرق میں کھرل کریں جب حل ہو جائیں تو باقی عرق ملا کر پن چھان کر محفوظ رکھیں۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ آنکھ دکھنا، نزول الماء، نظر کا کمزور ہونا، پانی بہنا، سرخی چشم، سوزش چشم، جلن، درد، روشنی کا برداشت نہ ہونا وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کے علاوہ کان کے درد اور کان بہنا کے لئے فوری اثر ہے۔ زخموں وغیرہ پر بھی لگا سکتے ہیں۔

مرہم

ھوالشافی:۔ برگ کیکر خشک ۲ تولہ، تمباکو خشک ا تولہ۔ تیل سرسوں ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو نہایت باریک پیس لیں۔ پھر تیل میں ملا کر تھوڑی دیر رگڑیں۔ بس مرہم تیار ہے۔

افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی ہے۔ ایسے اعصابی زخم جن میں سے ہر وقت رطوبت بہتی ہو اس کے استعمال سے فوراً درست ہو جاتے ہیں۔ کان بہنے کے لئے بتی بنا کر کان میں لگانے سے زخم بند ہو جاتے ہیں۔

نوٹ:۔ اگر زخم سے رطوبت زیادہ بہتی ہو تو تیل کے بغیر ہی خشک دوا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

فرزجہ معین حمل

ھوالشافی:۔ عصارہ کیکر (یہ کیکر کے درخت سے سیاہ رنگ کا مواد دستیاب ہے) ا تولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں ا تولہ۔

ترکیب تیاری: تینوں کو سرمہ کی طرح باریک پیس لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ تھوڑی سی دوا لے کر پوٹلی بنا کر رحم میں رکھوائیں یا تھوڑا سا پانی ملا کر کپڑا تر کر کے استعمال کرائیں۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ بے حد مقوی رحم ہے۔ رحم کی فاسد رطوبات کو خشک کر کے رحم کو نطفہ قبول کرنے کے قابل کر دیتا ہے۔ سیلان الرحم کے لئے بھی مفید ہے۔

نوٹ:۔ اس کی نخودی گولیاں بھی تیار کی جا سکتی ہیں اور یہ امساک کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

برائے کھانسی

ھوالشافی:۔ تخم پیاز ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ کاکڑا سنگی ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ جسم میں بلغم کی زیادتی۔ عام طور پہ سفید رقیق بلغم کا خارج ہونا۔ پاخانہ کا زیادہ آنا جسم کا اکثر ٹھنڈا رہنا۔ نزلہ زکام کھانسی وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ کالی کھانسی کے لئے بھی شافی دوا ہے۔

دوائے ضیق النفس بلغمی

ھوالشافی:۔ تخم میتھی ۴ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ کلونجی ۲ تولہ۔ کاکڑہ سنگی ۸ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں چار بار۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ محرک کشش رسیچپھڑے ہاضم۔ مخرج بلغم۔ حابس نزلہ زکام۔ کھانسی۔ کالی کھانسی۔ بلغمی اسہال۔ بلغم کی زیادتی سے ہاضمے کی خرابی۔ فم معدہ کا درد۔ کھاری ڈکاریں آنا میں مفید ہے۔

عضلاتی غدی ہاضم

ھوالشافی:۔ انار دانہ ۳ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ تخم پیاز ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ ایسی صورت میں بے حد مفید ہے جبکہ جسم میں الکلی اور رطوبات کی زیادتی سے ہاضمہ خراب ہو کر نزلہ زکام اور کھانسی وغیرہ حالات میں بے حد مفید ہے۔

عضلاتی غدی ملین

ھوالشافی:۔ لونگ ۱ تولہ۔ دار چینی، جلوتری ۱ تولہ۔ مصبر ۳ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کر کے حب نخودی بنائیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱تا۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ عضلات و قلب کو تحریک دینے کے لئے مجرب دوا ہے۔ نزلہ زکام، کھانسی رقیق بلغم والی۔ دمہ، شوگر، شاید ضعف قلب پر جملہ تمام رطوبتی امراض، فالج، لقوہ وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔

برائے اختناق الرحم

ھوالشافی:۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ ایرسا ۴ تولہ۔ مرمکی ۴ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۱تا۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال اثرات:۔ عضلاتی غدی ہیں۔ اختناق الرحم کے لئے بے حد مفید ہے۔ مقوی رحم بھی ہے۔ ریاح کی پیدائش بیدار کرتا ہے۔

احتباس الطمث

ھوالشافی:۔ ابہل ۱ تولہ۔ حنظل ۱ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ کوٹ پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ا تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ احتباس طمث، عسر طمث، سیلان مزمن دائمی قبض، ریاح شکم، پیٹ کے گرنے اور خاص کر اختناق الرحم کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کو مسلسل چند ماہ استعمال کیا جائے تو رحم کی پوری طرح صفائی ہو جاتی ہے اور عورتوں کا عقر بین ختم ہو کر اولاد کے قابل ہو جاتی ہیں۔

نوٹ:۔ اگر دوران علاج مریض کے پیٹ میں درد ہو تو قہوہ گھی ملا کر پلا دیں یا ایک دو دن دوا بند کر کے پھر شروع کرا دیں۔

براہ نوازش اسے غلط استعمال نہ کیا جائے۔

عُضلاتی غُدی طلاء (مقوی باہ طلاء)

ھوالشافی:۔ روغن رائی ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ اول لونگ اور بیر بہوٹی کو باریک کر کے روغن میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب یک جان ہو جائیں تو کسی شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگائیں اور پانی میں تین گھنٹے تک ابالیں۔ پانی کی گرمی سے تمام دوائیں تیل کی طرح ہو جائیں گی پھر نتھار کر صاف شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بس مقوی باہ طلاء تیار ہے۔

استعمال:۔ بوقت ضرورت معروف طریقے پر استعمال کریں۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی مقوی ہے۔ فاضل رطوبات کے جمع ہو جانے کی وجہ سے جو ضعف باہ ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے بڑے بھروسے کی دوا ہے جریان اور احتلام کی وجہ سے پیدا ہونے والی نامردی اور انتشار کی کمی کے لئے بے حد مفید ہے۔

هوالشافی :- روغن بیضہ مرغ طباطبائی ۸ حصہ۔ روغن دارچینی ۴ حصے۔ روغن قرنفل ۴ حصہ۔ بیر بہوٹی ۸ حصے۔

ترکیب تیاری :- اول روغن بیضہ مرغ تیار کریں۔ پھر بیر بہوٹی کو خوب اچھی طرح کھرل کریں اور تمام روغن ملا کر تین گھنٹے متواتر کھرل کریں بس تیار ہے۔

استعمال :- معروف طریقے پر چند بوند روغن کی عضو مخصوص پر لگا کر آہستہ آہستہ مالش کریں۔ دن بھر میں صرف دو بار لگانا کافی ہے۔ کسی قسم کا پتا وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (عضلاتی غدی)

عضلاتی غدی مسہل

هوالشافی :- مصبر ا تولہ۔ حنظل ا تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات :- عضلاتی غدی ہے۔ بلغم کا بے ضرر مسہل ہے۔ تمام بلغم کو چند دنوں میں بذریعہ اسہال خارج کر دیتا ہے۔ اس لئے نزلہ زکام۔ کھانسی۔ دمہ۔ سلسل بول ذیابیطس۔ مٹاپا۔ بندش حیض وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ مقوی قلب ہے۔

حب وجع المفاصل

هوالشافی :- حنظل ۲ تولہ۔ مصبر ۲ تولہ۔ زنجبیل ۵ تولہ۔ نشادر ا تولہ۔

ترکیب تیاری :- سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں اور پانی ڈال کر خوب کھرل کریں جب یک جان ہو جائیں تو حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔

افعال واثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ وجع المفاصل کے لئے بہترین دوا ہے۔
دائمی قبض، قلت طمث، نزلہ زکام، دمہ، کھانسی میں فوراً جمی ہوئی بلغم کو نکال دیتا ہے۔
جب بلغم کی زیادتی سے دل گھٹتا ہو تو اس کے لئے مفید ہے۔

حب صابر

ہوالشافی:۔ حنظل ۱ تولہ۔ رائی یا تارامیرا ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔
افعال واثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ قلب وعضلات کو مشینی طور پر تحریک دیتی ہے۔ بے حد مقوی قلب وعضلات ہے۔ بغیر کسی تکلیف کے تمام بلغم بذریعہ پاخانہ خارج کر دیتی ہے۔ پیٹ میں رکی ہوئی ریاح کے لئے بے حد مفید ہے۔ تبخیر معدہ کے لئے اچھی دوا ہے۔

عضلاتی غدی اکسیرات

اکسیر آتشک

ہوالشافی:۔ حنظل ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ زرد کوڑی کی راکھ ۴ تولہ۔ لیموں کا رس ۴۰ عدد
ترکیب تیاری:۔ سب ادویات کا باریک سفوف تیار کریں۔ پھر لیموں کا رس ملا کر کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو کر گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو حب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم یا قہوہ۔

افعال واثرات :۔ عضلاتی غدی ہے۔ آتشک کے لئے بے حد مفید ہے۔ متواتر استعمال سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دمہ کے لئے بھی ایک بہترین دوا ہے۔

نوٹ :۔ دوران علاج مریض کو دو تین جلاب روزانہ آنے ضروری ہیں۔ اگر جلاب نہ آئیں تو دوا کی مقدار بڑھا دیں

اکسیر ہیضہ

ھوالشافی :۔ سرخ مرچ اتولہ۔ رائی اتولہ

ترکیب تیاری :۔ دونوں کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ۱تا ۲ گولی ہر پندرہ منٹ بعد ہمراہ قہوہ یا پانی نیم گرم

افعال واثرات :۔ عضلاتی غدی ہے۔ ہیضہ جیسی مہلک مرض کے لئے آبحیات سے کم نہیں ہے۔ چند خوراکوں سے قے و دست بند ہو جاتے ہیں۔ ہیضہ کی ہر حالت میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے فوری اثر ہے

اکسیر مصفی خون

ھوالشافی :۔ سرخ مرچ اتولہ۔ شنگرف رومی اتولہ۔ رائی اتولہ۔

ترکیب تیاری :۔ سب دواؤں کو کم از کم دو گھنٹے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں

مقدار خوراک :۔ ۱تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال واثرات :۔ عضلاتی غدی ہے۔ تمام رطوبتی امراض وعلامات کے لئے بے حد مفید ہے۔ ہر قسم کی آتشک و جذام تک کے لئے مفید ہے۔ نزلہ زکام بلغمی کھانسی۔ دمہ سلسل بول۔ بندش حیض وغیرہ کے لئے ایک کامیاب دوا ہے۔

اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر دمہ

ھوالشافی:۔ کشتہ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ کشتہ سم الفار ۳ ماشہ سفوف جنگلی پیاز ۵ تولے۔ رائی ۲ تولے۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر کم از کم چھ گھنٹے متواتر کھرل کریں۔ اس کے بعد دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ یا پانی۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ تمام بلغمی امراض کے علاوہ دمہ کے لئے اکسیر نزلہ زکام۔ کھانسی سلسل بول۔ ذیابیطس ضعف باہ اور جریان وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ نسخہ اپنی تعریف آپ ہے۔

نوٹ:۔ اگر جنگلی پیاز نہ مل سکیں تو دیسی پیاز کا سفوف یا تخم پیاز استعمال کر سکتے ہیں۔

اکسیر ذیابیطس دماغی

ھوالشافی:۔ خراطین مصفےٰ ۱ تولہ۔ تخم حرمل ۱ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ قلب و عضلات کو تحریک دے کر پیشاب کی زیادتی۔ شکر آنا۔ جریان۔ ضعف باہ کے لئے کامیاب دوا ہے اس دوا کے ساتھ انڈے کثرت سے کھانے چاہئیں۔ فوری آرام کے لئے اس کے ساتھ اگر معمولی مقدار میں افیون دی جائے تو فوری اثر ہو جاتا ہے۔

عضلاتی غدی تریاقات

تریاق تبخیر

ھو الشافی:۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ اول شنگرف اور دارچینی کو خوب باریک پیس کر ملالیں۔ بعد میں باقی ادویات کو باریک کرکے ملا کر کم از کم دو گھنٹے کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات: عضلاتی غدی ہے۔ تبخیر مزمن پر باشدید فوری اثر ہے کھاتے ہی تبخیر کی شدت سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً فالج۔ لقوہ۔ لقرس۔ ضعف باہ۔ پرانا احتلام۔ جریان۔ کمزوری بدن۔ بدہضمی۔ نفخ شکم و امعاء سلسل بول عورتوں میں ماہواری کی بے قاعدگی۔ سیلان الرحم مزمن۔ موٹاپا۔ پیٹ کا بڑھ جانا دست اور سنگرہنی وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ اگر قبض ہو تو عضلاتی غدی مسہل سے رفع کریں۔

تریاق دمہ بلغمی

ھو الشافی:۔ مرچ سرخ ۱ تولہ۔ رائی ۱ تولہ۔ حنظل ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات: عضلاتی غدی ہے بلغم کا بہترین مسہل ہے۔ جسم میں جاتے ہی تمام بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کر دیتا ہے۔ اس لئے بلغمی دمہ اور نمونیا کے

لئے بہت کامیاب دوا ہے۔ بے حد مقوی قلب، عضلات ہے۔ بے حد ہاضم رافع ریاح شکم وامعاء ہے۔ مدر حیض بھی ہے۔

تریاق کزاز و تشنج

هوالشافی :- جائفل ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ جلتت ہینگ ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ۲ تولہ۔ عرق لسن ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :- ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم۔

افعال و اثرات :- عضلاتی غدی ہے۔ ہر قسم کے کزاز و تشنج میں تریاق کا درجہ رکھتا ہے۔ دورہ فوراً رک جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مرگی۔ اختناق الرحم۔ ڈبہ اطفال تبخیر معدہ۔ ریاح شکم۔ درد شکم بوجہ رطوبات کے لئے بے حد مفید ہے۔

عضلاتی غدی مقویات

حب مقوی باہ

هوالشافی :- سم الفار ۱ تولہ۔ سرخ مرچ ۲ تولہ۔ ستاگی ۲ تولہ

ترکیب تیاری :- سب دواؤں کو ملا کر کم از کم چھ گھنٹے تک کھرل کریں پھر دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک :- ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ گھی یا قہوہ۔

افعال و اثرات :- عضلاتی غدی ہے۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ ہاضم۔ مقوی دل۔ دافع رطوبت۔ فالج۔ لقوہ اور رطوبت سے پیدا ہونے والے امراض جیسے وجع المفاصل کے لئے بے حد مفید ہے۔

معجون شباب آور

ھوالشافی:۔ کچلہ ۱ تولہ۔ بابچی ۸ تولہ۔ حرمل ۱۶ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ۵ چھٹانک شہد آدھ سیر چینی ڈیڑھ سیر۔

ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو نہایت باریک پیس کر معروف طریقے سے معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ مقام بلغی ورطوبتی امراض وعلامات میں مفید ہے۔ اعصابی تحریک کی ہر علامت کے لئے مفید ہے۔

حب شباب آور

ھوالشافی:۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ سم الفار ۲ ماشہ۔ شنگرف رومی ۵ تولے۔ کشتہ فولاد ۵ تولہ۔ رائی ۵ تولے۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو کم از کم چھ گھنٹے کھرل کر کے حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ چائے یا پانی۔

افعال واثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ عضلات وقلب کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ نامردی تک کے لئے مفید ہے۔ اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے تریاق ہے۔

ھوالشافی:۔ کشتہ سونا ۳ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ جاوتری ۲ تولے۔ خولنجاں ۴ تولہ۔ مربہ زنجبیل ۱۰ تولے۔

ترکیب تیاری :- پہلے مربہ زنجبیل کو کوٹ کر باریک کر لیں۔ پھر باقی دوائیں الگ باریک شدہ اس میں ملا کر نخودی گولیاں تیار کر لیں۔
مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات :- عضلاتی غدی ہے۔ تمام اعصابی و رطوبتی امراض و علامات کے لئے بہترین دوا ہے۔ قلب و عضلات کے لئے بے حد مقوی ہے۔ کھاتے ہی جسم کو گرم کر دیتا ہے۔ جس سے دل کا ڈوبنا فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ایک زبردست مقوی بدن دوا ہے۔

شباب آور

ھوالشافی :- کشتہ چاندی ا تولہ، کستوری ۳ ماشہ، زعفران ا تولہ، شہد ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری :- تینوں کو کھرل کر کے شہد میں ملا لیں۔
مقدار خوراک :- ا ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ مناسب بدرقہ۔
افعال و اثرات :- عضلاتی غدی مقوی ہے۔ قوت باہ کے لئے بہترین مرکب ہے۔ سرعت انزال، کمی انتشار اور عام جسمانی کمزوری کے لئے بہترین دوا ہے۔

اعادہ شباب

ھوالشافی :- کشتہ الماس (تانبہ) ا ماشہ، کشتہ مرجان ا تولہ، کشتہ عقیق ا تولہ۔
ترکیب تیاری :- کشتہ جات کو آپس میں ملا لیں۔ بس تیار ہے۔
مقدار خوراک :- ۲ چاول تا ایک رتی ہمراہ خمیرہ مروارید دن میں تین بار۔
افعال و اثرات :- عضلاتی غدی ہے۔ عضلات و قلب کو مشینی طور پر تحریک دینے کے لئے فوری اثر ہے۔ چند خوراکیں اپنا اثر ظاہر کر دیتی ہیں۔ ضعف قلب کے

نے خصوصیت سے مفید ہے۔ تمام رطوبتی امراض کے لئے بے حد مفید ہے جریان لیکوریا، دمہ، نزلہ زکام وغیرہ کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

سفوف شباب آور

ھوالشافی:۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ ورق طلا یا کشتہ طلا ۳ ماشہ

ترکیب تیاری:۔ اول پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں پھر ورق ڈال کر کھرل کریں جب چمک ختم ہو جائے تو تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ مناسب بدرقہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ محافظ حرارت غریزی ہے ضعف باہ، نامردی انتشار کی کمی، عام جسمانی کمزوری، ضعف اعصاب، عضلاتی اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

عضلاتی غدی مقوی معجون

ھوالشافی:۔ کشتہ انڈاقی ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ دار چینی ۱ تولہ۔ خولنجاں ۱ تولہ۔ ماجو ۱ تولہ۔ السنتین ۱ تولہ۔ شہد ۳ پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک سفوف کر کے تین پاؤ شہد کا قوام کر کے ادویات ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا چائے۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ تمام رطوبتی امراض و علامات میں مفید ہے ضعف اعصاب، جسمانی کمزوری، دردیں، نزلہ زکام کھانسی، ضعف باہ، سلسل البول جریان، انتشار کی کمی جسم کا ٹھنڈا رہنا اور پیٹ درد میں کامیاب دوا ہے۔

عضلاتی غدی تریاق

ھوالشافی :۔ اجوائن دیسی ۱ پاؤ۔ تیزاب گندھک حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری :۔ اجوائن کو باریک پیس کر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر اتنا تیزاب گندھک ڈالیں کہ اجوائن تر ہو جائے۔ صرف تین گھنٹے تک پڑا رہنے دیں۔ پھر ہاون دستہ میں اتنا کوٹیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو نخودی گولیاں بنالیں۔

نوٹ :۔ اگر اس نسخہ میں ایک سیر نمک خوردنی ملالیں تو یہ مول کا نمک بن جاتا ہے یہ وہی نسخہ ہے جو بازار میں عام ملتا ہے۔

مقدار خوراک :۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات :۔ عضلاتی غدی ہے۔ یہ دوا جسم میں کھار کے اثرات کو ختم کر کے ترشی و تیزابیت میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اگر اسے ایک ماشہ کی مقدار میں گرم پانی میں حل کر کے غرارے کرائے جائیں تو منہ کے چھالوں کو فوراً آرام آجاتا ہے پھوڑوں کو چند دنوں میں ختم کر دیتا ہے۔ ہیضہ۔ درد پیٹ۔ بدہضمی۔ سرد پسینہ آنا۔ اسہال نئے یا پرانے بلکہ سنگرہنی تک کے لئے آب حیات ہے۔

ذیابیطس معدی

ھوالشافی :۔ خولنجاں ۱ تولہ۔ تج ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ دونوں کو باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں اور سہ چند شہد ملا کر معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک :۔ ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات :۔ عضلاتی غدی ہے۔ سلسل بول۔ تبخیر معدہ۔ جریان۔ ضعف باہ

بدہضمی۔ پائیوریا اور اعصابی دردوں کے لئے مفید ہے۔

سفوف مقوی باہ

ھوالشافی:۔ دارچینی ۱۰ تولہ۔ رائی ۵ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ نیم گرم پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی مقوی ہے۔ دل کو فوراً تحریک دے کر حرارت کی پیدائش شروع کر دیتا ہے۔ تمام اعصابی امراض کے لئے شافی دوا ہے۔ بچوں کے اسہال، قے۔ بخار، سدق الاطفال۔ نمونیا، کھانسی۔ کالی کھانسی اور سنگرہنی کے لئے بہترین دوا ہے۔ ضعف باہ۔ جریان اور انتشار کی کمی کے لئے بہت مفید ہے۔
نوٹ:۔ اس سفوف کو سہ چند شہد میں ملا کر معجون بھی بن سکتی ہے۔

دوائے کالی کھانسی

ھوالشافی:۔ کرنج مرچ مٹی کے پیالہ میں رکھ کر جلا لیں۔
ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت جلی ہوئی مرچ شہد میں ملا کر چٹائیں۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ کالی کھانسی نزلہ ریشہ میں بے حد مفید ہے۔

حب مقوی بدن و مولد خون

ھوالشافی:۔ سم الفار ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ رائی ۱۲ تولہ
ترکیب تیاری:۔ اول سم الفار کو باریک پیس لیں۔ پھر اس میں تھوڑا تھوڑا کشتہ فولاد ملا کر کھرل کریں۔ جب تمام فولاد ختم ہو جائے تو رائی ملا کر کم از کم ۴ گھنٹے متواتر

کھرل کرکے حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ کمی خون اور نقاہت جسم کے لئے بے حد مفید ہے۔ تھوڑے دنوں میں کافی خون پیدا ہو جاتا ہے اور جسم میں طاقت آجاتی ہے۔ رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ قوت باہ اور جریان کے لئے بے حد مفید ہے بدہضمی۔ تحلیل الطحال مزمن اور ضعف قلب کے لئے بھی مفید ہے۔

سفوف مقوی معدہ

ھوالشافی:۔ جلوتری ۱ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ تیزپات ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر کوٹ لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم یا تھوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ مقوی معدہ و امعاء اور قلب ہے۔ جگر کی مشینی تحریک شروع کر دیتا ہے۔ قابض ہے۔ نفخ شکم اور گڑگڑاہٹ کے لئے مفید ہے۔ مولد خون اور مقوی بدن ہے۔ اس کے استعمال سے رفتہ رفتہ معدہ و امعاء میں زبردست قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ جگر گرم ہو جاتا ہے بھوک بڑھ جاتی ہے۔ پرانے اسہال جو کہ کھانا کھانے کے فوراً بعد آتے ہوں بلکہ سنگرہنی تک کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔ نیا خون پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جس سے کمزوری دور ہو کر جسم کا دبلا پن ختم ہو جاتا ہے۔

چٹنی مقوی قلب و مولد خون

ھوالشافی:۔ ٹماٹر ۴ سیر۔ کشمش نیم سیر۔ ادرک نیم پاؤ۔ سرکہ ۱ سیر۔ گڑ ۲ سیر۔ نمک و مرچ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ اول ٹماٹروں کو کاٹ کر مٹی کی ہانڈی میں آگ پر پکائیں جب تمام ٹماٹر گل کر یکجان ہو جائیں تو ان کو چھان کر رکھ لیں۔ پھر دوسری ہنڈیا میں گڑ اور سرکہ ملا کر آگ پر رکھیں جب گڑ سرکہ میں حل ہو جائے تو اس کو بھی چھان کر ٹماٹروں کے پانی میں ملا لیں پھر اس میں ادرک باریک کاٹ کر ڈال دیں۔ ساتھ ہی کشمش بھی ملا دیں۔ سب چیزوں کو ملا کر پھر ہانڈی کو آگ پر چڑھا دیں جب اچھی طرح پک کر گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ آدھ تا ۱ تولہ کھانے ہمراہ روٹی سے کھائیں۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ قلب کو تحریک دیتی ہے۔ ضعف قلب کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ بے حد خون پیدا کرتی ہے۔ سینہ اور دماغ کی رطوبتیں رک جاتی ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے۔ قوت ہاضمہ کو تیز کرتی ہے۔ پیٹ میں سے گندے ریاح۔ اسہال کثرت بول۔ ہیضہ۔ قے۔ پیاس کی زیادتی میں اعلیٰ درجہ کی شفائی دوا ہے۔ دل کو توانا کر دیتی ہے۔

مقوی قلب و خون

ھوالشافی:۔ ہیرا کسیس تازہ سبز ۸ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ بالچھڑ ۴ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۲ گولی تا ۴ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی مقوی ہے۔ مقوی قلب و معدہ و اعصاب ہے۔ مولد خون۔ قابض۔ حابس۔ دافع بخر۔ بند کش نزلہ۔ مقوی دماغ و اعصاب ہے۔ سل مزمن۔ کمی خون۔ لیکوریا۔ ذیابیطس۔ جریان اور بادگولہ وغیرہ کے لئے بہت مفید اور کامیاب دوا ہے۔

عضلاتی غدی جوشاندہ

ھوالشافی:۔ زوفہ ۶ ماشہ۔ پرساؤشاں ۶ ماشہ۔ انجیر ۲ عدد۔ سبوس گندم ۶ ماشہ۔ چینی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو اتار کر چھان کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

افعال و اثرات: عضلاتی غدی ہے۔ نزلہ زکام اور سینہ کی سوزش کے لئے بے حد مفید ہے۔ جمی ہوئی بلغم کو خارج کرتا ہے۔ معدہ و امعاء میں نرمی پیدا کرتا ہے گلے کی خشکی کے لئے مفید ہے۔

شربت مُفید النساء

ھوالشافی:۔ مجیٹھ ½ ۲ تولہ۔ سوئے ½ ۲ تولہ۔ اجوائن ½ ۲ تولہ۔ تخم سن ½ ۲ تولہ میتھے ½ ۲ تولہ۔ کپاس کی ڈوڈی ۵ تولہ۔ بندال ڈوڈہ ۱ تولہ۔ چینی ۱ سیر۔

ترکیب تیاری: سب دواؤں کو کوفتہ بیختہ کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں پھر آگ پر گرم کریں۔ جب نصف سیر پانی رہ جائے تو پن چھان کر چینی شامل کرکے شربت کے قوام پر لے آئیں۔

افعال و اثرات میں: عضلاتی غدی شربت ہے۔ مدر حیض ہے۔ حیض کی کمی یا بندش اور بانجھ پن میں اکسیر ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے ماہواری کی جملہ خرابیاں دور ہو کر حمل ہو جاتا ہے۔ ایسی عورتیں جنہیں بیس بیس سال حمل نہ ہو سکا اس کے استعمال سے ان کا بانجھ پن دور ہو گیا اور وہ اولاد جیسی نعمت سے مالا مال ہو گئیں۔

نوٹ:- حیض شروع ہونے سے ایک دو دن پہلے ہی شروع کرا دیں۔ ایک یا دو دن میں ختم کر دیں۔ ماہواری کے بعد عضلاتی اعصابی شافہ رحم میں رکھوائیں تو بہت جلد کامیابی ہو جاتی ہے۔ حاملہ عورت کو استعمال نہ کرائیں۔

عضلاتی غدی روغن

ھوالشافی:- مال کنگنی ۵ تولہ۔ کچلہ ا تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ روغن کنجد ا پاؤ۔

ترکیب تیاری:- سب دواؤں کو روغن کنجد میں جلا لیں جب تمام دوائیں جل کر کوئلہ ہو جائیں تو تیل کو کسی صاف کپڑے سے چھان لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:- مقام ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کر کے اوپر گرم کپڑا باندھ دیں۔

افعال و اثرات:- عضلاتی غدی ہے۔ قلب و عضلات کو مقامی طور پر مشینی تحریک دینے کے لئے بہترین روغن ہے۔ عضلاتی اعصابی تحریک کی تمام علامات کو ختم کرنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ اعصابی دردوں۔ سیلان الاذن۔ درد کان بہرہ گنٹھیا کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ فالج زدہ حصہ پر مالش کرنے سے فلج درست ہو جاتا ہے۔

عضلاتی غدی قطور

ھوالشافی:- نیلا تھوتھا ۸ رتی۔ دار چکنا ۲ رتی۔ عرق گلاب ا بوتل۔

ترکیب تیاری:- نیلا تھوتھا اور دار چکنا کو نہایت باریک پیس کر گلاب کے عرق میں حل کر لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:- قطرہ قطرہ دن میں چار بار استعمال کریں۔

افعال و اثرات:- عضلاتی غدی ہے۔ آشوب چشم۔ نزول الماء پانی بہنا۔ قطرہ کا گرد۔

ہو جانا۔ پھوڑا اور لگرے وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ آنکھوں کے علاوہ کان درد۔ کان بہنا۔ کان کی سوزش اور بہرہ پن کے لئے آبحیات ہے بیرونی طور پر ہر قسم کے زخموں پر لگانے سے فوراً شفا ہو جاتی ہے۔

مرہم سیاہ

ھوالشافی:۔ سندھورہ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ ایلوا ا تولہ۔ تیل سرسوں ا پاؤ۔
ترکیب تیاری:۔ لوہے کی کڑاہی میں تیل کو گرم کریں۔ پھر سندھور، مصبر اور نیلا تھوتھا پیس کر ملا دیں اور لوہے کی چھری سے ہلاتے رہیں۔ جب مرکب کا رنگ سیاہ ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ ضرورت کے مطابق کپڑے پر لگا کر گرم کر کے مقام ماؤف پر لگائیں۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ پرانے زخم اور پھوڑے پھنسیوں کو فوراً آرام آجاتا ہے۔ اس مرہم کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ زخم پر پلستر کی طرح جم جاتی ہے۔

فرزجہ

ھوالشافی:۔ ایلوا ۲ تولہ۔ حنظل ۶ ماشہ۔ مرکی ۴ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ باریک پیس کر شافہ تیار کریں۔
طریقہ استعمال:۔ شافہ (بتی) بنا کر رحم میں رکھوائیں۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ رحم کو تحریک دے کر برسوں کا رکا ہوا خون جاری کر دیتا ہے۔ بندش حیض۔ کمی حیض اور سیلان الرحم کے لئے ایک بہترین شافہ ہے۔

مجربات محرک جگر و غدد

غدی عضلاتی مجربات (گرم خشک)

غدی عضلاتی تمام نسخہ جات جگر و غدد کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں۔ خلط صفراء پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اس کا اخراج بند کر دیتے ہیں غدی عضلاتی تمام نسخہ جات کا مزاج گرم خشک ہوتا ہے۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورتوں میں ملین۔ مسہل۔ اکسیر اور تریاق دس دس منٹ بعد دیئے جائیں تاکہ مرض پر فوری طور پر کنٹرول کیا جا سکے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جائے دوا کا وقفہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

درج ذیل غذائیں عضلاتی غدی تحریک کو ختم کرنے اور غدی عضلاتی تحریک پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔

صبح:۔ انڈے۔ کھجور۔ چلغوزے اور چائے۔

دوپہر:۔ میتھی کا ساگ۔ ادرک۔ سبز مرچ۔ بکری کا گوشت۔ مرغ۔ بلبل اور تیتر کا

گوشت۔ چنے اور پیاز سبز۔

رات:۔ دوپہر والی غذا۔

پھل:۔ آم۔ خوبانی شہتوت۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا غذاؤں میں سے جو مناسب سمجھیں تجویز کریں۔

غدی عضلاتی محرک

ھوالشافی:۔ مائی ۱ تولہ۔ تیزپات ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ غدد جگر کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتا ہے محافظ حرارت غریزی ہے۔ معدہ و امعاء کے درد۔ بے چینی۔ ریاح شکم۔ یورک ایسڈ کی زیادتی۔ خونی پیچش۔ گردہ و مثانہ کی پتھریاں۔ بواسیر۔ ہیضہ اور اسہال کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

حب بواسیر

ھوالشافی:۔ تخم نیم ۲ تولے۔ تخم بکائین ۲ تولے۔ افسنتین ۲ تولے۔ رسونت ۲ تولے۔

ترکیب تیاری:۔ باریک پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ تا ۴ گولی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔

افعال و اثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لئے ایک بہت اچھی دوا ہے۔

غدی عضلاتی شدید

ھوالشافی:- اجوائن ۴ تولہ۔ تیزپات ۴ تولہ۔ سانئی ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری:- سب کو باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:- ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ غدد جگر کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے پرانی پیچش۔ دست۔ خرابی خون۔ بدہضمی۔ درد معدہ و امعاء۔ پتہ کا درد۔ پتھری گردہ و مثانہ۔ بواسیر خونی و بادی۔ جسم کا ٹھنڈا ہونا۔ درد پیٹ اور مزمن ریاح شکم کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

اختباس الطمث

ھوالشافی:- ہینگ ۴ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ مرمکی ۲ تولہ

ترکیب تیاری:- سب کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۲ تا ۴ گولی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ یا پانی۔

افعال و اثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ بندش حیض کے لئے بہترین دوا ہے مسلسل استعمال سے بڑھا ہوا پیٹ۔ رحم و پیٹ کی رسولیاں تک دور ہو جاتی ہیں مثلاً جسمانی دردیں۔ ضعف رحم بوجہ رطوبات کے لئے کامیاب دوا ہے اختناق الرحم کے لئے بھی مفید ہے۔

تریاق معدہ و امعاء

ھوالشافی:- گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ۴ تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔

(۱) حب عرق النساء

ھوالشافی:- اسپند ۱ تولہ۔ سرنجاں شیریں ۱ تولہ۔ ست صبر ۱ تولہ

ترکیب تیاری:- سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ایک گولی ہر دو گھنٹہ بعد۔ جب درد رک جائے اور پاخانے شروع ہو جائیں تو وقفہ بڑھا دیں۔ اگر درد کی شدت ہو تو گولیوں کی تعداد بھی بڑھا دیں۔ خواہ ایک وقت میں چار گولیاں کیوں نہ دینی پڑیں۔

افعال و اثرات:- غدی عضلاتی ملین ہیں۔ عرق النساء اور کمر کے درد نقرس ترشی و تیزابیت کے خاتمہ کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ عورتوں کی ماہواری کو باقاعدہ کرنے کے لئے یقینی دوا ہے۔ نزلہ مزمن۔ قبض۔ ریاح شکم اور تبخیر معدہ کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔

نوٹ:- ترکیب ست صبر:- ایک چھٹانک صبر لے کر باریک کریں۔ اس کو کسی قلعی والے برتن میں ڈال کر اس میں تین چھٹانک پانی ڈال دیں اور خوب ہلا کر چوبیس گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ کبھی کبھی ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد پانی کو مقطر کر کے قلعی دار برتن میں آگ پر خشک کر لیں۔ بس تیار ہے۔

برائے عظم الطحال

ھوالشافی:- سم الفار ۱ تولہ۔ ہیرا کسیس تازہ ۸ تولہ۔ ست صبر ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری:- اول سم الفار اور ہیرا کسیس کو کھرل کریں۔ پھر ست صبر ملا کر کم از کم چار گھنٹے کھرل کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر لونگ تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ایک گولی ہر تین گھنٹے کے بعد دیں۔ اگر تین روز مسلسل دینے کے

بعد قبض رہے تو دوا کی مقدار خوراک دگنی دیں۔ ہمراہ پانی نیم گرم۔

افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ پرانے سے پرانے عظم الطحال کے لئے مفید ترین دوا ہے۔ اس کے علاوہ جسم میں حرارت اور منقوی خون پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ رنگ صاف ہو جاتا ہے۔ عورتوں کی ماہواری پر حیرہ کی خون کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے نہ صرف ماہواری شروع ہو جاتی ہے بلکہ باقاعدہ ہو جاتی ہے۔ جو عورتیں ماہواری کی خرابی کی وجہ سے اولاد کی نعمت سے محروم ہوں ان کے متواتر تین ماہ کے استعمال سے حمل قرار پا جاتا ہے۔

پرہیز:۔ اس دوا کے استعمال کے دوران مٹھائی۔ چاول۔ گھی اور دودھ کا استعمال بند رکھیں۔

غذا:۔ ڈبل روٹی۔ دلیا۔ ہر قسم کا گوشت۔ چائے اور ترش پھل مفید ہیں۔

دوائے ضیق النفس کلوی

ھوالشافی:۔ نمک خوردنی ۴ تولے۔ تمباکو ۴ تولہ۔ نمک مدار ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ معروف طریقے پر تمباکو کا نمک تیار کریں اور مدار کا نمک بھی تیار کریں۔ اس میں آک کی ہر چیز کام آسکتی ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔ قے لانے کے لئے ۲ ماشہ دے سکتے ہیں۔

افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ دمہ کلوی کیلئے بہترین دوا ہے۔ اگر قبض ہو تو ساتھ غدی عضلاتی ملین یا مسہل کا استعمال کرائیں۔

غدی عضلاتی مسہل

ھوالشافی:- رائی ۴ تولہ۔ اجوائن ۴ تولہ۔ تیزپات یا بابچی ۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:- سب کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ جگر و غدد کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے۔ محافظ حرارت غریزی ہے۔ صفراء پیدا کر کے جسم میں روکتا ہے۔ ترشی و تیزابیت کو زائل ختم کر دیتا ہے۔ خارش، داد، چنبل۔ پھوڑے پھنسی۔ سوزشی نزلہ زکام خشک دمہ۔ بواسیر اور سرطان (کینسر) کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ بے ضرر مسہل ہے۔

نوٹ:- اگر غلطی سے زیادہ مقدار میں کھا لیا جائے اور کمی علامات ظاہر ہوں یعنی دست یا پیٹ میں مروڑ وغیرہ کی علامات شدت اختیار کر جائیں تو ایسی صورت میں گوند کتیرہ لسی میں ملا کر پلائیں۔ پلاتے ہی آرام آجائے گا۔

دوم

ھوالشافی:- مغز جمال گوٹہ ۱ تولہ۔ رائی ۲ تولہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:- تینوں کو ملا کر کم از کم چھ گھنٹے کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ ایک بے ضرر مسہل ہے۔ سوداوی مادہ کو صفراء میں تبدیل کر دیتا ہے۔ ترشی و تیزابیت کی وجہ سے جو خارش یا پھوڑے پھنسی وغیرہ کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ ان کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:- جمال گوٹہ مدبر کرنے کی ضرورت نہیں۔ ویسے ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

غدی عضلاتی طلاء

ھوالشافی:۔ روغن جمال گوٹہ ۱ تولہ۔ روغن اجوائن ۳ تولہ۔ روغن خردل ۴ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ تینوں روغن اچھی طرح ملالیں بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ معروف طریقے پر چند بوند روغن لے کر عضو مخصوص پر مالش کریں۔ پہلے دو دن دوا بہت تھوڑی مقدار میں لگائیں کیونکہ دوا بہت تیز ہے دوسرے دن زیادہ لگائیں۔
افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ نامردی۔ احتلام اور ضعف باہ کے لئے بہترین دوا ہے۔ جلق۔ اغلام جیسی بد عادات بھی چھوٹ جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ داد۔ چنبل اور خارش کے لئے کامیاب روغن ہے۔

روغن اوجاع

ھوالشافی:۔ روغن کنجد تل۔ ۱۰ تولہ۔ رتن جوت۔ ۱ تولہ روغن تارپین ۱/۲ تولہ کافور ۱/۲ تولہ
ترکیب تیاری:۔ اول روغن کنجد میں رتن جوت جو کوب کر کے جلالیں اور روغن کو چھان کر محفوظ کر لیں۔ پھر روغن تارپین میں کافور حل کریں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو دونوں کو اچھی طرح ملالیں بس تیار ہے۔
افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ ہر قسم کے جوڑوں کے درد میں بیحد مفید ہے۔ اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو اس کو جوڑ کر مضبوطی سے باندھنے کے بعد اس روغن سے پٹی کو تر کر دیں اور تین چار روز تک تر رکھیں۔ پھر کھول کر دیکھیں اگر جڑ گئی ہو تو پھر روزانہ اس تیل کے ساتھ ہلکی ہلکی مالش کریں۔ انشاء اللہ ٹوٹی ہوئی ہڈی چند دنوں میں جڑ جاتی ہے۔

طریقہ استعمال :۔ تھوڑا سا تیل لے کر مقام ماؤف پر مالش کریں۔

غدی عضلاتی اکسیرات

اکسیر کبریت

ھوالشافی :۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ دونوں کو کم از کم ۴ گھنٹے کھرل کریں جب مرکب کا رنگ سرمہ کی طرح سیاہ ہو جائے تو تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ ۲ رتی تا ۱ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات :۔ غدی عضلاتی ہے۔ جسم میں ہر قسم کی سوزش، نیا پرانا نزلہ و زکام، کھانسی، تپ معدی، سوزشی اسہال، جگر و گردہ کی سوزش، سوزاک، پھوڑے پھنسی اور خارش وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ جس دوا میں ملایا جائے اس کے اثرات بیس گنا بڑھ جاتے ہیں۔

اکسیر دمہ

ھوالشافی :۔ کشتہ سنگرف ۲ تولہ۔ کشتہ بارہ سنگا ۲ تولہ۔ رائی ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ سب کو ملا کر کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات :۔ غدی عضلاتی ہے۔ تشنجی دمہ جسے عرف عام میں اصلی دمہ یا خشک دمہ کہتے ہیں کے لئے ایک اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ اس کے علاوہ ریاح شکم۔ دل کا گھبرانا۔ نبض کا تیز چلنا۔ بلغم کی کمی اور حرارت کے بڑھ جانے کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر درد دندان

ھوالشافی:- لونگ ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ عاقرقرحا ۵ تولہ۔ نرشادرہ تولہ نمک خوردنی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:- سب کو پیس کر سفوف بنالیں۔

طریقہ استعمال:- تھوڑا سا منجن لے کر دانتوں کی جڑوں میں رکھ دیں۔ یا ہلکا ہلکا مل دیں۔

افعال و اثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ دانتوں کا درد نیا یا پرانا چند دن کے اندرونی یا بیرونی استعمال سے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔ دانت کو کیڑا لگنا اور ماسں خورہ کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

اندرونی طور پر دانت کے درد۔ پیٹ کے درد۔ ریاحی درد۔ بدہضمی اور ضعف معدہ کے لئے بھروسے کی دوا ہے۔

اکسیر بواسیر

ھوالشافی:- اکسیر غدی عضلاتی ۱ تولہ۔ ریٹھہ ۵ تولہ۔ گھیکوار ۱ پاؤ۔

ترکیب تیاری:- پہلے اکسیر غدی عضلاتی تیار کریں۔ پھر اس میں تھوڑا تھوڑا گھیکوار ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ پھر کل وزن کے برابر ریٹھہ پیس کر شامل کریں باریک کرکے حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:- غدی عضلاتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی۔ خرابی خون خارش حاد اور چنبل کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

غذی عضلاتی مقویات

غدی عضلاتی مقوی جوارش

ھوالشافی:۔ مربہ آملہ ۱۰ تولہ۔ زنجبیل ۲½ تولہ۔ پودینہ ۲½ تولہ۔ اجوائن دیسی ۲½ تولہ فلفل سیاہ ۲½ تولہ۔ فلفل دراز ۲½ تولہ۔ مصطگی رومی ۲½ تولہ۔ عاقرقرحا ۲½ تولہ بادیان ۲½ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲½ تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ چینی ۱½ سیر۔ شہد ۱½ سیر

ترکیب تیاری:۔ پہلے مربہ آملہ کو کوٹ کرلیں۔ پھر تمام ادویات کا سفوف بنا کر اس میں ملالیں۔ چینی اور شہد کا قوام کرکے پسی ہوئی ادویات اس میں ملادیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ پانی یا مناسب عرق۔

افعال و اثرات:۔ یہ غدی عضلاتی ہے۔ جگر کے لئے بے حد مقوی و محرک ہے مقوی معدہ و امعاء ہے۔ منہ سے بدبو کا آنا بوجہ خرابی ہضم۔ پیشاب کی زیادتی۔ پتھری گردہ و مثانہ درد گردہ۔ مثانہ کی سردی۔ لیکوریا سیلان الرحم۔ اسہال مزمن اور درد سر کے لئے کامیاب دوا ہے۔

چٹنی مقوی جگر اور مولد خون

ھوالشافی:۔ املی رخام آم ۱/۲ سیر۔ کشمش آدھ پاؤ۔ سرکہ ۱ سیر۔ ادرک ½ پاؤ۔ گڑ ۲ سیر۔ نمک مرچ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ اول املی کو ٹھیک کاٹ کر پانی میں پکالیں۔ جب اچھی طرح گل جائے تو اتار کر چھان لیں۔ پھر سرکہ اور گڑ ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب اچھی طرح پک جائے تو اتار کر چھان لیں اور املی والے پانی میں ملادیں۔ پھر کشمش اور ادرک کو ملا کر کوٹ لیں۔ املی اور گڑ والے پانی میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے تو اتارلیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تولہ تا ۲ تولہ دن میں تین بار کھانے کے ساتھ

افعال و اثرات میں غدی عضلاتی ہے۔ جگر کو تقویت دینے کے لئے بہترین علاجی دوا ہے۔ حرارت غریزی پیدا کرتی ہے۔ ملین ہے۔ متعفن دہان کے لئے بے حد مفید ہے اس کے علاوہ مخرج بلغم ہے۔

نوٹ:۔ ہانڈی مٹی کی استعمال کریں۔

دوائے مقوی جگر و مُولد خُون

ھوالشافی:۔ ہیراکسیس ۱ تولہ۔ زنجبیل ۵ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔

افعال و اثرات میں مقوی جگر و مولد خون۔ ہاضم و ملین۔ دافع ریاح و بلغم اور رطوبات مولد حرارت غریزی۔ عظم جگر، عظم طحال، کمی خون بلغم اور رطوبات بوجہ سکون جگر، جیسے امراض کے بعد کی کمزوری۔ ضعف بوجہ کمی حرارت کے لئے بے حد مفید ہے۔

غدی عضلاتی تریاق

ھوالشافی:۔ مرچ سرخ ۴ تولہ، سانف یا تخم جرجیر ۴ تولہ، تخم انفار ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ پہلے تخم انفار کو نہایت باریک پیس لیں۔ پھر سرخ مرچ اور رائی ملاکر ۴ گھنٹے کھرل کریں اور بعد میں حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی۔ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ جگر کو کیمیاوی طور پر تحریک دینے کے لئے تمام غدی دواؤں سے تیز ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی معدہ و امعاء ہے۔ ہیضہ جیسے موذی مرض کو ایک گھنٹہ کے اندر اندر ختم کر دیتا ہے۔

ہیضہ کے مریض کو ہر پندرہ منٹ کے بعد تھوڑا سے دینی چاہیے جس طرح وقفہ کم کیا جاتا ہے اسی طرح دوائی مقدار خوراک دوگنی یا چوگنی کر دینی چاہیے تاکہ نتیجہ حسب منشا برآمد ہو۔

ایسے مریض جو کسی وجہ سے بولنا بند ہو چکے ہوں ان کے لئے آب حیات ہے کھلایا بھی جائے اور زبان پر بھی مل دیا جائے۔ درد پیٹ۔ اسہال۔ بد ہضمی۔ تبخیر معدہ جریان۔ احتلام۔ نامردی اور ضعف باہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

تریاق بواسیر

ھوالشافی:۔ مغز بکائن گوٹہ ۱ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ انزروت ۱۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر حب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار۔

افعال و اثرات میں غدی عضلاتی ہیں۔ بواسیر کے لئے واقعی تریاق ہے

غدی عضلاتی جوشاندہ

ھوالشافی:۔ اجوائن دیسی ۳ ماشہ۔ تیز پات ۶ ماشہ۔ پودینہ ۶ ماشہ۔ چینی حسب ضرورت

ترکیب تیاری:۔ سب کو پانی میں جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر پن چھان کر پی لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تولہ تا ۲ تولہ دن میں چار بار۔

افعال و اثرات میں غدی عضلاتی ہے پیٹ میں درد۔ ریاح۔ قبض۔ ضعف عضلات بوجہ سردی تری کے لئے بے حد مفید ہے۔ وہ تمام علامات جن میں غدی عضلاتی ملین مفید ہے ان کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔

شربت طلا (سونا)

ھوالشافی:۔ آب سلطانی ۱ تولہ۔ سونا خالص ۱ ماشہ۔ چینی ۱ سیر۔
ترکیب تیاری:۔ پہلے سونے کے باریک ٹکڑے کاٹ لیں۔ پھر آب سلطانی میں سونا ڈال دیں۔ چند دن میں سونا تیزاب میں حل ہو جائے گا۔ چینی کا سادہ شربت تیار کر کے سونے والا محلول شربت میں ڈال دیں۔ بس شربت طلا تیار ہے۔
مقدار خوراک:۔ ۲ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات: غدی عضلاتی ہے۔ سونا چونکہ جسم انسان کا جزو ہے۔ اس لئے اندر جاتے ہی حرارت غریزیہ کی پیدائش بڑھا دیتا ہے جس سے مریض فرحت محسوس کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کے لئے زبردست مقوی شربت ہے بے حد ہاضم اور مقوی معدہ ہے۔
نوٹ:۔ آب سلطانی بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ تیزاب شورہ تین حصہ تیزاب نمک چار حصہ۔ ان دونوں کو ملا کر بڑی بوتل میں ڈال دیں۔ بوتل کا منہ کھلا رکھیں ایک تولہ محلول میں ۱ ماشہ سونا حل ہو جاتا ہے۔

غدی عضلاتی سرمہ

ھوالشافی:۔ ۱ ممیراں چینی ۱ تولہ۔ مغز تخم نیم ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملائیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر اچھی طرح کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔
افعال و اثرات: غدی عضلاتی ہے۔ آنکھوں کی تمام غدی عضلاتی علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

سرمہ برائے کالا موتیا

ھوالشافی:۔ اخروٹ ۱ تولہ۔ پھٹکڑی سالم ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو سرمہ کی طرح باریک پیس لیں۔

طریقہ استعمال:۔ سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

افعال و اثرات: میں غدی عضلاتی ہے۔ نظر کے لئے بہترین مرکب ہے۔ ایسے مریض جن کی نظر کالا موتیا سے ضائع ہو گئی ہو کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

اپریشن مرہم

ھوالشافی:۔ مغز جمال گوٹہ ۵ تولہ۔ صابن سنلائٹ سالم ٹکی۔ سندھور ۵ تولہ کاربالک ایسڈ ۲ تولہ۔ تیل میٹھا ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ پہلے مغز جمال گوٹہ کو نہایت باریک پیس لیں۔ پھر صابن کو باریک کر کے تمام دواؤں کو جمال گوٹہ میں ملا کر مزید کھرل کریں۔ بس مرہم تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ ایسے ہی مقام ماؤف پر لگا دیں یا کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں۔

افعال و اثرات: میں غدی عضلاتی ہے۔ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے سخت سے سخت پھوڑے کو بہت جلد بغیر اپریشن کے کھول کر صاف کر دیتی ہے۔ اسے زیادہ تر ایسی جگہ استعمال کیا جاتا ہے جہاں پرانے زخم اور پھوڑے وغیرہ ہوں مثلاً داد۔ چنبل۔ خارش۔ پھوڑے۔ ہر قسم کے ناسور۔ بھگندر۔ گھمبیر اور ناسور چشم وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ لگانے ہی مدت تک نہ پکنے والا پھوڑا چند گھنٹوں کے اندر پک کر پھٹ جاتے ہیں اور مواد خارج ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ سرطان / کینسر قسم کے پھوڑے بھی اس کے استعمال سے ٹھیک ہو

جاتے ہیں یا ایسے پھوڑے جو بہت پرانے ہوں اور ان کے کنارے موٹے ہو گئے ہوں اور زخم بند ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لگانے سے وہ پرانے پھوڑے تازہ ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد بہت جلد ان کے زخم بند ہو جاتے ہیں اور اس طرح پرانے پھوڑے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

اس مرہم کو مردانہ امراض میں عضوی کمزوری کے بطور طلاء استعمال کیا جا سکتا ہے اس کے استعمال سے ضعف باہ، کثرت احتلام، جلق اور نامردی تک ٹھیک ہو جاتی ہے۔

غدی عضلاتی فرزجہ

ھوالشافی:۔ مرچ ۲ تولہ، نوشادر ۲ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ تینوں کو نہایت باریک پیس لیں پھر تینوں کو آپس میں اچھی طرح ملا کر باریک کر لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ فرزجہ بنا کر استعمال کریں۔

افعال و اثرات میں غدی عضلاتی ہے۔ ضعف اور صلابت رحم کے لئے نہایت موثر اور بے حد مفید ہے۔ رحم کو نطفہ قبول کرنے کے قابل کرتا ہے اس مقصد کے حصول کے لئے بعد از فراغت حیض فرزجہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ مجرب و معمول ہے۔

نوٹ:۔ ان ادویہ کو آپس میں ملا کر باریک پیس کر ان کی تھوڑی گولیاں بھی تیار کی جا سکتی ہیں۔ ادویہ گولیاں اندرونی طور پر کھلائی جا سکتی ہیں۔

غدی اعصابی مجربات (گرم تر)

غدی اعصابی تمام نسخہ جات جگر و غدد کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں
ان نسخہ جات کا مزاج گرم تر ہے۔ غلط صفرا پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ
خارج بھی کرتے ہیں۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے
مرض کی شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر اور تریاق پندرہ منٹ کے
وقفہ سے دیئے جائیں تاکہ مرض پر کنٹرول کیا جائے۔ جیسے جیسے مرض کا زور
کم ہوتا جائے دوا کا وقفہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

درج ذیل غذائیں غدی عضلاتی تحریک کو ختم کرنے اور غدی اعصابی تحریک
پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح :۔ بادام کا حلوہ۔ تازہ انگور شیریں۔ امرود۔ خربوزہ۔ چائے۔ بکری کا دودھ
اور اونٹنی کا دودھ وغیرہ۔

دوپہر :۔ ٹینڈے۔ کدو۔ حلوہ کدو۔ تیتر۔ بٹیر اور مرغابی کا گوشت۔ مونگ کی دال
گیہوں کی روٹی اور شہد۔ کالجز

رات :۔ دوپہر والی غذا۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا غذاؤں میں سے جو مناسب سمجھیں تجویز کریں۔

غدی اعصابی محرک

ھوالشافی:۔ زنجبیل ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات: یہ غدی اعصابی ہے۔ غدد و جگر کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ اس لئے یرقان کے لئے بہترین دوا ہے۔ ہر قسم کی بواسیر۔ سوزاک۔ صفرا کی زیادتی پیشاب کی جلن۔ حنظم الطحال و عظم جگر۔ ملیریا بخار۔ ورم ہر قسم۔ استسقاء۔ مالیخولیا مراقی جنون۔ احتلام اور ریحی دردوں کے لئے بھروسے کی دوا ہے۔

محرک دماغ

ھوالشافی:۔ بادام مقشر ۴ چھٹانک۔ بادیان مقشر ½ ۱ چھٹانک۔ فلفل سیاہ ½ چھٹانک۔ رب السوس ۲ چھٹانک۔

ترکیب تیاری:۔ تمام ادویہ کا باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ تا ایک تولہ صبح و شام ہمراہ آب نیم گرم یا دودھ یا شہد میں ملا کر کھائیں۔

افعال و اثرات: یہ غدی اعصابی محرک ہے۔ سوزشی نزلہ زکام اور کھانسی تقطیر و سوزش بول۔ جلن پیٹ کے ٹوٹنے جسم کی خشکی جسم کا دبلا پن۔ ثقل سماعت اور ضعف بصارت بوجہ خشکی اور گرمی، بہ کثرت انزال جریان خون۔ ہائی بلڈ پریشر۔ پرانی بد ہضمی اور تبخیر معدہ واعصاب کے لئے بے حد مفید ہے۔

سفوف بواسیر

ھوالشافی:۔ تخم ترب (مولی) ۱ تولہ۔ تخم سرس ۸ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۶ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو ملا کر باریک سفوف تیار کر لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ ہمراہ پانی دن میں چار بار۔
افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لیے بے حد موثر اور بہترین دوا ہے۔

غدی اعصابی شدید

ھوالشافی:۔ زنجبیل ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ
افعال و اثرات:۔ غدی اعصابی ہے۔ غدی عضلاتی تحریک کی تمام علامات میں فوری اثر ہے۔ یرقان کو چند دن میں ٹھیک کر دیتی ہے۔ درد پیٹ۔ درد گردہ و مثانہ بندش بول میں بے حد مفید ہے۔ سوزاک کے لئے مفید ہے۔ عظم جگر و طحال میں اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ جسم پر ہر قسم کے ورم کے لئے لاجواب دوا ہے۔

غدی اعصابی ملین

ھوالشافی:۔ سنڈھ ۳ تولہ۔ نوشادر ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ثنا مکی ۸ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ

افعال واثرات میں غدی اعصابی ہے۔ غدد و جگر کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ یرقان ہر قسم۔ بواسیر صفراوی زیادتی پیشاب کی جلن و سوزش عظم الطحال و جگر استسقا میں بے حد کامیاب دوا ہے۔ جنون۔ مالیخولیا۔ تبخیر معدہ۔ نیند نہ آنا۔ عضلاتی دردیں۔ کثرت طمث وغیرہ علامات میں بھروسہ کی دوا ہے۔

ھوالشافی:۔ ہلدی ا تولہ۔ ملٹھی ا تولہ۔ بادیان ا تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ تینوں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ا ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ
افعال واثرات میں غدی اعصابی ہے۔ پرانا نزلہ زکام۔ کھانسی۔ بخار۔ پرانی پیچش۔ معدہ امعاء اور مثانہ کا ورم۔ سوزاک پرانا یا نیا کے لئے بے حد مفید ہے۔

کثرت طمث

ھوالشافی:۔ زیرہ سیاہ یا سفید ۲ تولہ۔ بادیان ۳ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ
ترکیب تیاری:۔ تینوں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک:۔ ا ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ دودھ یا پانی نیم گرم۔
افعال واثرات:۔ غدی اعصابی ہے۔ کثرت حیض یا نفاس کے لئے بہترین دوا ہے۔ کھاتے ہی خون بند ہو جاتا ہے۔ ورم رحم و سوزش رحم۔ پیشاب کی جلن پیچش اور پیٹ کے درد کے لئے بے حد مفید ہے۔

برائے قلت اللبن (کمی دودھ)

ھوالشافی:۔ تخم ترب ۲ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ زیرہ سفید ۴ تولہ

مغز خیارین۔ مغز قنبہ دانہ۔ قسط مصری۔ بادام قشیری۔ تخم پیاز ہر ایک دو تولہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔

ترکیب تیاری:۔ تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کر کے شہد کے قوام میں ملائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ دودھ مناسب ہے۔

افعال و اثرات:۔ یہ غدی اعصابی ہے تمام غدی عضلاتی علامات کو ختم کرنے کے لئے بے حد مفید ہے قوت باہ کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے جگر و گردوں کو تسکینی طور پر تحریک دے کر قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔

غدی اعصابی مقوی

ھوالشافی:۔ بادام مقشر ۲۰ تولہ۔ بادیان مقشر ۶ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ رب السوس ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری:۔ اول بادام اور رب السوس کو کوٹ لیں پھر اس میں بادیان اور فلفل سیاہ ملا کر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات:۔ غدی اعصابی ہے سوزشی نزلہ زکام کھانسی تقطیر البول سوزش بول چھپاکی میں مفید ہے جسم کی خشکی جسم کا درد بند، ثقل سماعت ضعف بصارت پر خشکی گرنے، سرعت انزال اور جریان۔ خون کے دباؤ میں زیادتی اور جوانی و بڑھاپے میں بے حد مفید ہے اس دوا کے استعمال سے ریاح الاعصاب، تحجر الاعصاب اور ورم اعصاب رفع ہو جاتے ہیں۔

چٹنی مقوی اعصاب اور مولد خون

ھوالشافی:۔ مربہ آم پاؤ۔ مربہ زنجبیل پاؤ۔ کشمش پاؤ۔ گرم مصالحہ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ دونوں مربہ جات اور کشمش کو دھو کر خوب باریک کوٹ لیں پھر

اس میں حسب ضرورت گرم مصالحہ ملائیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ا تولہ تا ۲ تولہ دن میں تین بار۔

افعال واثرات:۔ غدی اعصابی ہے۔ جگر کے لئے بہت مفید ہے۔ اعصاب ودماغ کو طاقت دیتی ہے۔ بکثرت مریضوں خصوصاً تپ دق وسل کے مریضوں کے لئے بہت اچھی غذائی دوا ہے۔

مقوی دماغ وخون

ھوالشافی:۔ ہیراکسیس پاکشتہ فولاد ا تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۴ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کرکے حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ا تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات:۔ محرک ومقوی اعصاب ودماغ اور خون ہے۔ مخرج رطوبات غیر صالح۔ ہاضم وملین۔ دافع ریاح ومولد رطوبات صالح۔ کمی خون۔ یرقان۔ استسقاء۔ تونددار ہو جانا۔ جسم کا سو جانا اور سن ہو جانا ضعف حرکات جسم کے لئے نہایت مفید اور موثر ہے۔ غدی اعصابی مقوی ہے۔

غدی اعصابی اکسیر

ھوالشافی:۔ زنجبیل ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ا تولہ

ترکیب تیاری:۔ پہلے ہڑتال کو خوب سرمہ کی طرح باریک پیس لیں۔ پھر باقی ادویات کو باریک پیس کر ہڑتال ملاکر ۲ گھنٹے متواتر کھرل کریں۔ جب تمام دوائیں یکجان ہو جائیں اور مرکب کا رنگ زردی مائل ہو جائے تو تیار ہے۔

نوٹ:۔ ہڑتال کو کشتہ یا مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ غدی عضلاتی تمام علامات کو فوراً ختم کر دیتا ہے۔ صفرا کی زیادتی، پیشاب کی جلن، سوزاک، غدی کھانسی اور ہر قسم کے اخراج خون کو روکتا ہے تپ دق و سل کے لئے بہترین دوا ہے سوداوی بخاروں، تپ محرقہ کے آخری درجہ میں پیغام شفا ثابت ہوتا ہے استسقاء ذقی، یرقان کے لئے مفید ہے۔

غدی اعصابی تریاقات

تریاق غدد

ھوالشافی:۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ، گل عشر ۱ تولہ، سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ

افعال و اثرات:۔ ہلکا ملین ہے۔ پرانی پیچش، پرانی کھانسی، نزلہ، درد گلو، پرانا بخار ورم تعبہ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ اگر اس کو سمجھ کر استعمال کیا جائے تو تپ دق اور سل کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

غدی اعصابی تریاق

ھوالشافی:۔ شیر مدار ۲ تولہ، سہاگہ بریاں ۷ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، پپلا مول ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ شیر مدار کے علاوہ باقی تمام ادویات کا باریک سفوف بنا کر شیر مدار ملا کر خوب کھرل کریں، حب نخودی تیار کریں۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ تمام غدی نسخہ جات سے تیز اثر ہے۔ جگر و غدد کو شدید طور پر تحریک دیتا ہے۔ تپ دق و سل، خشک ورم، ذات الجنب، وجع المفاصل

ترکیب تیاری:۔ پہلے کافور اور ست پودینہ کو روغن تارپین میں حل کریں پھر اس مرکب کو روغن بیدانجیر میں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ مقام ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ جگر و غدد میں مقامی طور پر شدید تحریک پیدا کرتا ہے۔ سوداوی خارشش۔ درد ریح۔ کسی عضو کا کمزور ہو جانا۔ درد کان۔ درد دانت۔ درد پیٹ اپھارہ۔ قبض وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

غدی اعصابی قطور

ھوالشافی:۔ نوشادر ٹھیکری ۳ ماشہ۔ ہلدی ۲ تولہ۔ عرق بادیان ایک بل۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کر کے عرق میں حل کر دیں۔ پھر چھان کر رکھ لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ غدی سوزش سے جو آنکھوں کی تکلیف ہوتی ہے اس کے لئے بے حد مفید ہے۔ موتیا بند کے لئے کامیاب دوا ہے۔

غدی اعصابی طلا

ھوالشافی:۔ شیر عشر ۱ تولہ۔ روغن گاؤ ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ

ترکیب تیاری:۔ تینوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ حشفہ کو چھوڑ کر باقی عضو پر مالش کریں۔

افعال و اثرات:۔ غدی اعصابی ہے۔ عضو تناسل کے ضعف یعنی کمزوری۔ لاغری اور کجی کو دور کرتا ہے۔ جوانی جیسی قوت دوبارہ پیدا کرتا ہے۔

نوٹ:۔ مالش کر کے کسی پتہ وغیرہ کے باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جوشاندہ

ھوالشافی:- افتیمون ۹ ماشہ۔ انیسون ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ

ترکیب تیاری:- سب کو کوفتہ بیختہ کرکے ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو چھان کر حسب ضرورت چینی یا شہد ملا کر پلائیں۔

مقدار خوراک:- ۲ تولہ تا ۵ تولہ دن میں تین بار۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ غدی عضلاتی تمام علامات کے لئے بیحد مفید ہے

شربت

ھوالشافی:- بادیان ۱/۲ ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۱/۲ ۲ تولہ۔ افتیمون ۱/۲ ۲ تولہ۔ سناکی ۵ تولہ تخم کشوث ۵ تولہ۔ چینی ۱ سیر

ترکیب تیاری:- کشوث کو پوٹلی میں باندھ لیں۔ باقی ادویہ ۱/۲ ۱ سیر پانی میں بھگودیں صبح کو جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو چینی ملا کر شربت کے قوام پر لے آئیں۔

مقدار خوراک:- ۲ تولہ تا ۵ تولہ دن میں تین بار۔

افعال و اثرات:- غدی اعصابی ہے۔ جگر و غدد کو مشینی طور پر تحریک دینے کے لئے ایک بہترین مرکب ہے۔ یرقان۔ استسقاء۔ دردپتہ و جگر۔ پتھری خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں۔ پتہ میں ہو یا جگر میں ہو چند دنوں میں ریزہ ریزہ کرکے پیشاب کے راستے نکال دیتا ہے

نوٹ:- اگر اس کے ساتھ سفوف پتھری توڑ دیا جائے تو بہت جلد پتھریاں خارج ہو جاتی ہیں۔

حب بیش

ھوالشافی:- بیش ۱ تولہ۔ سوڈا میٹھا ½ ۲ تولہ۔ سرنجاں شیریں ½ ۲ تولہ

ترکیب تیاری:- سب کو باریک کرکے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ ایسے درد جو خشکی کی زیادتی سے ہوتے ہیں۔ اس کے استعمال سے فوراً آرام آجاتا ہے بخار کی شدت کو کم کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔ چھپاکی۔ ہائی بلڈ پریشر۔ خارش۔ دردریح۔ درد سینہ وجگر کے لئے مفید ہے۔

چھپاکی کیلئے

ایک دن میں چھپاکی کا کامیاب ترین علاج

ھوالشافی:- ناگ کیسر ۱ تولہ۔ شہد خالص ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری:- ناگ کیسر کو باریک پیس کر شہد میں ملالیں۔

مقدار خوراک:- ۶ ماشہ دن میں چار بار دیں۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ ایک ہی دن میں چھپاکی کا تڑپتا ہوا مریض صحت یاب ہوجاتا ہے۔ اگر زیادہ دیر کی تکلیف ہو تو دو تین دن کھلادیں۔ مدنظر ایک دن کا نسخہ ہے۔ غذا میں دودھ گھی زیادہ دیں۔

خون بند

جانوروں کے خونی پیشاب کے لئے تحفہ

ھوالشافی:- بادیان ۲ تولہ۔ گل سرخ ۱۰ تولہ۔ ہلدی ۱۰ تولہ۔ خیر عشر ۲ ماشہ۔ میدہ کا

چھوڑا ۱ سیر، چینی ½ ۱ پاؤ، گھی ½ ۱ پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو دو سیر پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو چھان کر دودھ، گھی اور چینی ملا کر ایک ہی دفعہ دے دیں۔ ایسی دو خوراکیں روزانہ دیں۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ یہ جانوروں کی ایسی خطرناک بیماری ہے جس سے اکثر جانور مر جاتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس نسخہ سے کبھی ناکامی نہیں ہوتی دیتے ہی نزلہ بند ہو جاتا ہے گریہ وغیرہ بھی کھل جاتا ہے جیسے سکون محسوس کرتی ہے ایک دو دن میں مکمل آرام آ جاتا ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

نوٹ:۔ یہ وزن خوراک بڑے جانور کے لئے ہے۔ اگر چھوٹے جانور کو دینا ہو تو وزن کم کر دیں۔

ٹھنڈک

ھوالشافی:۔ طباشیر کبود ۱ تولہ، کشنیز خشک ۱ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، گل سرخ ۱ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، ناریل دریائی ۱ تولہ، کشتہ عقیق ۶ ماشہ، کشتہ مرجان ۶ ماشہ، صدف نقرہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ گھبراہٹ، بے چینی، تے، بخار، دست، پیچش، پیشاب کی جلن، جریان، نفث الدم، ضعف قلب بوجہ تسکین کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ یہ نسخہ مطب سلیمانی جہانیاں کا خاص تحفہ ہے۔

سُرعت بند

ھوالشافی:۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۲ تولہ۔ ستاور ۲ تولہ چھلکا اسپغول ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سوائے چھلکا کے باقی تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کریں پھر چھلکا ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ایک تولہ سفوف آدھ سیر دودھ میں کھیر پکا کر حسب ضرورت چینی اور گھی ملا کر کھلائیں۔

افعال و اثرات میں اعصابی غدی ہے۔ گردہ و مثانہ کی سوزش کو چند دن میں ٹھیک کر دیتا ہے۔ سرعت انزال ضعف باہ بوجہ گرمی منی و خشکی کے لئے بے حد مفید ہے۔ کھاتے ہی منی کی پیدائش بڑھا دیتی ہے۔ رقت و قلت منی کے لئے کامیاب دوا ہے۔ ایک قسم کی غذائی دوائی ہے۔

نوٹ:۔ کم از کم تین ہفتے تک متواتر استعمال کرائیں۔ سرعت انزال کی تمام شکایات دور ہو جائیں گی۔

متفرق نسخہ جات

پتھری توڑ

ھوالشافی:۔ سوڈی بائی کارب ۱۰ تولہ۔ نمک خوردنی ۱۰ تولہ۔ سنگدانہ مرغ ۱۰ تولہ مغز جمال گوٹہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ پہلے جمال گوٹہ کو نہایت باریک کرکے دوسری پسی ہوئی ادویہ ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک :- ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ شربت بزوری۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے عضلاتی تحریک کی تمام علامات کے لئے بید مفید ہے۔ پتھری خواہ گردہ و مثانہ یا پتہ و جگر میں ہو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔ درد پیٹ۔ ریاح شکم تبض۔ بدہضمی وغیرہ کے لئے کامیاب دوا ہے۔

شکر بند

ھوالشافی :- بیج ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ۔ تال مکھانہ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس لیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے عضلات و قلب کو تحریک دے کر اعصابی تحریک سے پیدا شدہ علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے چند دن میں شکر بند ہو جاتی ہے اور پیشاب کی زیادتی کم ہو کر معمول پر آجاتی ہے۔ پرانے اور نئے شوگر کے مریض اسے استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جریان منی سیلان الرحم۔ مادہ منویہ کا پتلا ہونا پیشاب کی زیادتی کے لئے شرطیہ دوا ہے۔ بہت اخلال تک ٹھیک ہو جاتا ہے۔

بولنا بند ہونا

ھوالشافی :- افتیمون ۶ ماشہ۔ بسفائج ۶ ماشہ۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ عناب ۹ دانہ۔ خرب کلاں ۶ ماشہ۔ منقی ۹ دانہ۔

ترکیب تیاری :- سب دوائیں کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو پن چھان کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک:- ۲ ماشہ تا ۴ ماشہ دن میں چار بار۔

افعال و اثرات:- عضلاتی غدی ہے۔ تمام اعصابی علامات کے لیے بے حد مفید ہے۔ رطوبات کی زیادتی سے بولنا بند ہو جانے کے لیے بشرطیکہ دوا ہے اگر اس کے ساتھ حب صابر اور حب مقوی خاص کا استعمال کرایا جائے تو چند دن میں مریض بولنے لگ جاتا ہے۔

نوٹ:- غذا بھی عضلاتی غدی ہونی چاہیے۔

حب نرینہ

ھوالشافی:- مورکے پر کی جڑ ۳ عدد۔ مازو بغیر سوراخ ۲ تولہ۔ تخم بھنگ ا تولہ گڑمیڑ ۱ تولہ مشک خالص ۳ رتی۔ ست مازو ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد ا تولہ۔

ترکیب تیاری:- سب کو سرمہ کی طرح باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ بس تیار ہے۔

طریقہ استعمال:- ایک ایک گولی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ یا دودھ گائے جس نے بچھڑا جنا ہو۔

افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔ بے حد مقوی رحم ہے۔ ایسے وقت میں استعمال کی جاتی ہیں جب حمل کو دو ماہ کا عرصہ ہو جائے اور تیسرا مہینہ شروع ہو جائے تو یہ گولیاں شروع کرائی جاتی ہیں۔ کیونکہ تیسرے ماہ میں ہی مادہ جنس میں تبدیل ہوتا ہے۔

ان گولیوں کے استعمال سے انشاءاللہ بشرطیکہ لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔ ہمارا خاندانی نسخہ ہے جسے تاریخ نظریہ مفرد اعضاء کے بے حد اصرار پر ظاہر کیا جا رہا ہے۔

عضلاتی اعصابی مقوی

ھوالشافی:۔ بلادر ۱ تولہ۔ بابچی ۱ تولہ۔ تمہ پھلہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو نہایت باریک پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔ تمام رطوبتی امراض جریان۔ دمہ نزلہ زکام۔ دمہ بلغمی۔ سیلان الرحم اور شوگر تک کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ بھلاوہ مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

امساکی

ھوالشافی:۔ افیون ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ راؤ ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۳ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ سم الفار ½ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی یا چائے۔ غذا گھی والی کھائیں۔

افعال و اثرات میں عضلاتی غدی ہے۔ بے حد مقوی باہ و ممسک ہے۔ کھاتے ہی اثر ہو جاتا ہے۔ دمہ۔ نزلہ زکام۔ کھانسی کے علاوہ دمہ بلغمی تک کے لئے بہترین دوا ہے۔ جریان۔ احتلام اور لیکوریا کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔

روغن گوش

ھوالشافی:۔ روغن تارپین ۱ تولہ۔ روغن سرسوں ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ

ترکیب تیاری:۔ پہلے ست پودینہ روغن تارپین میں حل کریں۔ پھر روغن سرسوں

ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ چند قطرے کان میں ٹپکانے سے درد، بہرہ پن اونچا سننا طرح طرح کی آوازیں آنا کے لئے بے حد مفید ہے۔

مرہم ناسور

ھوالشافی:۔ ست پودینہ ۶ ماشہ۔ کپلی پارہ ۲ تولہ۔ ویزلین ۱۰ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ تینوں کو اچھی طرح ملالیں۔ بس تیار ہے۔
طریقہ استعمال:۔ تھوڑی سی مرہم مقام ماؤف پر لگائیں۔
افعال و اثرات:۔ غدی اعصابی ہے۔ ہر قسم کے گندے زخم۔ ناسور، بھگندر، پھوڑے پھنسیاں۔ خارش۔ داد چنبل کے لئے بے حد مفید ہے۔

دردبند روغن

ھوالشافی:۔ میٹھا تیلیا ا تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ روغن تارپین ۲ تولہ
ترکیب تیاری:۔ پہلے میٹھا تیلیا کو روغن کنجد میں جلا کر کوئلہ کر لیں۔ پھر پن چھان کر روغن تارپین ملا دیں بس تیار ہے۔
افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ ہر قسم کے عضلاتی دردوں کے لئے اکسیر ہے۔ لگاتے ہی درد بند ہو جاتا ہے۔

حب مقوی خاص

ھوالشافی:۔ کشتہ کچلہ ا تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریاں ۶ تولہ۔ کشتہ فولاد ا تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ا تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔
افعال و اثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ بے حد مقوی قلب ہے۔ سلسل البول۔ شوگر۔ عام جسمانی کمزوری۔ فولاد کی کمی کی وجہ سے رنگ کا سفید ہونا۔ لیکوریا۔ جریان شاپا۔ ضعف قلب کے لئے بہترین دوا ہے۔

تریاق درد گردہ

ھوالشافی:۔ جوان بکرے کا پتہ ۱ عدد۔ مرچ سیاہ جتنی پتہ کے پانی میں ڈوب جائیں
ترکیب تیاری:۔ پتہ لے کر اس میں مرچ سیاہ ڈال دیں اور منہ بند کر کے رکھ چھوڑیں جب پانی یعنی صفرا مرچوں میں جذب ہو جائے تو نکال کر پیس لیں بس تیار ہے
مقدار خوراک:۔ ۲ تا ۴ رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم۔
افعال و اثرات میں غدی عضلاتی ہے۔ کھاتے ہی درد گردہ کو آرام آجاتا ہے۔ اس کے علاوہ درد جگر، پتہ وغیرہ کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔ روزمرہ استعمال کی چیز ہے۔ ہر دواخانہ میں تیار رہنا چاہئے۔

کشتہ ابرک

مرف نصف گھنٹہ میں کشتہ ابرک بنانے کی ترکیب

ھوالشافی:۔ ابرک سیاہ یا سفید ۲ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ ا تولہ۔ پھٹکڑی سفید۔ ا تولہ
ترکیب تیاری:۔ اول پھٹکڑی اور نوشادر کو باریک پیس لیں۔ پھر ابرک کو دفتہ شامل کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کرتے رہیں جب ابرک کی چمک ختم ہو جائے تو مرکب کو آگ پر خشک کر لیں۔ بس کشتہ ابرک تیار ہے۔
مقدار خوراک:۔ ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ۔

افعال واثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے بہترین دوا ہے۔ ٹی بی۔ تمام بخار مثلاً ملیریا۔ محرقہ۔ خسرہ۔ چیچک۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ دمہ۔ جریان۔ لیکوریا۔ جریان خون وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ اگر خالص ابرک کی ضرورت ہو تو پانی میں بھگو کر نتھار لیں۔ نوشادر اور پھٹکری پانی میں حل ہو کر نکل جائے گی اور خالص ابرک رہ جائے گا۔

کشتہ فولاد

ھوالشافی:۔ ہیراکسیس سبز ½ سیر سوڈا اسٹھا ¼ سیر

ترکیب تیاری:۔ ہیراکسیس اور سوڈا اسٹھا کو الگ الگ برتنوں میں ڈال کر پانی میں حل کر لیں۔ جب پانی میں اچھی طرح حل ہو جائیں تو دونوں کو ایک بہت بڑے برتن میں ملا دیں۔ ملاتے ہی اس محلول میں گیس پیدا ہو کر جھاگ کی صورت میں اوپر آنا شروع ہو جائے گی۔ اگر برتن چھوٹا ہوا تو ممکن ہے باہر نکل جائے۔ جب جھاگ اٹھنی بند ہو جائے اور پانی نتھر کر بالکل صاف ہو جائے تو پانی آہستہ آہستہ نیچے گراتے جائیں۔ جب تمام پانی نکل جائے اور برتن کے نیچے ہرا گاڑھا سا مواد جمع ہو جائے گا۔ اسے آگ پر گرم کریں۔ خوب آگ جلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے۔ اس ترکیب سے جتنا چاہیں کشتہ تیار کر سکتے ہیں۔

اگر اس تیار شدہ کشتہ کو پانی میں حل کر کے پھر نتھار کر خشک کر لیں اور اس میں تھوڑا سا گنوار گندل ڈال کر کھرل کر کے اسے آگ پر خشک کر لیں تو تمام کشتوں سے بہترین کشتہ تیار ہوتا ہے۔ ہم اپنے مرکبات میں یہی کشتہ استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مکھن یا بالائی۔

افعال واثرات:۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ بے حد مقوی عضلات ہے۔ چند دنوں

میں رنگ سرخ کر دیتا ہے۔ پیشاب کی زیادتی۔ جریان۔ لیکوریا، ضعف باہ اور کمی خون وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ:۔ ضروری نہیں ہے کہ تیار شدہ کشتہ کو پانی میں حل کر کے دوبارہ آگ دی جائے۔ اس کے افعال و اثرات میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں ہے۔

کشتہ کچلہ

کشتہ اذراقی (کچلہ) تیار کرنے کی بہت سی ترکیبیں ہیں۔ لیکن کوئی ترکیب بھی ایسی نہیں جس سے چند منٹوں میں کشتہ اذراقی تیار کیا جا سکے۔ عام ترکیبوں کے مطابق عموماً ایک ہفتہ سے تین ہفتہ کے اندر کشتہ تیار ہوتا ہے۔ وہ بھی باریک پوڈر نہیں بنتا ویسے ہی موٹے موٹے سے دانے رہتے ہیں مجبوراً اسی طرح استعمال کیا جاتا ہے جو کشتہ کی روح کے خلاف ہے۔ کیونکہ کشتہ جات ہمیشہ انتہائی باریک ہوتے ہیں۔ اس سے کشتہ جات کی قوت تاثیر بجلی کی مانند ہوتی ہے۔ چونکہ میں نے کئی نسخے ایسے لکھے ہیں۔ جن میں کشتہ کچلہ جزو اعظم ہے اس لئے قارئین کی سہولت کے لئے نہایت آسان طریقہ لکھ رہا ہوں جس سے چند منٹوں میں بیروں کشتہ تیار کیا جا سکتا ہے۔

ترکیب تیاری:۔ ایک چھوٹی کڑاہی میں ایک سیر ریت ڈال کر آگ پر رکھیں جب ریت گرم ہو جائے تو ایک پاؤ کچلہ سالم ڈال دیں اور کسی لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ تھوڑی دیر میں کچلہ گرم ہو کر پھول جائے گا جب دھواں نکلنا شروع ہو تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر ہاون دستہ سے کوٹ کر محفوظ کر لیں جتنا باریک کرنا چاہیں کر لیں بس کشتہ کچلہ تیار ہے۔

نوٹ:۔ خیال رہے کہ کچلہ جل کر کوئلہ نہ ہو جائے۔ صرف بھون کر خاکستر رنگ ہو جائے

جوارش املی

ھُوالشافی: املی ایاؤ، آلو بخارا ایاؤ۔ پودینہ دیسی ۵ تولہ ستہھ ۵ تولہ، انار دانہ ۱۰ تولہ زرشک ۱۰ تولہ منقٰے ۱۰ تولہ ، آملہ ۵ تولہ ست لیموں ۵ تولہ - چینی ۳ سیر

ترکیب تیاری: املی آلو بخارا کو پانی میں بھگو دیں۔ کچھ عرصہ بعد ہاتھ صاف کر کے خوب ملیں اور چھاننی سے چھانیں۔ دوسری تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کریں۔ املی آلو بخارا کے زلال میں چینی ڈال کر گاڑھا قوام کرلیں پھر زرشک منقیٰ وغیرہ کوٹ کر شامل کردیں پھر باقی ادویہ سفوف شدہ ملائیں۔ بس املی جوارش تیار ہے ست لیموں پکتے ہوئے قوام میں ملالیں۔

مقدار خوراک ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں تین چار بار

افعال و اثرات: کے لحاظ سے عضلاتی اعصابی ہے بے حد مقوی و محرک قلب ہے۔ صرف ایک خوراک سے ہی دل خوش ہو جاتا ہے۔ ہیضہ جیسی موذی مرض میں جب پیاس کی کثرت اور قے کا زور ہوتا ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی دوا مفید نہیں ہو سکتی۔ زبان پر لگتے ہی پیاس ختم کر دیتی ہے۔ حاملہ کی قے میں تو آب حیات ہے۔ بچوں کے دست و قے میں فوری اثر ہے۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے آسانی سے کھالیتے ہیں۔ اعصابی تحریک کی تمام علامات کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ معمول مطب ہے۔

غدی اعصابی ہاضم

ھوالشافی: سنڈھ ایک تولہ. مرچ سیاہ ایک تولہ. فلفل دراز. ایک تولہ. نوشادر ٹھیکری ایک تولہ. پودینہ ۲ تولہ. گندھک آملہ سار ۴ تولہ. میٹھا سوڈا. ۴ تولہ. نمک خوردنی ۵ تولہ. ریوند خطائی ۴ تولہ سونف ۴ تولہ

ترکیب تیاری: سب دواؤں کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں. بس غدی اعصابی چورن تیار ہے.

مقدار خوراک ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار

افعال و اثرات: یہ غدی اعصابی ہے. ترش ڈکاریں. پیٹ میں ہوا کا گور. ریاح، بدہضمی. درد پیٹ. بھوک نہ لگنا. قبض. خارش. پھوڑے پھنسی، پرانی پیچش، بدہضمی کے دست، احتلام مزمن بوجہ ضعف معدہ و جگر کے لئے آب حیات ہے. چند دنوں میں تمام علامات ٹھیک ہو کر صحت بحال ہو جاتی ہے. اس کی صرف ایک خوراک کھانے سے کھایا پیا فوراً ہضم ہو جاتا ہے. ہر مطب میں رکھنے کے قابل ہے.

معین حمل

ھوالشافی: پھٹکڑی سفید بریاں —— ۲ ماشہ فی خوراک

طریقہ استعمال: ماہواری کی جملہ خرابیاں دور کرنے کے بعد استعمال کریں. اگر ماہواری کی خرابی ہو تو پہلے شربت مفید النساء استعمال کرائیں. ماہواری سے پاک ہونے کے بعد نہار منہ ہمراہ پانی کھائیں صرف تین دن تک انشاء اللہ صرف تین خوراک سے حمل ہو جائیگا سستا اور بے ضرر نسخہ ہے. آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں.

حب ایٹمی

ھوالشافی: افسنتین رومی، ۴ تولہ۔ اسطوخودوس، ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲۰ تولہ۔ بلادر، ایک تولہ۔ معصبر ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویات کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں تین یا چار بار ہمراہ پانی یا چائے۔

افعال و اثرات: افعال و اثرات میں عضلاتی غدی ہے۔ تمام اعصابی علامات کو ختم کرنے کے لئے ایٹمی اثرات رکھتی ہے۔ انتہائی درجہ کی محرک قلب دوا ہے۔ ناسور، جریان، موٹاپے کے لئے تریاقی اثرات کی حامل ہے۔ پیشاب کی کثرت کو فوراً روک دیتی ہے۔ سیلان الرحم، ضعف باہ، بوجہ رطوبت اور رطوبتی امراض اور عصبی دردوں اور رعشہ کے لئے لاجواب ہے۔

نوٹ: بلادر کو مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے ہی باریک پیس کر شامل کریں۔

شربت مفید النساء

ھوالشافی: مجیٹھ ۲ ½ تولے، سونف ۲ ½ تولہ، اجوائن دیسی ۲ ½ تولہ۔ تخم سن ۲ ½ تولہ، میتھے ۲ ½ تولہ، کپاس کی خشک ڈوڈی ۵ تولہ۔ نیلی ڈوڈہ رنگھڑو بیل، ۱ تولہ۔ چینی ۱ سیر

ترکیب تیاری: سب دواؤں کو کوفتہ بیختہ کرکے ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ پھر آگ پر گرم کریں۔ جب نصف سیر پانی رہ جائے تو پُن چھان کر چینی شامل کرکے شربت کے قوام پر لے آئیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ تا ۵ تولہ دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم یا حسب ضرورت گرمی میں برف لگا کر پی لیں

افعال واثرات: عضلاتی غدی تحریک ہے. مدر حیض ہے. حیض کی کمی، بندشِ حیض، بادئرولر میں اکسیر ہے. اس کے مسلسل استعمال سے ماہواری کی جملہ خرابیاں دور کرکے حمل ہوجاتا ہے. بعض عورتیں جنہیں بیس بیس سال سے حمل نہ ہوا تھا اس کے استعمال سے ان کا بانجھ پن دور ہوگیا. اور وہ اولاد جیسی نعمت سے مالا مال ہوگئیں۔

نوٹ: حیض کے خارج ہونے سے ایک دو دن پہلے ہی شروع کرنا ضروری ہے. براہِ نوازش حاملہ عورت کو استعمال نہ کرائیں. اس سے استقاط کا سخت خطرہ ہے۔

حب مقوی خاص

ھوالشافی: رائی، مرچ سرخ، کشتہ اذراقی، کشتہ فولاد، سم الفار سفید

۱۲ تولہ، ۱۲ تولہ، ۳ تولہ، ۴ تولہ، ۳ ماشہ

ترکیب تیاری: سب ادویات کو باریک پیس کر سم الفار الگ باریک پیس کر ملادیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی تا دو گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ یا مناسب بدرقہ

افعال واثرات: افعال واثرات میں عضلاتی غدی ہے. دل و عضلات کو فوراً تحریک دیتی ہے. عضلاتی غدی کی تمام نسخہ جات سے فوری اثر ہے. اعلیٰ درجہ کی مقوی معدہ ہے. ہیضہ جیسی موذی مرض کی تریاق ہے. صرف تیسری خوراک سے ہیضہ کا مریض تندرست ہوجاتا ہے. ہر درجہ میں مفید ہے. جب جسم ٹھنڈا ہوکر تشنج شروع ہوجائے تو دس دس منٹ بعد قہوہ سے دیں. انتہائی شدید صورتوں میں گولی پیس کر دیں تاکہ فوراً خوب موثر اپنا عمل شروع کردے. پہلی خوراک ہی سے جسم گرم ہونا شروع ہوجاتا ہے. عصبی امراض لقوہ، فالج، رعشہ، اور عرق النساء ریاحی دردیں، قے، دمہ، نزلہ، ہیضہ اس کے استعمال سے نہ گھبرو دہشتناک

ہو جاتا ہے۔ ایسے مریض جو بولنا بند ہو چکے ہوں ان کے لئے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ اس کو زبان پر ملنا اور کھلانا ضروری ہے۔

باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے آب حیات ہے تمام اعصابی علامات کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر جگر

ھوالشافی: ترپھلا شستہ۔ تیزپات۔ اجوائن دیسی۔ پودینہ دیسی

۱½ پاؤ ½ پاؤ ½ پاؤ ½ پاؤ ½ پاؤ

پتری فولاد عرق اذراقی یا ٹنکچر نکس وامیکا۔ چینی۔ درونج عقربی۔

۵ تولہ ۱۰ تولہ ۱۰ سیر ½ پاؤ

ترکیب تیاری: سوائے پتری فولاد اور عرق اذراقی کے سب ادویات کو کوٹ کر چند سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح بارہ بوتل عرق کشید کریں جب ضرورت چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں تین بار ہمراہ پانی یا چائے۔

افعال و اثرات: عضلاتی غدی مقوی شربت ہے۔ اکسیر جگر یقیناً ہماری مایہ ناز دوا ہے۔ بے حد مقوی قلب ہے۔ معدہ و جگر کو تقویت دے کر بدن خون پیدا کرتا ہے۔ شربت فولاد کا بدل ہے۔ ضعف معدہ، بدہضمی، ضعف اشتہا کے لئے خاص چیز ہے۔ ان لوگوں کے لئے جنہیں کھایا پیا نہیں لگتا۔ ان کے لئے تو ایک نعمت ہے۔ ضعف قلب کے مریضوں میں حیران کن مقوی اثر دکھاتا ہے۔

نئے یقینی و بے خطا مجربات

مجربات قانون مفرد اعضاء، اُن یقینی و بے خطا مجربات پر مبنی کتاب ہے جنہیں عالی جناب حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی رح نے قانون مفرد اعضاء کی روشنی میں تحقیق کر کے سینکڑوں مریضوں پر آزما کر ان کے یقینی و بے خطا ہونے کی تصدیق کی ہے اور اس تحریک تجدید طب رجسٹرڈ پاکستان کے فارما کوپیا کی زینت بنایا ہے آپ کی وفات کے بعد جو نئے مجربات تجربات کی کسوٹی پر پرکھے جا چکے ہیں۔ اپنے قارئین کی خاطر پیش کیے گئے ہیں۔ تاکہ ممبران ان مجربات سے بھی استفادہ حاصل کر کے اپنے مطبوں کو کامیاب کر سکیں (مصنف)

تریاق تپ دق

ہرا لشانی ، سہاگہ بریاں ، ملٹھی ، ہلدی ، رشیر عشر۔
۱ تولہ ۔ تولہ ۔ تولہ ۔ تولہ

ترکیب تیاری پہلے سہاگہ بریاں کر لیں پھر باقی دواؤں کا نہایت باریک سفوف بنالیں۔ خیال رہے کہ دوائیں جتنی زیادہ باریک ہوں گی نسخہ اتنا ہی مؤثر ہوگا جب سب خشک اشیاء کا سفوف بن جائے تو شیر عشر تول کر ڈالیں بعض دفعہ اندازہ سے زیادہ پڑ جاتا ہے جس سے مریضوں کو الٹیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ اور مریض دوائی سے نفرت کر کے علاج چھوڑ دیتا ہے۔ خوب اچھی طرح کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک ۱ تا ۲ گولی دن میں تین چار بار ہمراہ پانی یا دودھ نیم گرم۔

افعال واثرات افعال واثرات اعصابی غدی میں عضلاتی اور غدی تحریک کی ہر علامت کے لئے بے حد مفید ہے۔ تپ دق، نفث الدم۔ خونی قے، بخار مزمن نزلہ حار، نیند نہ آنا۔ پیچش، ایسے درد جن میں ورم آجاتا ہے۔ استسقاء ہر قسم۔ درد دل، سینے میں جلن، ترشی وتیزابیت سے تمام امراض وعلامات کے لئے تریاق ہے۔ پتھری، درد گردہ، پیشاب کا جلن سے قطرہ قطرہ آنا، سوزاک وغیرہ کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔ معمول مطب ہے۔

ضعف باہ کا حیرت انگیز علاج

عضلاتی غدی۔ روغن بیضہ مرغ ہوالشافی، سم الفار ۱ تولہ، شنگرف ۵ تولہ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد

ترکیب تیاری سم الفار اور شنگرف کو آب ادرک ڈال کر کھرل کریں جب سرمہ کی طرح باریک ہو جائے تو انڈوں کی زردی تھوڑی تھوڑی ڈال کر کھرل کریں جب تمام زردی بیضہ میں تمام دوائیں اچھی طرح رل جائیں تو دوائیں ملی ہوئی زردی بیضہ مرغ کو آگ پر تھوڑا سا گرم کریں۔ جب زردی کا پانی خشک ہو جائے تو فوراً آگ سے نیچے اتارلیں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن نکال لیں۔ بس حیرت انگیز روغن تیار ہے۔ پتال جنتر کا طریقہ مشہور ہے جس سے تقریباً تمام معالج آگاہ ہیں۔ ایک نیا طریقہ اس طرح ہے۔ (مثلاً)

ایک کلو والا ڈالڈا گھی کا خالی ڈبہ لیں۔ ڈبے کے ڈھکن میں موٹی چھانی سے کچھ بڑے سوراخ کرلیں سوراخ جتنے قریب ہوں گے بہتر ہے۔ جب یہ تیار ہو جائے تو دوائیں ملی ہوئی زردی بیضہ کو ڈبے میں ڈال دیں اور ڈھکن کو خوب مضبوطی سے بند کریں بہتر ہے

اثر دکھاتی ہے۔ مریض چند دن میں ہی زبردست طاقت محسوس کرنے لگتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، شوگر، کثرت بول، ضعف اعصاب، وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

نوٹ:۔ اگر امساک بھی پیدا کرنا چاہیں تو تھوڑی سی افیون شامل کرلیں۔ روغن بیضہ مرغ کا طلا کرائیں حب ضعف باہ کھانے کو دیں۔ اگر اعصاب بہت ٹھنڈے ہو چکے ہوں تو یہ روغن ایک قطرہ کسی چیز میں رکھ کر ساتھ دیتے رہیں پھر قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ بعض پرانے مریضوں کو دوا کئی دن کھلانی پڑتی ہے نئے مریض تو بہت جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ معمول مطب ہے۔

حب امساکی

ہوالشافی، افیون ۱ تولہ، پھٹکڑی بریاں ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری دونوں کو خوب اچھی طرح کھرل کرکے ۵ گرین والے کیپ شول بھر کر روزانہ ایک کیپشول رات سوتے وقت کھلائیے۔ بے حد امساک پیدا ہوتا ہے۔

غدی اور عضلاتی تحریک کے مریضوں میں بے حد مفید ہے۔ جگر میں سکون پیدا کرکے صفرا کی پیدائش میں کمی سے بہترین امساک پیدا کرتا ہے۔ زیادہ تیزی کی حالت میں دو کیپ شول روزانہ دے سکتے ہیں۔ امساک کے علاوہ عورتوں کے لیکوریا سفید رطوبت کے لیے بہترین دوا ہے پہلی خوراک سے ہی اثر ہو جاتا ہے۔

حب کینسر

ہوالشافی، رسکپور ½ تولہ، دارچینی ½ تولہ، ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ، پارہ ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ، بابچی ایک پاؤ، اجوائن دیسی ایک پاؤ۔ رائی ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری

اول پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں پھر سکہ دار چکنا اور ہڑتال ورقیہ باری باری ڈال کر خوب باریک کریں بعد ہینگ اور اجوائن کا سفوف تھوڑا تھوڑا کر کے ملائیں آخر میں رائی کا سفوف شامل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

افعال و اثرات

غدی اعصابی میں خون کی تیزابیت سودا کی کثرت کی وجہ سے پھوڑے پھنسیوں خارش چنبل داد اور رام خبیثہ کینسر وغیرہ خوفناک علامت کے لئے فوری موثر اور بے ضرر دوا ہے۔

نوٹ، اس نسخہ کا سفوف ۱ تولہ ، ۵ تولہ روغن زرد میں ملا کر مقام ماؤف پر لیپ کرنا بے حد مفید ہے۔

حب شوگر

ہوالشافی، تخم کریلا ۲ تولہ ، مرچ سیاہ ۲ تولہ ، تخم حیات بریاں ۲ تولہ

ترکیب تیاری : سب کو اچھی طرح باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک ، پانچ پانچ گرین کے کیپسول ا صبح اور دوپہر اشام ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی بالسی۔

افعال و اثرات

میں غدی عضلاتی ہے۔ انتہائی سستی ہونے کے باوجود شوگر کثرت بول، پر انا نزلہ زکام میں بے حد مفید ہے۔ کمال یہ ہے کہ کسی قسم کا ری ایکشن نہیں کرتی۔ ایک قسم کی غذائی دوائی ہے۔

نوٹ، اس نسخہ کے ساتھ اگر صبح نہار منہ یہ نسخہ پلایا جائے تو فوائد کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔

ہوالشافی : فلفل احمر ۱ عدد ، تخم حیات ۲ ماشہ رات کو مٹی کے کوزہ میں بھگو دیں صبح نہار منہ پن چھان کر پی لیں ۔ کل کے لئے اور بھگو دیں اسی طرح پیتے رہیں ۔

سرمہ اندھاپن

ہوالشافی ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ ، پارہ ۱ تولہ ، انزروٹ ۱ تولہ ریٹھہ سانڈھا ۱ تولہ ، مغز جمال گوٹہ ۳ دانہ ، بکری کے پتے کا پانی ۲ عدد ۔ نمک خوردنی ۲ ماشہ ۔

سب کو باریک کر کے سرمہ بنالیں ۔

صبح ، شام سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں ۔

فوائد و خواص آنکھوں میں غدی عضلاتی تحریک پیدا کر کے کالا موتیا سے ہونے والے اندھے پن کو دور کرنے کے لئے بے حد مفید ہے ۔ مریض کو روزانہ ٹھنڈے پانی کے چھینٹے آنکھوں پہ مارنے چاہیں ۔ اس دوا سے کالا موتیا سے ہونے والے اندھے پن مریض کو پیلے پیلے رنگ کی چیزیں دکھائی دینے لگتی ہیں ۔ پھر آہستہ آہستہ سفید نظر آنے لگ جاتی ہے ۔ ایلوپیتھی کے نزدیک کالا موتیا کا کوئی علاج نہیں اس لئے یہ دوا مسلسل استعمال کرنے پر ہی بہتر نتائج کی امید ہوتی ہے ۔ تجربہ شاہد ہے ۔

خونی پیچش

ہوالشافی : ہلیلہ سیاہ بریاں

ترکیب تیاری ہلیلہ سیاہ کو تیل یا گھی لگا کر توے پر گرم کریں

جب بھیہ پھول جائیں تو آگ سے نیچے رکھ لیں۔ بس بریاں ہو گئیں۔

مقدار خوراک ۲ تا ۳ ماشے ہمراہ ترش لسی ایک ایک گھنٹہ بعد دیتے جائیں۔ جب ایک دو پتلے پاخانے آجائیں تو بند کر دیں

بس پیچش کو صرف ایک ہی دن میں آرام آجاتا ہے۔

نوٹ: پیچش کے مریض کو کھانے کے لئے کوئی سخت غذا نہ دیں بلکہ پینے والی غذا دیں۔ فوراً فائدہ ہوگا۔ یہ پیچش کا ایک دن کا علاج جسے مجہول سمجھے ہے۔

ملین مسہل

ہوالشافی: گل سرخ ۲ تولہ، ثنا مکی ۲ تولہ، سونف ۱ تولہ، املتاس ۵ تولہ پانی ایک کلو۔

ترکیب املتاس کو گرم کر کے اندر سے گٹکیاں نکال لیں باقی دوائیوں میں ملا کر رات کو بھگو دیں صبح اس قدر پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ چھان کر دن میں تین بار پلائیں۔

افعال و اثرات میں اعصابی غدی مسہل ہے۔ تپ دق کے ایسے مریض جنہیں قبض رہتی ہو تریاق تپ دق کے ساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد تمام علامات رفع ہو کر صحت بحال ہو جائے گی۔

پرانا پیٹ درد، پرانی قبض، سدے، قولنج، تپ دق وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔ حاملہ عورت تک کو دیا جا سکتا ہے۔ جن بچوں کو کئی کئی دن پاخانہ نہ آتا ہو ان کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

بغیر دوا کے سُو بدلنے کا طریقہ

حمل ہونے کے فوراً بعد حاملہ کو صرف وہی غذائیں دیں جن میں کیلشیم (سردی خشکی) کے اثرات پائے جائیں جن میں دہی، مکھن، پنیر، سبزیاں، پھل، چنے کی روٹی ترش پھل اور بیسنی روٹی شامل ہیں۔

قانون مفرد اعضا کے مطابق عضلاتی اعصابی یا عضلاتی غدی غذا دوا اور اشیا کے استعمال کرنے سے نر بچہ پیدا ہوتا ہے۔

حب عضلاتی غدی

ھوالشافی: کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ جلوتری ۲ تولہ۔ رائی ۵ تولہ۔ خطل چھلکا ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات: خشک گرم ہیں بے حد مقوی باہ ہے حب مقوی خاص کے فوائد رکھتا ہے۔

مقوی حافظہ

ھوالشافی: ترپھلا کھار، برہمی بوٹی کھار، کشتہ چاندی، سلاجیت، مغز طباشیر، تقرہ جلتہ

ترکیب: سب دوائیں ہموزن لے کر باریک سفوف تیار کریں یا حب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گولی دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی ہے یعنی محرک عضلات محلل اعصاب مسکن جگر ہے۔

نسخہ خاص: اس کے چند روز استعمال کرنے سے حافظہ اس قدر تیز ہوجاتا ہے۔

خصوصی مجربات

ڈاکٹر ہنس راج شرما صاحب

معین حمل

ھوالشافی: پیپل کی ڈاڑھی ۴ تولہ۔ برادہ ہاتھی دانت ۴ تولہ تخم شونگی اور ناگکیسر (اولاد)

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس لیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ ہمراہ قہوہ دن میں تین بار سات روز تک بعد از فراغت حیض۔

افعال و اثرات عضلاتی اعصابی ہے بے حد مقوی رحم ہے۔ اس کے استعمال سے اول تو پہلے ماہ ورنہ دوسرے یا تیسرے ماہ انشاء اللہ ضرور حمل ہو جاتا ہے اس نسخہ میں کمال یہ ہے کہ اس سے لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ اگر حمل ہو تو حمل کے دوسرے ماہ کے خاتمہ پر یا تیسرے ماہ کے شروع میں دینے سے شرطیہ لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

نوٹ: اگر اس نسخہ میں رحم خرگوش خشک کردہ ایک تولہ اور کستوری تین ماشہ کا اضافہ کر دیا جائے تو نہایت زود الاثر ہو جاتا ہے۔ بلکہ بانجھ کو دور کرنے کی اکسیر بن جاتی ہے۔

اکسیر معین حمل

ھوالشافی: ثعلب الحجر اصل لے کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ قہوہ بعد از فراغت حیض سات روز تک دیں تو انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔

افعال و اثرات: عضلاتی اعصابی ہے پہلے مہینے ہی میں حمل ہو جاتا ہے۔ اس

اعصابی غدی مسہل

ھو الشافی:۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ سنفونیا ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کرکے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ اعصاب و دماغ کی کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے۔ صفرا کو بذریعہ اسہال خارج کرنے کے لئے بہترین مسہل ہے۔ بلغمی کھانسی۔ نزلہ۔ استسقاء۔ ہچکی۔ تپ دق و سل۔ خون تھوکنا۔ کثرت طمث۔ سوزش رحم۔ درد گردہ و مثانہ اور پتھریوں کو خارج کرنے کے لئے بے حد مفید دوا ہے۔

ھو الشافی:۔ عصارہ ریوند ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۲ تولہ۔ سفوف ملٹھی۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک کرکے نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی ہے۔ جگر کے فعل میں تیزی۔ صفرا کی زیادتی پیشاب کی زردی اور جلن۔ کبھی مروڑ سے پاخانہ آنا یا مروڑ سے درد ہونا۔ یرقان۔ استسقاء نزلہ حار۔ پتھری۔ درد گردہ۔ ریح گردہ۔ دق و سل وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی غدی مقویات

حلوہ مقوی بدن

ھو الشافی:۔ گاجر صاف شدہ ۴ سیر۔ دودھ ۴ سیر۔ گھی دیسی ۱ سیر۔ چینی

تخم گاجر ایک پاؤ۔ زعفران ۶ ماشے۔

ترکیب تیاری:۔ اول گاجر اور دودھ کا کھویا پکائیں۔ پھر گھی اور چینی اور سفوف تخم گاجر اور زعفران ملالیں۔ حلوہ بن جائے گا۔

مقدار خوراک:۔ حسب ۲ تولہ تا ۵ تولہ ایک دن میں دو بار کھائیں۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی مقوی ہے۔ تپ دق و سل کے مریضوں کے لئے تحفہ ہے۔ ہائی بلڈ پریشر خشکی۔ کمزوری۔ ضعف قلب بوجہ حرارت کے لئے کامیاب غذائے دوائی ہے۔

اعصابی غدی مقوی حلوہ

ھوالشافی:۔ میدہ گندم ۵ تولہ۔ مغز کدو ۱ تولہ۔ مغز تربوز ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ خالص دیسی گھی ۱ پاؤ۔ چینی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ اول میدہ گندم کو گھی میں آہستہ آہستہ ہلکی آنچ پر بھونیں جب وہ سرخ ہو جائے تو اس کو رکھ دیں۔ پھر کوٹے ہوئے مغزیات بھونے ہوئے میدے میں ملاکر چینی کا قوام کر کے اس میں ملادیں۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ۔

افعال و اثرات:۔ اعصابی غدی مقوی ہے۔ سوزشی نزلہ زکام کھانسی۔ سوزش معدہ و امعاء بلڈ پریشر خشکی۔ نیند نہ آنا کے لئے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی:۔ کشنیز ۶ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ تخم خشخاش ۲ تولہ۔ تخم کدو ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ اول کشنیز اور تخم کدو کو کوٹ لیں اور اس میں زیرہ سفید اور تخم خشخاش پیس کر سفوف کر لیں۔

عضلاتی غدی مجربات (خشک گرم)

عضلاتی غدی تمام نسخہ جات دل و عضلات کو تسکینی طور پر تحریک دیتے ہیں، خلط سودا اور ریاح پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ خارج بھی کرتے ہیں عضلاتی غدی تمام نسخہ جات کا مزاج خشک گرم ہوتا ہے۔ درجات کے مطابق افعال و اثرات میں فرق ہے۔ مرض کی شدید صورتوں میں ملین مسہل۔ اکسیر اور تریاق دس دس منٹ کے بعد دیتے جائیں تاکہ مرض پر فوری طور پر کنٹرول کیا جاسکے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جائے۔ دوا کا وقفہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیں۔

علاج بالغذا

مندرجہ ذیل غذائیں عضلاتی اعصابی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی غدی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔

صبح:۔ اخروٹ۔ پستہ۔ کشمش۔ انگور۔ انجیر۔ مربہ حنظل (تمہ) انڈے۔

دوپہر:۔ مسور۔ چنے۔ انڈے۔ پالک۔ کریلے۔ ٹماٹر۔ کچنار۔ سرسوں کا ساگ۔ پیاز لسن۔ ہرن کا گوشت۔ کبوتر۔ چھوٹے پرندوں کا گوشت۔ پکوڑے۔ چنے کی دال اور روٹی۔ آم کا اچار۔

رات:۔ دو پہر والی غذا۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا غذاؤں میں سے جو مل جائے تجویز کر دیں۔

عضلاتی غدی محرک

هوالشافی:۔ لونگ ۱ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ

ترکیب تیاری:۔ دونوں کو باریک رگڑ کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ۔

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی ہے۔ عضلات و قلب کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے۔ مولد حرارت غریزی ہے۔ نمونیا اور سردی کی کھانسی کے لئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔ دستوں کو فوراً روک دیتی ہے۔ سنگرہنی نمک کے لئے مفید ہے۔ کالی کھانسی نزلہ زکام اور سلسل بول کے لئے مفید ہے۔

عضلاتی غدی شدید

هوالشافی:۔ لونگ ۱ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ جلوتری ۲ تولہ

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا قہوہ

افعال و اثرات:۔ عضلاتی غدی شدید ہے۔ تمام رطوبتی امراض میں فوری اثر ہے۔ نزلہ زکام، دمہ، کھانسی، کالی کھانسی بخار کی اکثر اقسام میں مفید ہے۔ اسہال نئے ہوں یا پرانے حتیٰ کہ سنگرہنی نمک کے لئے بے حد مفید ہے۔ لیکوریا۔ جریان، ضعف قلب بوجہ تسکین میں مجرب کی دوا ہے۔

نوٹ:۔ جلوتری کی بجائے رائی یا تارمیرا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ترکیب تیاری:۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک:۔ ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔
افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ درد معدہ وامعاء رکتے واسہال۔ معدہ وامعاء میں بے چینی وسوزش اور ورم۔ یورک ایسڈ کی زیادتی۔ ریاح شکم اور بادگولہ کے لئے مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے۔ دافع نزلہ وزکام ہے۔ درد دانت اور ماس خورہ کے لئے بھی مفید ہے۔ خارش کے لئے اچھی دوا ہے۔

تریاق گوشت خورہ

ھوالشافی:۔ اسفنج سوختہ ۲ تولہ، سیپ سوختہ ۲ تولہ، مرمکی ۲ تولہ، فلفل گرد ۲ تولہ، گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر اسفنج سوختہ اور سیپ ملا لیں۔ بس تیار ہے۔
مقدار خوراک:۔ حسب ضرورت دانتوں پر ملیں اور ۴ رتی تا ایک ماشہ پانی سے کھلائیں۔
افعال واثرات:۔ غدی عضلاتی ہے۔ ماس خورہ کے لئے تریاق ہے۔ دانتوں کے درد۔ دانتوں سے پیپ آنا۔ دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کو کیڑا لگنے کے علاوہ دانتوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔

غدی عضلاتی ملین

عضلاتی سوزش سے ہلکی حرارت کیلئے

ھوالشافی:۔ نمک خوردنی ۲ تولہ، اجوائن دیسی ۳ تولہ، گندھک آملہ سار ۲ تولہ

ترکیب تیاری :۔ سب کو باریک سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک :۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات :۔ غدی عضلاتی ہے۔ غدد و جگر کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا ہے۔ خلط صفراء پیدا کر کے جسم میں جمع کرتا ہے۔ اس لئے عضلاتی تحریک کی تمام علامات میں بے حد مفید ہے۔ اگر عضلاتی تحریک کی وجہ سے ہر وقت ہلکی ہلکی حرارت رہتی ہو تو اسے چند دنوں میں ٹھیک کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ ہلکا ملین ہے۔ ریاح کی پیدائش تک کو بند کر دیتا ہے۔ بہترین قبض کشا ہے۔

ھوالشافی :۔ سنائے اتولہ۔ تیزپات اتولہ۔
ترکیب تیاری :۔ دونوں کا باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات :۔ غدی عضلاتی ہے۔ عضلاتی تحریک کی قبض کے لئے بے حد مفید ہے۔ نفخ و ریاح شکم۔ درد معدہ و امعاء اور جسم کی کمزوری میں خشکی کی زیادتی کے لئے بہترین دوا ہے۔

غدی عضلاتی ہاضم

ھوالشافی :۔ نوشادر ٹھیکری اتولہ۔ نمک خوردنی ۲ تولہ۔ ماس خورہ دانہ درست ۴ تولہ
ترکیب تیاری :۔ تینوں کو ملا کر باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ ۴ رتی تا ۱ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی۔
افعال و اثرات :۔ غدی عضلاتی ہے۔ جسم کی ترشی و تیزابیت۔ ریاح کی زیادتی اور ہاضمہ کی خرابی کے لئے مفید ہے۔

ترکیب تیاری :- باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :- ۲ ماشہ تا ۴ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ دودھ گھی ملا۔
افعال و اثرات :- غدی اعصابی ہے۔ ایسی عورتوں کے لئے بے حد مفید ہے۔ جن کو دودھ کم آتا ہو جس سے بچے کمزور رہتے ہیں۔ ایسی عورتوں کو دودھ گھی اور بادام کا حلوہ کثرت سے دینا چاہئے۔

حب بواسیر

ھوالشافی :- گندھک آملہ سار ۴ تولہ، نفل سیاہ ۴ تولہ، گل نیم ۲ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، گھی دیسی ۴ تولہ۔
ترکیب تیاری :- اول گندھک کو گھی کے ساتھ ملا کر آگ پر گرم کریں جب یک جان ہو جائیں تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر پھر گرم کریں اس طرح تین بار کریں۔ پھر اس میں نفل سیاہ اور گل نیم ملائیں۔ اس کے بعد سونٹھ کو تھوڑے سے پانی میں گلا کر رکھیں۔ جب وہ نرم اور گاڑھی ہو جائے تو ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک :- ا تا ۴ گولی دن میں چار بار ہمراہ آب تازہ۔
افعال و اثرات میں غدی اعصابی ہے۔ ہر قسم کی بواسیر، خرابی خون، صفرا کی زیادتی، پیشاب کی جلن اور سوزش، نشادر، خارش، پھوڑے، پھنسی اور پرانی پیچش وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی :- سہاگہ بریاں ۳ تولہ، ریوند عصارہ ۱ تولہ، رب مرل ۸ تولہ۔
ترکیب تیاری :- سب کو کھرل کر کے حب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ

افعال و اثرات :- غدی اعصابی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لئے بے حد مفید ہے۔ خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔ مسّے اندر ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ درد گردہ و مثانہ۔ پتھری استسقاء زقی اور بندش بول کے لئے مفید ہے۔

مرہم بواسیر

ھوالشافی :- سونف۔ افتیمون۔ مشک کافور۔ مازو بلا سوراخ۔ کشتہ سفیدہ مردار سنگ ہموزن
ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس کر مکھن میں ملا کر مرہم تیار کریں۔
طریقہ استعمال :- حسب ضرورت مرہم مسوں پر لگائیں۔ بواسیر کے لئے بہت مفید

غدی اعصابی مسہل

ھوالشافی :- زنجبیل ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔ ریوند عصارہ ۵ تولے۔
ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ
افعال و اثرات :- غدی اعصابی ہے۔ غدد و جگر کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے اس لئے ہر قسم کے اندرونی و بیرونی ورموں کو چند دن میں اتار دیتا ہے۔ یرقان۔ استسقاء ہر قسم۔ بواسیر کثرت طمث۔ پتھریاں۔ ورم رحم اور صفراء کا بے ضرر مسہل ہے۔ عضلاتی ریاحی دردوں کے لئے بہترین دوا ہے۔

دافع قبض سوداوی ہے

غدی اعصابی مقوی لبوب

ھوالشافی :- مغز چلغوزہ۔ پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ گوند مقشر۔ مغز خربوزہ

ہیں کمال یہ ہے کہ استقرار حمل کی عادی مریضہ کو حمل ضائع ہی نہیں ہوتا اور شرطیہ لڑکا پیدا ہوتا ہے

سفوف معین حمل المعروف سفوف شرما

ھوالشافی: کتیرا بادی سفید گل والی تولہ، زیرہ سیاہ اصل ا تولہ، ڈاڑھی بیل ا تولہ۔
ترکیب تیاری :- سب کو باریک پیس لیں بس تیار ہے۔
مقدار خوراک :- تین ماشہ دن میں تین بار ہمراہ دودھ گائے جس نے بچھڑا جنا ہو۔
افعال و اثرات ہیں عضلاتی اعصابی ہے۔ اعلیٰ درجے کا معین حمل ہے۔ اس کے استعمال سے کبھی ناکامی نہیں ہوتی بعد از فراغت حیض صرف تین دن کھلانے سے حمل ہو جاتا ہے۔ مجرب ترینہ ہوتا ہے۔ اگر اس کا استعمال ایک ہفتہ تک کرایا جائے تو ہمیشہ کے لئے سو بدل جاتی ہے۔ اور ہمیشہ کے لئے لڑکے ہی پیدا ہوتے ہیں اگر حمل کے ڈیڑھ ماہ بعد چند دن تک کھلایا جائے تو عمر بھر کے لئے سو تبدیل ہو جاتی ہے۔

نوٹ :- اگر معین حمل کے لئے استعمال کرنا مقصود ہو تو بعد از فراغت حیض کھلائیں اگر اولاد نرینہ کے لئے استعمال کرنا ہو تو حمل کے دو ماہ بعد تیسرے مہینے کے پہلے ہفتے میں دیں۔

سو بدلنے کے لئے

ھوالشافی:- تخم بھنگ سفوف شدہ ایک ماشہ صبح ہمراہ پانی اور تخم شونگی چار عدد بوقت شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ یہ دوائیں حمل کے دو ماہ بعد شروع کریں اور تیسرا مہینہ سالم کھلاتے رہیں تو انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔

جناب ڈاکٹر ہنس راج شرما صاحب فرماتے ہیں کہ میرے اس نسخہ نے تمام ہندوستان میں شہرت حاصل کر لی ہے میں نے اس سے بہت روپیہ کمایا ہے۔ کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔ اس نسخہ سے لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ بلکہ ہمیشہ کے لئے سو تبدیل ہو جاتی ہے۔

افعال واثرات یہ اعصابی عضلاتی ہے۔ بے حد مقوی دماغ ہے۔ صفراوی امراض میں بھروسہ کی دوا ہے۔ سر چکرانا دل دھڑکنا۔ ہائی بلڈ پریشر اور جریان خون کو فوراً روک دیتا ہے۔

عسر ولادت

هوالشافی۔ برگ بانس ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہ جائے۔ تو اتار کر مل چھان کر ۳ ماشہ سہاگہ بریاں کے ساتھ پلا دیں۔ بچہ فوراً پیدا ہو جاتا ہے جب ولادت کے وقت بچہ کی پیدائش میں رکاوٹ ہو تو اس نسخہ کے دینے سے بیس پچیس منٹ میں بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ لیکن کبھی کبھار تین خوراک دینی پڑتی ہیں۔

قارئین قانون مفرد اعضاء کے لئے ضروری

اطلاع

قانون مفرد اعضاء کے تحت لکھی جانے والی حکیم محمد لیسین دنیا پوری کی تمام تصانیف خریدتے وقت اس بات کا یقین کر لیں کہ یہ کتاب واقعی ادارہ لیسین طبی کتب خانہ دنیا پور کی شائع کردہ ہے۔ کیونکہ ہم نے اپنی تمام کتب میں سے کسی کتاب کے حقوق اشاعت کسی ادارے یا فرد کو فروخت نہیں کئے اور نہ ہی رائیلٹی پر کسی ایڈیشن کی اشاعت کی اجازت دی ہے

اگر ہماری کتب میں سے کوئی کتاب کسی دوسرے ادارے کی شائع کردہ ملتی ہیں تو وہ بالکل **جعلی** کتاب ہے۔

خریدار اس کا خود ذمہ دار ہے۔ کیونکہ اس میں صفحات کم کاغذ ہلکا اور طباعت غیر معیاری ہوگی۔

لہذا

قانون مفرد اعضاء کے تحت ہمیشہ لیسین طبی کتب خانہ کی شائع کردہ کتب خریدیں۔

منیجر: لیسین طبی کتب خانہ دنیاپور ضلع لودھراں فون نمبر ۰۶۵۱۸-۴۴۴۳